روحانی وجسمانی امراض نفسیاتی ،ذہنی ،کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینہ روحانیات میں
JUNE 2017
ماہنامہ
خزینہ روحانیات
لاہور
جلد نمبر 8
شمارہ نمبر 2
Rs.50
رمضان کریم
تسخیر ہمزاد، جنات سے ملاقات
حاضرات اسماء النبی ﷺ
تقبل اللہ مناو منکم صالح الاعمال
جلد شادی ہونے کا خاص عمل
علی ابن ابی طالب
علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ
یوم وصال
۲۱ رمضان المبارک
۴۰ ہجری
یوم ولادت
۱۳ رجب المرجب
۲۲ عام الفیل
خلیفہ چہارم حضرت علی کرم اللہ وجہہ
افطاری لیموں کی سکنجبین سے کیجئے
سحری میں دہی کھا کر سارا دن فریش رہیئے
ہمزاد قابو کرنے کی خواہش
رمضان المبارک کے دو خاص الخاص اعمال
اپنے بزرگوں کی قدر کیجئے
ہزاروں فوائد کا حامل تعویذ ہزاروں رات سے بہتر رات میں بنوائیے

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے 12 انمول خاص نمبرز

جنات نمبر (فوٹوسٹیٹ)

قیمت: 100 روپے

جادو ٹونہ نمبر

قیمت: 70 روپے

کشائش رزق نمبر (فوٹوسٹیٹ)

قیمت: 150 روپے

شفائے جسمانی امراض نمبر (فوٹوسٹیٹ)

April - 2013
خزینۂ روحانیات
شفائے جسمانی امراض نمبر

قیمت: 150 روپے

حُب و تسخیر نمبر

قیمت: 100 روپے

حل المشکلات نمبر

قیمت: 100 روپے

نکاح نمبر

قیمت: 80 روپے

حفاظت نمبر

April-2015
خزینۂ روحانیات
حفاظت نمبر

قیمت: 80 روپے

بندش نمبر

قیمت: 80 روپے

اسماء الحسنیٰ نمبر

April 2016
خزینۂ روحانیات
Rs.80

قیمت: 80 روپے

نظر بد نمبر

October'16
خزینۂ روحانیات
Rs.80
نظر بد نمبر

قیمت: 80 روپے

قرآنی وظائف نمبر

قیمت: 80 روپے

شعبہ نشرو اشاعت
دارالعمل چشتیہ
لاہور، پاکستان
Ph: 042-35410586
Cell: 0322-4773786
Web: darulamal.org/magazines/ruhani
E-mail: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

جلد 8 رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ جون 2017ء شمارہ 2

مدیر اعلیٰ: خالد مقبول عارف حفظہ اللہ
مدیر: مولانا حافظ علی آفاق صاحب
معاون مدیر: مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

سرکولیشن، اشتہارات و شکایات 0322-4773786

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

بیرون ملک +92-322-7772772

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat
Facebook: facebook.com/khazina.ruhaniyaat
Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat
Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

قیمت 50 روپے — سالانہ ممبر شپ عام ڈاک 650 روپے — سالانہ ممبر شپ رجسٹرڈ ڈاک 1000 روپے

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1. **منی آرڈر:** 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2. **شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی:** Jazz Cash (موبی لنک)۔ ایزی پیسہ (ٹیلی نار)۔ ٹائم پے (زونگ)۔ اومنی (یوبی ایل)۔ موبائل پیسہ (وارد)۔ HBL ایکسپریس کے ذریعہ 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں اور 0307-5525103 پر کوڈ sms کریں۔

3. **موبائل اکاؤنٹس:** درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کرواسکتے ہیں۔
ٹیلی نار 03437772772 ..... یوبی ایل اومنی 03437772772
Jazz Cash 03028401977 ..... یوپیسہ 33343082867

4. **بینک ڈپازٹ:** میزان بینک میں بنام خالد مقبول رقم جمع کروائیں۔
برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0100377637

نوٹ: رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد بذریعہ SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ تمام مالی معاملات میں صرف یہ موبائل نمبر استعمال کریں: 0322-4773786

ادائیگی کی تفصیلات کیلئے: darulamal.org/payment

خالد مقبول صاحب پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

رمضان المبارک سنہ ۱۴۳۸ھ

حمد باری تعالیٰ

کس سے مانگیں، کہاں جائیں، کس سے کہیں اور دنیا میں حاجت روا کون ہے
سب کا داتا ہے تو، سب کو دیتا ہے تو، تیرے بندوں کا تیرے سوا کون ہے

کون مقبول ہے، کون مردود ہے، بے خبر! کیا خبر تجھ کو کیا کون ہے
جب تُلیں گے عمل سب کے میزان پر، تب کھلے گا کہ کھوٹا کھرا کون ہے

کون سنتا ہے فریاد مظلوم کی، کس کے ہاتھوں میں کنجی ہے مقسوم کی
رزق پر کس کے پلتے ہیں شاہ وگدا، مسند آرائے بزمِ عطا کون ہے

اولیاء تیرے محتاج اے ربّ کل، تیرے بندے ہیں سب انبیاء ورُسُل
ان کی عزت کا باعث ہے نسبت تری، ان کی پہچان تیرے سوا کون ہے

میرا مالک مری سن رہا ہے فغاں، جانتا ہے وہ خاموشیوں کی زباں
اب مری راہ میں کوئی حائل نہ ہو، نامہ بر کیا بلا ہے، صبا کون ہے

ابتدا بھی وہی، انتہا بھی وہی، ناخدا بھی وہی، ہے خدا بھی وہی
جو ہے سارے جہانوں میں جلوہ نما، اس اَحَد کے سوا دوسرا کون ہے

وہ حقائق ہوں اشیاء کے یا خشک وتر، فہم وادراک کی زد میں ہیں سب، مگر
ماسوا ایک اس ذاتِ بے رنگ کے، فہم وادراک سے ماورئ کون ہے

انبیاءؑ، اولیاءؒ، اہلبیت نبیؐ، تابعینؒ و صحابہؓ پہ جب آ بنی
گر کے سجدے میں سب نے یہی عرض کی، تو نہیں ہے تو مشکل کشا کون ہے

اہل فکر ونظر جانتے ہیں تجھے، کچھ نہ ہونے پہ بھی مانتے ہیں تجھے
اے نصیرؔ اس کو تو فضلِ باری سمجھ، ورنہ تیری طرف دیکھتا کون ہے

(کلام پیر نصیر الدین نصیر رحمہ اللہ)

لب پہ نام ان کا بار بار آئے
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

لب پہ نام ان کا بار بار آئے
پھول دل میں کھلیں بہار آئے

ذکرِ محبوبِ حق کرو جلدی
مضطرب دل کو کچھ قرار آئے

غازۂ حسنِ خاکِ پا ان کی
منہ پہ مل لیجئے نکھار آئے

ان کی شفقت کا معجزہ دیکھو
ہنس پڑے وہ جو سوگوار آئے

بارشِ مغفرت ہوئی ان پر
جو حضوری میں شرمسار آئے

ان کے دل بھر گئے مسرّت سے
جو بھی مغموم و اشکبار آئے

اے خدا حشر میں ریاضؔ حزیں
دردِ الفت سے بے قرار آئے

(علامہ سید ریاض الدین سہروردی)

محترم قارئین کرام! رمضان المبارک کا مقدس مہینہ شروع ہو چکا ہے۔ رجب اور شعبان کا مہینہ رمضان کی تیاری کیلئے عطاء ہوئے۔ حضور سرکار دو عالم ﷺ نے رمضان کے پانے اور اس میں نیک عمل کی دعا کی ہے۔ امت کو تعلیم دی ہے کہ رمضان کو ایسا گزارو کہ راتوں کو جاگو، دنوں میں روزہ رکھو، تحمل ،صبر، محبت، رواداری، خیرات، صدقات اور سخاوت اس درجے کی کرو کہ جس طرح زبردست اور تیز ہوا چلتی ہے۔ یہ سارے کام آپ ﷺ نے خود عملاً کر کے دکھائے تا کہ امت کو کرنے میں اور سیکھنے میں آسانی رہے۔ غیبت سے خود بچے اور امت کو بتایا کہ غیبت ایسا عمل ہے کہ اس سے روزہ کی عملی روح فوت ہو جاتی ہے۔ روزہ کے مقاصد تقویٰ خشوع، خضوع اور تعلق مع اللہ کمزور ہو جاتا ہے۔ راتوں کو خود جاگے، اہل بیت، ازواج مطہرات کو جگایا، شب بیداری کی عملی تعلیم دی کہ ایسی رات اور رمضان کے دنوں کی طرح دن گزارنے سے اللہ تعالیٰ سال بھر کے شب و روز رمضان کی مانند گزارنے کی توفیق عطا فرما دیں گے۔ اچھے اخلاق، کردار کی بلندی، حقوق اللہ اور حقوق العباد کی کامل ادائیگی، قرآن پاک کی تلاوت، ذکر، نوافل کی ادائیگی، دعا کا خصوصی اہتمام، عشروں کی نبوی ﷺ تقسیم کے اعتبار سے رحمت، مغفرت، جہنم سے خلاصی اور آزادی کا پروانہ لینے کا بہترین اور نادر موقع ہے۔ درود شریف کی کثرت، اس رمضان کو اپنی بخشش کا ذریعہ بنانا اور والدین کی خدمت کے ذریعے اگر دنیا سے پردہ کر گئے ہوں تو ایصال ثواب، دعا اور کار خیر میں زیادہ سے زیادہ حصہ ڈال کر ان کی خوشنودی، رضا اور محبت حاصل کر کے جنت کمانے کا زبردست موقع ہے۔ اگر کچھ خیرات نہ کر سکتا ہو تو والدین کے دوست احباب سے خوش خلقی اور محبت سے پیش آنا بھی ہماری بخشش اور مغفرت کا ذریعہ بن جائے گا۔

یہ باتیں تو ہو گئیں رمضان کی تیاری اور رمضان کو گزارنے کی نسبت سے۔ اب کچھ باتیں روحانی قوت، طاقت اور فیض روحانی کے حصول کے لئے رمضان کو قیمتی بنانے کے اعتبار سے کر لیتے ہیں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ روحانی اسباق کا حصول اور ان کی ریاضت کرنا تا کہ جو فرد اور طالبعلم جس درجے پر فائز ہے، وہ ترقی کرے اور آگے بڑھے، مرشد اور سید العالمین حضرت خالد مقبول صاحب دامت برکاتہم سے فیض حاصل کرے اور دکھی انسانیت کی خدمت کرے۔ اس حوالے سے ادارے کا طے شدہ نصاب موجود ہے۔ اس کی بنیادی اور ضروری باتیں ناظم روحانی درسگاہ جناب مولانا سلیم اللہ صاحب سے معلوم کی جاسکتی ہے۔ بروقت رابطہ اور اسباق کا حصول ذہنی اطمینان اور عمل میں آسانی کا باعث ہے۔ دوسری بات جو اہم ہے روحانی اعتبار سے وہ یہ کہ روحانی علوم اور فیض کے حصول میں ''انا'' بڑی رکاوٹ ہے۔ میں نے ایسا کیا، میں یہ کر لیتا ہوں۔ میں اتنی روحانی قوت اور طاقت کا حامل ہوں۔ مجھ پر میرا مرشد اتنا اعتبار کرتا ہے۔ یہ ساری انا اور تکبر کی باتیں ہیں اور امتحان ہے۔ اس میں فیل اور ناکام ہونے والا کبھی فلاح نہیں پا سکتا۔ ایک واقعہ پر بات مکمل کرتا ہوں۔ ایک بزرگ صاحبِ نسبت تھے، ان سے بہت سارے لوگ بیعت کی درخواست کرتے اور وہ انکار کرتے، پھر ایک شرط رکھتے کہ جو مجھ سے باز و چھڑوائے گا، اس کو بیعت کر لوں گا۔ جس کی بازو پکڑ لیتے، وہ چھڑوا لیتا اور بالآخر بزرگ کے فیض اور عطاء سے محروم رہ جاتا۔ ایک دن ایک نوجوان حاضر ہوا اور بیعت کیلئے ضد کی، اس کے سامنے شرط رکھی، اس نے منظور کر لی۔ اب بازو پکڑ لیا تو اس نوجوان نے کہا ''باباجی! اب بازو پکڑ لیا ہے، مضبوط پکڑ لو، میں نے چھڑوا لینا ہے، اور مضبوط، اور مضبوط''۔ پھر عرض کیا کہ ''اب پکڑ لیا ہے تو باباجی، چھوڑنا نہیں''۔

اگر خود کبھی مرشد بھی کہے کہ فلاں بندہ اور مرشد استاد کامل ہے، اکمل ہے تو بھی کہیں نہیں جانا۔ یہ بھی امتحان ہے کہ اس کو اپنے مرشد پر کتنا اعتماد اور محبت ہے۔ لہٰذا میری یہ آخری نصیحت پلے باندھ لیں اور دعا کریں کہ اللہ مجھ کو بھی عمل کی توفیق عطاء فرمائیں۔ آمین

حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

ابوتراب خلیفہ چہارم شیر خدا

سیدنا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

نام و نسب

اسمِ گرامی: والد نے آپ کا نام علی اور والدہ ماجدہ نے حیدر رکھا۔

کنیت: ابوالحسن اور ابوتراب ہے۔

القاب: امیر المؤمنین، امام المتقین، صاحب اللواء، اسد اللہ (شیرِ خدا)، کرار اور مرتضیٰ مشہور القاب ہیں۔

والد کی طرف سے سلسلہ نسب: علی بن ابی طالب بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبدِ مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ۔

والدہ کی طرف سے سلسلہ نسب: فاطمہ بنت اسد بن ہاشم بن عبد المطلب الیٰ آخرہ۔

تاریخِ ولادت: آپ 13 رجب المرجب، بروز جمعۃ المبارک، عام الفیل کے 30 سال بعد، بمطابق 17 مارچ 599ء بمقام بیت اللہ، مکۃ المکرمہ میں پیدا ہوئے۔

شیر خدا کی سب سے پہلی غذا: آپؓ کی والدہ ماجدہ سیدہ فاطمہ بنتِ اسد رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں "جب میرے لختِ جگر علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے تو رسولِ اکرم ﷺ نے آپ کے منہ میں لعابِ دہن ڈالا اور اپنی ماینطق عن الھویٰ والی زبان چوسنے کے لئے دی۔ آپ حضور ﷺ کی زبان چوستے ہوئے نیند کی آغوش میں چلے گئے اور جب تک اللہ تعالیٰ نے چاہا آپ رسولِ اکرم ﷺ کی زبانِ اقدس کو چوستے رہے اور غذا حاصل کرتے رہے۔ (السیرۃ الحلبیہ، ج1، ص282)

فضائل و مناقب

امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ جتنی احادیث حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی فضیلت میں وارد ہوئی ہیں، کسی اور صحابی کی فضیلت میں وارد نہیں ہوئی ہیں۔ (تاریخ الخلفاء، ص:364)

آپ رضی اللہ عنہ رسولِ اکرم ﷺ کے چچازاد بھائی ہیں۔ بچپن سے ہی رحمتِ عالم ﷺ کے زیرِ تربیت رہے۔ اس بات پر اجماع ہے کہ بچوں میں سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والے آپؓ ہی ہیں۔ اسلام قبول کرنے کے بعد حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ دعوتِ اسلام کے ہر مرحلے اور آزمائش میں حضور ﷺ کے ساتھ رہے۔ 2ھ میں مدینہ منورہ آنے کے بعد حضور ﷺ نے انھیں اپنی دامادی کا شرف بخشا۔ ہجرتِ مدینہ کے بعد غزوات کا سلسلہ شروع ہوا تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تمام غزوات (بدر، اُحد، خندق، بنی قریظہ اور حنین، خیبر وغیرہ) میں کارہائے نمایاں سر انجام دیے۔ علاوہ ازیں متعدد سرایا میں آپؓ کو کمانڈر بنا کر بھیجا گیا، جنھیں آپؓ نے کامیابی کے ساتھ انجام کو پہنچایا۔ حضور ﷺ کے وصال کے بعد ان کے غسل اور تجہیز و تکفین کی سعادت میں بھی آپؓ شریک تھے۔ غرض آغازِ بعثت سے لے کر زندگی کے آخری لمحات تک آپؓ حضور نبی اکرم ﷺ کے دست و بازو بنے رہے۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دورِ خلافت میں آپؓ مجلسِ شوریٰ کے رکن تھے۔ حضرات شیخین کو آپؓ کے مفید مشوروں پر بڑا اعتماد تھا۔ اسی طرح حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بھی آپؓ آخر تک حمایت کرتے رہے۔ زبانِ نبوت سے آپؓ کو "انا مدینة العلم وعلی بابھا" کی سند ملی تھی۔ آپؓ فرمایا کرتے تھے کہ قرآن مجید میں کوئی آیت

ایسی نہیں ہے جس کے متعلق میں یہ نہ جانتا ہوں کہ وہ کس بارے میں اور کہاں اور کس کے متعلق نازل ہوئی۔ فقہ میں آپ ؓ کی ذاتِ گرامی صحابہ کرام کا مرجع تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ خود مجتہد اور فقیہ تھے لیکن آپ ؓ سے بھی استفادہ کرتے تھے۔ حتیٰ کہ امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اختلاف کے باوجود اکثر مواقع پر آپ ؓ کی طرف رجوع کرنا پڑتا تھا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ جن کے فتاویٰ اور مروی اسناد پر فقہ حنفی کی بنیاد ہے، آپ ؓ کے فیض یافتہ تھے۔ تصوف کا سرچشمہ بھی آپ ؓ ہی کی ذاتِ گرامی ہے۔ صوفیاء کے تمام بڑے سلاسل حضرت خواجہ حسن بصری رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے آپ ؓ تک پہنچتے ہیں۔ آپ ؓ شاعری کا بھی نہایت اعلیٰ اور پاکیزہ مذاق رکھتے تھے۔ علم نحو کی بنیاد بھی آپ ؓ ہی نے رکھی۔ سب سے پہلے ابوالاسود دؤلی کو نحو کے اصول سکھائے تھے۔ جس نے بعد میں ان اصولوں کی روشنی میں نحو کے قواعد مرتب کیے۔ آپ ؓ کی زندگی ہی میں آپ ؓ سے بغض رکھنے والے اور آپ ؓ کی تعریف میں غلو کرنے والے لوگ موجود تھے۔ مشہور صحابی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ میں منافقوں کو بغض علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پہچان لیتا ہوں۔ (ترمذی)

علم کے ساتھ عمل کا یہ حال تھا کہ حضرت زبیر بن سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ بنی ہاشم میں آپ ؓ سے بڑھ کے کوئی عبادت گزار نہ تھا۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی تھیں کہ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قائم اللیل اور صائم النہار تھے۔

مختصر سیرت مرتضوی ؓ

ایک مرتبہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ضرار رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ ''حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں کچھ بیان کریں''۔ اس کے جواب میں انہوں نے جو تقریر کی وہ سیرتِ مرتضوی پر ایک جامع تبصرہ ہے۔ انھوں نے فرمایا ''حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بلند حوصلہ اور نہایت قوی تھے۔ فیصلہ کن بات کہتے تھے، عادلانہ فیصلہ کرتے تھے۔ ان کے ہر سمت سے علم پھوٹتا اور حکمت ٹپکتی تھی۔ دنیا اور اس کی دلفریبیوں سے وحشت کرتے تھے۔ رات کی تاریکی و وحشت سے محبت کرتے تھے۔ عبرت پذیر اور بہت غور وفکر کرنے والے تھے۔ معمولی لباس اور جو کا کھانا پسند کرتے تھے۔ ہم میں ہم ہی لوگوں کی طرح رہتے تھے۔ دینداروں کی تعظیم کرتے تھے۔ غریبوں کو مقرب بناتے تھے۔ ان کے سامنے طاقتور باطل میں طمع نہیں کرسکتا تھا اور کمزور انصاف سے مایوس نہیں ہوتا تھا۔ بعض مواقع پر میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ رات گزر رہی ہے، ستارے جھلملا رہے ہیں اور وہ اپنی داڑھی مٹھی میں دبائے ایک بے قرار اور غم رسیدہ انسان کی طرح اشکبار کہہ رہے ہیں ''اے دنیا! کسی اور کو فریب دے، تو مجھ سے لگاوٹ کر رہی ہے، میری مشتاق ہے۔ افسوس، افسوس میں نے تجھے تین طلاقیں دیں۔ تیری عمر تھوڑی اور تیرا مقصد حقیر ہے۔ ہائے ہائے، سفر طویل، راستہ وحشت ناک اور زادِ سفر تھوڑا ہے''۔ دورانِ تقریر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آنکھوں سے آنسو بارش کے قطروں کی طرح ٹپک رہے تھے اور فرمارہے تھے کہ ''حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس بھی بڑھ کر شان کے مالک ہیں'' اور پھر ان کو انعامات سے نوازا۔ صحابہ کرام (رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین) کی آپس میں جو محبت تھی، مذکورہ واقعہ سے اس کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

(عیون الحکایات، ص:25)

مولا علی ؓ کا پیغام محبین کے نام

امیر المؤمنین سیدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب سے بہتر وافضل ابوبکر اور عمر ہیں''۔ پھر فرمایا! ''لا یجتمع حبی وبغض ابی بکر وعمر فی قلب مؤمن'' یعنی میری محبت اور (شیخین کریمین) ابوبکر وعمر کا بغض کسی مؤمن کے دل میں جمع نہیں ہوسکتا''۔ (المعجم الاوسط للطبرانی، ج۳، حدیث:۳۹۲۰)

وصال

آپ 4 سال 8 ماہ نو دن تک مسندِ خلافت پر رونق افروز رہے۔ 17 یا 19 رمضان المبارک کو ایک، بدبخت کے قاتلانہ حملے سے شدید زخمی ہوگئے۔ بروز اتوار 21 رمضان، 40ھ، بمطابق 27 جنوری، 661ء کی رات جامِ شہادت نوش فرماگئے۔ (تاریخ الخلفاء، ص:۱۳۲)

بیعت

صوفی غلام سرور شباب قادری مدظلہ (حویلی لکھا)

بیعت فرمانبرداری کا معاہدہ ہے۔ بیعت اس کا نام ہے کہ کسی کے ہاتھ پر قول وقرار کرنا اور اپنے سابقہ گناہوں سے توبہ کرنا اور آئندہ گناہ نہ کرنے کا عہد کرنا۔ اور اس شخص کے کہنے پر عمل کرنا جس کے ہاتھ پر یہ قول وقرار کیا ہے۔ جو شخص اس قسم کا قول وقرار کرتا ہے وہ مرید کہلاتا ہے۔ جس کے ہاتھ پر قول وقرار کرتے ہیں اس کو پیرومرشد کہتے ہیں۔

اطاعت کا عہد، مرید بننا، بیعت کی اصطلاح بیع سے نکلی ہے جس کے لغوی معنی بیچ دینا کے ہیں۔ اصطلاح میں بیعت سے مراد کسی پیغمبر، ولی، یا صاحب نسبت بزرگ کے ہاتھ میں ہاتھ دے کر اپنے گناہوں سے تائب ہونا، صراطِ مستقیم پر چلنا اور اس بزرگ کی اطاعت کا اقرار کرنا۔ یہ ایک ایسا عمل بھی ہے جسے انجام دے کر کوئی شخص یا جماعت کسی دوسرے شخص کے اقتدار کو تسلیم کرلے۔ بیعت کی اصل یہ ہے کہ آنحضورﷺ ہر اس شخص سے جو داخل اسلام ہوتا بیعت لیا کرتے اور اس سے برے اعمال کے ترک کرنے اور اچھے کام کرنے کا عہد لیتے تھے۔ طریقہ بیعت اپنی ظاہری صورت کے ساتھ ایک معنویت بھی رکھتا ہے۔ جسے تصوف کی زبان میں رابطہ یا نسبت کہتے ہیں۔ خلفائے راشدین کے دور تک مسلمان خلیفہ وقت کی بیعت کیا کرتے تھے۔ لیکن جب خلافت کی جگہ ملوکیت نے لے لی، تو بزرگوں نے لوگوں سے احکام خداوندی کی تعمیل کے لیے بیعت لینا شروع کردی۔ بیعت لینے کا سلسلہ آج بھی صوفیاء میں جاری ہے۔

بیعت کی اقسام

بیعت کی چند اقسام ہیں۔ بیعت اسلام، بیعت جہاد، بیعت طلب اسرار، بیعت توبہ۔

بیعت اسلام: بیعت اسلام وہ ہے جو اسلام قبول کرتے وقت لی جاتی ہے۔

بیعت جہاد: وہ ہے کہ جو نبی کریمﷺ صحابہ کرام سے وقتِ عزمِ جہاد اور مسلمانوں سے لیتے تھے۔

بیعت طلب اسرار: وہ ہے جو طالبِ مولیٰ سے لی جاتی ہے۔

بیعت اسلام فرض ہے بیعت جہاد سنت ہے۔ بیعت طلب اسرار واجب اور بیعت توبہ مستحب ہے بیعت طلب اسرار کی نسبت اختلاف ہے بعض اس کو مستحب، بعض واجب، بعض فرض کہتے ہیں۔ مگر بیعت کے سنت موکدہ ہونے میں شک نہیں اور حضرت مولانا شاہ ولی اللہؒ نے قول الجمیل میں اچھی تصریح فرمائی ہے۔

بیعتِ رضوان

6 ہجری میں رحمۃ اللعالمینﷺ صحابہ کے ساتھ مدینہ منورہ سے عمرہ ادا کرنے کے لیے مکہ مکرمہ روانہ ہوئے۔ دو منزل پہلے ہی حدیبیہ کے مقام پر کفار نے اُن کا راستہ روک لیا۔ صلح کی گفت وشنید کے لیے حضرت عثمانؓ سفیر بن کر گئے کہ اُن کی شہادت کی افواہ اڑ گئی۔ اس موقع پر صحابہ کرام نے حضرت عثمانؓ کے انتقام کے لیے حضورﷺ کے دستِ مبارک پر بیعت کی جسے ''بیعت رضوان'' کہا گیا۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے کہ اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ يَدُاللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا۔

ترجمہ ''یقینا جو لوگ بیعت کررہے تھے تمہاری، درحقیقت وہ بیعت کررہے تھے اللہ کی، اللہ کا ہاتھ تھا ان کے ہاتھوں کے اوپر۔ اب جو شخص عہد شکنی کرے گا تو بہرحال اس کی عہد شکنی کا وبال اسی کی ذات پر ہوگا اور جو پورا کرے گا اس بات کو، عہد کیا ہے اس نے جس پر اللہ سے تو ضرور عطا فرمائے اسے اللہ بڑا اجر''۔ (سورۃ الفتح آیت نمبر 10)

بیعت کیوں ضروری ہے؟

انسان کو بیعت ضرور کرنا چاہئے۔ اس کی بے شمار برکتوں سے محروم نہیں رہنا چاہئے۔ بیعت کے بارے میں حدیث شریف ہے۔

''یعنی جو شخص مرگیا اور اس کی گردن میں بیعت نہیں ہے تو وہ مرگیا جاہلیت کی موت اور جس نے اپنے ہاتھ اللہ کی اطاعت میں اٹھائے وہ روزِ قیامت اللہ

سے ملے گا اور اس کے واسطے کوئی حجت نہیں ہوگی"

بس اس راہ میں پیر و مرشد کی دستگیری لازم ہے۔ پیر و مرشد کی تلاش کرو، اس کے بغیر محرومی کا سامنا ہے۔

قرآنِ پاک میں ارشاد ہے کہ "وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا"۔

ترجمہ "جو شخص اِس جہان میں اندھا ہے وہ عاقبت میں بھی اندھا رہے گا بلکہ زیادہ گمراہ (اندھے سے بھی)"۔ (سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر 72)

عجیب بات یہ ہے کہ فقراء شریعت کا علم علماء سے حاصل کرتے ہیں اور علومِ باطنی کے لیے علماء کو فقراء کی غلامی اختیار کرنا پڑتی ہے۔ بیعت سنتِ رسول اللہ ﷺ ہے۔ پیر و مرشد کی صحبت سے دنیا کی محبت جاتی رہتی ہے۔ سارا فتنہ اِسی محبت دنیا کا برپا کیا ہوا ہوتا ہے۔ حضور اکرم حضرت محمد ﷺ کی سیرت کا مطالعہ رکھیں۔ اُدھر پیر و مرشد کا سایہ، اُس کی برکات، آپ بیعت کرتے ہی امن کے قلعے میں آجاتے ہیں۔ وسیلہ بڑی چیز ہے۔

کتابیں پڑھتے پڑھتے نگاہ کمزور کیوں نہ ہوجائے اور مجاہدہ کرتے کرتے پیٹھ کبڑی ہی کیوں نہ ہوجائے۔ نفس کمینہ نہیں مرتا۔ یہ کسی مردِ کامل سے بیعت کرنے کے بعد ہی اَدھ موا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآنِ کریم میں ارشاد فرماتا ہے۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۔

(سورہ المائدہ آیت نمبر 35)

"اے ایمان والو! ڈرو اللہ سے اور ڈھونڈو اُس طرف وسیلہ اور کوشش و محنت کرو اُس کی راہ میں تاکہ فلاح کو پہنچو"۔

"اتَّقُوْا" میں جملہ اوامر و نواہی شامل ہیں۔ "وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ" سے بیعتِ پیر و مرشد مراد ہے اور "جَاهِدُوْا" سے ریاضت و مجاہدہ نفس اور "سَبِيْلِهٖ" سے مراد راہِ معرفتِ الٰہی ہے یعنی پیرِ کامل سے بیعت کرے۔ اس کے ارشاد کے مطابق حصولِ معرفت کے لیے ریاضت و مجاہدہ میں مشغول رہے تاکہ دیدارِ الٰہی سے مشرف ہو۔

گناہوں سے بچنے کے لیے سب سے زیادہ مجرب طریقہ ذکر اللہ ہے۔ ذکر کی جہاں اتنی فضلیت بیان کی گئی ہے وہاں اہلِ ظاہر سے تو ذکرِ لسانی کا سبق لے سکے گا۔ باقی بے شمار ذکر ہیں جیسے کہ ذکرِ قلبی، ذکرِ روحی، ذکرِ سری اور ذکرِ خفی وغیرہ اور یہ ذکرِ لسانی سے ذکرِ قلبی ہزار درجہ افضل ہے اور ذکرِ قلبی سے ذکرِ رُوحی ہزار درجہ افضل ہے اور ذکرِ رُوحی سے ذکرِ سری ہزار درجہ افضل ہے اور ذکرِ سرّی سے ذکرِ خفی ہزار درجہ افضل ہے۔ یہ سب اور ان سے متعلق دیگر سِرّ تو پیر و مرشد سے ہی حاصل کرکے اپنے نفس کو ہلاک کرے گا اور تیرے اندر نفس ہی تو منبعِ شر ہے۔ یہی دِل کو خراب کرتا ہے اور تجھے گناہ کی ترغیب دیتا رہتا ہے۔ خوش نصیب ہے وہ مومن جو مجاہدہ نفس میں کامیاب ہوا اور اُس کے بعد نُور اس کے سینہ میں داخل ہو۔ گناہ سے بچنے کے لیے اچھی صحبت کا اختیار کرنا اپنے اوپر لازم کرلیں۔

صحبتِ صالح ترا صالح کند
صحبتِ طالع ترا طالع کند

"نیک صالح دوست کی مثال عطر فروش کی سی ہے اگر وہ تمہیں عطر نہ دے تو اُس کی خوشبو تو تجھ تک پہنچتی رہے گی۔ اِسی طرح بُرے دوست کی مثال لوہار کی سی ہے اگر اس کی روشن کردہ آگ تجھے نہ جلائے تو اُس کی گرمی تو تجھ تک پہنچے گی جو یقیناً نقصان دہ ثابت ہوگی"۔

کسی مردِ کامل کی بیعت آپ کو راہِ سلوک پر کامیابی سے چلا سکتی ہے۔ اُس کے ہاتھ پر توبہ آپ کے ظاہر و باطن کو کندن بنادے گی۔ پیر و مرشد باطنی توجہ سے مرید کے باطن کے سب جھاڑ جھنکاڑ صاف کردیتا ہے۔ اور پھر کچھ عرصہ تک اُس کی مزید صفائی کرتا رہتا ہے اور جب اُس کا قلب ذکر کے لائق ہوجاتا ہے تو وہ ایک ہی نگاہِ فیض اثر سے اور ایک ہی ضرب سے مرید کا قلب جاری کردیتا ہے۔ پھر وہ سوئے یا جاگے اُس کا قلب ہر وقت اللہ اللہ کرتا رہے گا یعنی ذکرِ دائمی شروع ہوجائے گا۔ اسی طرح اگر مرید کی نسبت اپنے پیر و مرشد سے صحیح ہے تو ایک نہ ایک دِن مرنے سے پہلے اپنی منزل پہ پہنچ جائے گا مگر دیکھا گیا ہے کہ جب ایمان کی دولت مرید کو حاصل ہونا شروع ہوجاتی ہے تو نفس اور شیطان اس کو گمراہ کرتے ہیں۔ اگر اُس کا تصورِ شیخ (پیر و مرشد) یا تصورِ ذات صحیح نہیں ہے تو گمراہ ہوجاتا ہے اور گمراہ کس طرح؟ وہ اِس طرح کہ شیطان اور نفس اُس کو اُس کے مرشد سے بدگمان کردیتے ہیں۔

ماہ رمضان المبارک میں روحانی کتب پر 45% سے 55% زبردست خصوصی ڈسکاؤنٹ

نام کتاب	مصنف	عام قیمت	رعایتی قیمت
حاجت روا مشکل کشا	محمد الیاس عادل	250	150
مشکل کشا اعجاز قرآنی حل المشکلات	محمد الیاس عادل	180	108
تحفۃ العاملین (طلسمات نادرہ)	سید تفضل حسین	350	210
تعبیر خواب نامہ اور جدید سائنس	نذیر انبالوی	300	180
مفتاح العملیات	محمد الیاس عادل	300	180
مجرب حل المشکلات	محمد الیاس عادل	250	150
مقدس عملیات (مکمل حصے)	حکیم نہال عباسی	225	135
روحانی عملیات وتعویذات عظیمی	صوفی محمد اسلم نقشبندی	250	150
جن اور شیاطین	شیخ عمر سلیمان اشقر	160	96
حرز سلیمانی	خواجہ اشرف علی	170	102
سراج العملیات	کریم بخش جلالی	250	150
اسلامی وظائف	مولانا عبدالسلام بستوی	250	150
معارف الاسماء شرح اسماء الحسنیٰ	قاضی محمد سلمان منصور پوری	160	96
جنات، جادو اور ہمزاد	ابوالکاشف کشفی قلندری	350	210
500 سوال وجواب برائے جادو جنات	ڈاکٹر رضا عبداللہ	550	275
اصلی بیاض محمدی	شیخ محمد محدث تھانوی	60	33
کمالات عزیزی	مولوی ظہیر الدین	90	50
احکام وخواص بسم اللہ	مفتی محمد شفیع	80	44
میرے والد ماجد اور ان کے مجرب عملیات	مفتی محمد شفیع	60	33
شفاء العلیل ترجمہ القول الجمیل	شاہ ولی اللہ دہلوی	90	50
قرآن مجید کی مدد سے آسیبی قوتوں اور جادو کا توڑ خود کیجئے	ڈاکٹر حشمت جاہ	180	90
عملیات روزگار	ڈاکٹر حشمت جاہ	75	38
فیضان دعا	سید ذیشان نظامی	350	175
قرآنی سورتوں سے جادو کا توڑ	سید ذیشان نظامی	360	180
اللہ الطیب	ڈاکٹر خالد غزنوی		100
اسماء الحسنیٰ سے مشکلات کا حل	محمد اطہر	480	240
اللہ اللہ کرتے رہیئے	انیس اقبال بھیروی	120	60
اللہ حاجت روا	قاری گلزار احمد مدنی	350	193
اسم اعظم	خواجہ شمس الدین عظیمی	200	150
اسرار النجوم	ملک زاہد محمود اعوان	350	175
انسان اور قدرتی پتھر	صفدر شاہین	60	33
آسان مجرب عملیات	قاری صدیق احمد باندوی	200	100
اسلامی وظائف		350	175
آپ کی مشکلات کا حل قرآنی سورتوں سے	فخر الدین الغلانی	160	80
آپ کے مسائل اور ان کا روحانی علاج	عشرت گورداسپوری	200	100
آفتاب الرمل	سید دلدار حسین شاہ	120	60
تسخیر القلوب	عامل باوا رتن چند ملہوترہ	100	55
تسخیر ہمزاد	عامل باوا رتن چند ملہوترہ	100	55
جواہر العملیات ترجمہ: الجواہر اللماعہ	شیخ ابوحی اللہ المرزوقی	240	132
پتھروں سے علاج	سید ذیشان نظامی	600	300
پریشانیوں سے نجات	محمد اختر صادق	90	45
بیماریوں کا نبوی علاج	الشیخ ابورفع	260	143
تعویذات جہانگیری	صوفی پیر علی عباس	225	160
پامسٹری گائیڈ	محمد افضل شیخ	180	90
پریشانیوں اور مصیبتوں کے حل کے نبوی ﷺ طریقے اور جدید تحقیقات	محمد انور اختر	437	240
پتھروں کا انسائیکلوپیڈیا	انجم سلطان شہناز	600	300
تہجد کی برکتیں	شیخ محمد بن صالح الصعیری	459	253
تحفۃ المریض	شیخ صالح القحطانی	274	150
تسخیر ہمزاد المعروف پر اثر جادو	صوفی سعادت علی مراد آبادی	150	83

پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔
فون پر رابطہ کر کے تشریف لائیں۔ بروز جمعۃ المبارک مکتبہ بند رہے گا۔

اپنے بزرگوں پر اعتماد کیجئے!

مولانا محمد اسحٰق مدظلہ

اللہ تعالیٰ نے انسان کی ہدایت کیلئے حضرات انبیاء علیہم السلام کا جو مبارک سلسلہ جاری فرمایا وہ خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت پر مکمل ہوا۔ حضور ﷺ کی صحبت کا شرف پانے والے حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اگر حضور ﷺ کے براہ راست شاگرد تھے تو حضرات تابعین کیلئے استاد کا درجہ رکھتے ہیں۔ انسان نے جو کچھ اپنے بڑوں سے سیکھا ہوتا ہے وہ اپنے چھوٹوں میں منتقل کرتا ہے اور یوں تعلیم وتربیت کا سلسلہ جاری وساری رہتا ہے۔

اپنے بڑے بزرگوں پر اعتماد جس طرح دنیاوی امور میں خیر وبرکت کا ذریعہ ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ نے دین میں بھی اپنے اسلاف واکابر پر اعتماد کا درس دیا ہے جس کی خیر وبرکات کا اندازہ ہماری محدود عقل نہیں کرسکتی۔ اپنے اسلاف اور بڑوں کے بارہ میں اعتماد کی فضا ہو اور آدمی ان کو اپنے لیے محسنین کا درجہ دے اور اپنے دل میں ان کیلئے اچھے جذبات رکھے۔

شہید اسلام مولانا محمد یوسف لدھیانوی رحمہ اللہ فرمایا کرتے تھے ہزار گمراہیوں سے سے زیادہ گمراہ کن بات یہ ہے کہ آدمی اپنے اسلاف سے بیزار و مستغنی ہو جائے۔ آج کے جس پُرفتن دور سے ہم گزر رہے ہیں اس ئیں بارش کے قطروں کی طرح فتنوں کی بہتات ہے۔ ان تمام فتنوں سے بچاؤ کا جو آسان اور فطری حل ہے (جس پر امت کا چودہ سو سال سے عمل چلا آرہا ہے) وہ یہی ہے کہ آدمی اپنے بزرگوں پر اعتماد رکھے اور ہر چمکنے والی چیز کو سونا سمجھ کر اس پر ریچھ نہ جائے، نہ اس کا معتقد ہو۔ جب تک کہ اپنے بڑوں بزرگوں کی طرف سے اس کے بارہ میں مکمل مشورہ اور تسلی نہ کر لی جائے۔ کسی کی ظاہری شان وشوکت اور کروفر دیکھ کر لوگ اسے علامہ یا شیخ الاسلام سمجھ لیتے ہیں۔ حالانکہ اگر صرف معلومات کی کثرت کو معیار قرار دے دیا جائے تو شیطان سے بڑا کون ہوسکتا ہے جو کہ فرشتوں کا بھی استاد تھا۔ کتنے لوگ کسی کی شہرت دیکھ کر سمجھ لیتے ہیں کہ اس کی شہرت اس کے حق ہونے کی دلیل ہے، حالانکہ یہ معیار قطعاً درست نہیں۔

دور حاضر کے فتنوں سے بچاؤ کے لیے ایک ضروری چیز بحث ومباحثہ سے پرہیز کرنا ہے کہ آدمی اپنے اسلاف اور بزرگان دین سے وابستہ رہے اور انہی کے راستے کو لازم پکڑے اور جو کچھ بزرگوں کے ہاں دیکھا یا سنا ہے اسی پر کاربند رہے اور یہ سمجھے کہ امت چودہ سو سالہ تاریخ سے جو عمل رائج چلا آرہا ہے میری ہدایت وکامیابی کا راستہ بھی یہی ہے۔ ایک بزرگ فرمایا کرتے تھے بحث تو نری نفسانیت ہے۔ بحث میں وقت کے ضیاع کے علاوہ کوئی فائدہ نہیں جبکہ وقت سے زیادہ قیمتی چیز کوئی نہیں۔ اگر کوئی زیادہ الجھے تو اپنے بزرگوں یا علماء میں سے کسی کے ساتھ اس کا رابطہ کرا دیں اور خود ہرگز اس سے نہ الجھیں۔

روزانہ رات کو سوتے وقت یہ دعا پڑھ کر سوئیں کہ یا اللہ اس پُرفتن دور میں ہمارے اور ہمارے اہل وعیال اور تمام متعلقین کے ایمان کی حفاظت فرمائیے۔ ہمیں صراط مستقیم کے ایمان کی حفاظت فرمائیے۔ ہمیں صراط مستقیم دکھا بھی دیجئے اور ہمیں اس پر چلا بھی دیجئے اور ہمیں اپنے اسلاف واکابر کے طریقے پر ثابت قدم رکھئے اور ہمارے اسلاف کو ہماری طرف سے اجر عظیم عطا فرمائیے جن کی قربانیوں کی وجہ سے دین کی اصل روح اور دینی مزاج ہم تک منتقل ہوا ہے۔

ان شاء اللہ اس طرح کے کلمات دل سے نکلیں گے تو اللہ تعالیٰ اپنی نصرت سے تمام فتنوں سے بچاؤ اور ہدایت کا سامان کردیں گے۔ اللہ تعالیٰ توفیق عمل عطاء فرمائے آمین۔

درباری یا بھنگی ہمارا شمار کس میں ہے؟

مرسلہ: نظام الدین خان

ایک مشہور واقعہ ہے کہ کسی بادشاہ کے دربار میں ایک بھنگی کو پیش ہونے کا موقعہ ملا تو عجیب بات رونما ہوئی۔ دربار میں داخل ہوتے ہی وہ دھڑام سے فرش پر گرا اور بے ہوش ہوگیا۔ اسے ہوش میں لانے کی سرتوڑ کوشش کی گئی مگر بے سود۔ آخر ایک دانا درباری نے ایک گندگی سے آلودہ جوتا لانے کا مشورہ دیا۔ جوتا لایا گیا تو دانا نے کہا کہ "اس بھنگی کو یہ جوتا سونگھایا جائے۔" بظاہر اس بے سروپا دکھائی دینے والے حکم پر بادل نخواستہ عمل درآمد کیا گیا تو یہ دیکھ کر درباریوں کی حیرت کی انتہاء نہ رہی کہ بھنگی عالم بے ہوشی کو خیرباد کہہ کر عالم ہوش میں آ گیا۔ یعنی جو کام شاہی حکیم کی اعلیٰ جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ قیمتی دوائیں نہ کرسکیں، غلاظت سے بھرا جوتا وہ کمال دکھا گیا۔

سب لوگ دانا درباری سے پوچھنے لگے کہ "یہ کیا ماجرا ہے؟" تب اس نے جو حکمت بتائی وہ تاریخ میں سنہرے حروف سے لکھ دی گئی۔ اس نے کہا کہ "اس بھنگی کی عمر گندگی اور غلاظت کی رفاقت میں بسر ہوئی اور اب یکا یک اسے شاہی دربار کی نفیس خوشبوؤں میں دھکیل دیا گیا، جس کی اس کو عادت نہیں تھی۔ چونکہ اس کی طبیعت میں اس نفاست کو قبول کرنے کی صلاحیت ہی نہ تھی تو یہ برداشت نہ کرسکا اور اپنے حواس کھو بیٹھا۔ اور جب اس کو اس کی طبیعت کے موافق ماحول دیا گیا تو فوراً اس کو قبول کرتے ہوئے ہوش میں آ گیا"۔

اس واقعے کو پڑھنے کے بعد مجھے کئی بھٹکتے سوالوں کے تسلی بخش جواب مل گئے۔ آیئے آپ بھی سنیے اور سر دُھنیے۔ ہم ٹی وی کے سامنے بیٹھ جائیں تو بلا مبالغہ گھنٹوں کے گزر جانے کا احساس تک نہیں ہوتا جبکہ نماز شروع کردیں تو پانچ منٹ گزارنے محال ہوجاتے ہیں۔ ناول پڑھنا شروع کریں تو لگاتار بہت سا ٹائم اسے پڑھنے میں گزارنا بے حد سہل معلوم ہوتا ہے اور اگر تلاوت قرآن کی توفیق مل بھی جائے تو سر سے اتارنے کی کوشش ہوتی ہے۔ محافل دینیہ میں شمولیت کا وقت نہیں ملتا جبکہ بازاروں میں وقت کے گزرنے کا پتہ نہیں چلتا۔ ایک طرف درباری اور دوسری طرف بھنگی۔ ہمارا شمار کس میں ہے؟

یَا غَنِیُّ، یَا مُعْطِیُ کے خواص اور اثرات ......حضرت مولانا انظر شاہ کشمیریؒ

یَا غَنِیُّ کے خواص اور اثرات

یہ اسم مشترک ہے اور اس کے اعداد ایک ہزار ساٹھ (۱۰۶۰) ہیں۔

سب بری عادتوں کی اصلاح

جو شخص اپنے لالچی ذہن کی اصلاح کرنے کے لئے اور طمع دور کرنے کے لئے اس وظیفہ کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے، لالچ، بغض حسد، سب بری عادتیں جاتی رہیں۔

کسی کا محتاج نہ ہو

اور اگر کوئی اس کو بکثرت روزانہ پڑھے، کسی کا محتاج نہ ہو۔

مراد حاصل ہو

اور اگر کسی خاص مقصد کے لئے سات سو (۷۰۰) مرتبہ اس کا وظیفہ روزانہ پڑھے، مراد حاصل کرے۔

رنج جاتا رہے

اور اگر کوئی کسی رنج میں مبتلا ہو وہ ستر (۷۰) مرتبہ اس کو پڑھے، رنج جاتا رہے۔

الغنی کا نقش معظم:

۷۸۶

۳۵۲	۳۵۸	۳۵۰
۳۵۱	۳۵۳	۳۵۶
۳۵۷	۳۴۹	۳۵۴

یَا مُعْطِیُ کے خواص اور اثرات

یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد ایک سو انتیس (۱۲۹) ہیں۔

کثیر الفوائد وظیفہ

اگر کوئی اس اسم کو ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھے، بلند مرتبہ ہو اور اتنی نعمتیں عطا ہوں کہ وہ پھر کسی سے سوال نہ کر سکے اور نہ کسی کا محتاج رہے۔ ہر کام میں حوصلہ اور ہمت بلند ہو، عہدے میں اضافہ ہو، رزق میں ترقی ہو۔ لیکن اس کا وظیفہ پڑھنے کا معمول بنا لے اور کم از کم ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ، اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھے۔

ہر ضرورت خود بخود پوری ہو

اگر کوئی یا معطی السائلین کثرت سے پڑھا کرے، کبھی کسی سے سوال نہ کرے اور اس کی ہر ایک ضرورت خود بخود پوری ہوتی رہے۔

کشائش رزق کا خاص عمل

یہ عمل کشائش رزق کے لئے بہت اکسیر ہے۔ چاند کے مہینہ میں جب پہلی جمعرات آئے، دن گزار کر جمعہ کی رات میں آدھی رات گئے، گھر میں کسی جگہ تنہا بیٹھے اور دو رکعت قضائے حاجت کی پڑھ کر قبلہ کی طرف منہ کئے ہوئے ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ، اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود۔ پڑھنے والے نے یقین کامل کے ساتھ اپنے اللہ کو یاد کیا تو صبح ہوتے ہی رزق میں اضافہ ہوتا محسوس ہونے لگے اور رزق میں اضافہ شروع ہو جائے گا۔ اور اگر دل میں شک وشبہ پیدا ہو گیا تو پھر اتنی جلد اثر نہ ہو گا۔ جب تک مطلب پورا نہ ہو ہر ایک جمعہ کی شب میں پڑھتا رہے۔ یہ عمل تجربہ شدہ ہے۔

المعطی کا نقش معظم یہ ہے: ۷۸۶

۲۷	۳۸	۴۰	۲۴
۳۳	۳۱	۲۹	۳۶
۲۸	۳۵	۳۴	۳۲
۴۱	۲۵	۲۶	۳۷

کن حالات میں گھریلو علاج لازمی ہوجاتا ہے

- ✓ اگر آپ کے گھر میں شدید روحانی اثرات پائے جاتے ہیں...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں خون، پانی، تیل وغیرہ کے چھینٹے پڑتے ہیں...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں ریت، مٹی، پتھر وغیرہ پھینکے ہوئے پائے جاتے ہیں...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے صحن یا چھت پر مٹھائی، گوشت، دال وغیرہ پھینکے ہوئے پائے جاتے ہیں...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں چیونٹیاں، کیڑے مکوڑے، چھپکلیاں وغیرہ بہت زیادہ پائی جاتی ہیں...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں کپڑے، بستر، چادر، کمبل، وغیرہ میں سوراخ اور کٹ لگتے ہیں...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں اکثر و بیشتر آگ لگ جاتی ہے...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں اکثر نقصان، چوری، ڈکیتی وغیرہ ہوتے ہیں...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں خوشبو یا بدبو کسی کونے، کمرے یا پورے گھر میں بھی آتی ہے...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر سے اکثر تعویذ، پتلے، بال، سوئیاں وغیرہ پڑی ملتی ہیں...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر سب گھر والے یا بچے خوفزدہ یا ڈرتے وغیرہ ہیں...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں چلنے پھرنے، دوڑنے، رونے، ہنسنے کی آوازیں آتی ہیں...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں ہر وقت فساد، لڑائی جھگڑا اور نا اتفاقی کا مسئلہ رہتا ہے...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے سب گھر والے گھر میں بے سکونی، بے چینی، الجھن، دباؤ وغیرہ محسوس کرتے ہیں...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں ٹک ٹک یا برتنوں کے ٹکرانے یا کسی بھی طرح کی آوازیں آتی ہیں...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں چھت پر دوڑنے، سیڑھیوں سے اترنے کی آوازیں آتی ہیں...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں کھانے پینے کی چیزیں اکثر یا بہت جلدی خراب ہوتی ہیں...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں کھانے پینے کی چیزوں سے عجیب سی خوشبو یا بدبو آتی ہے...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں دروازے، کھڑکیاں، لائٹیں، پنکھے وغیرہ خود چلتے یا بند ہوجاتے ہیں...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے تمام گھر والے اکثر بیمار، پریشان یا مختلف مسائل کا شکار رہتے ہیں...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے تمام گھر والوں کو یا اکثر کو ڈراؤنے، پریشان کن، نقصانات کے خواب آتے ہوں...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر والوں کو اکثر مالی نقصانات کا سامنا کرنا پڑتا ہے...... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔

نوٹ درج بالا یا ان سے ملتی جلتی علامات اگر کسی گھر میں پائی جائیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس گھر میں نقصان دہ اثرات ہیں۔ اثرات چاہے جادو کے ہوں یا شیاطین کے...... ان کو ختم کیے بغیر سکون نصیب نہیں ہوگا اور نہ ہی زندگی آسان گزرے گی۔ گھر کے علاج کے لیے اعتماد کے ساتھ رابطہ فرمائیں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

(الانبیاء:۸۷)

"تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو پاک ہے۔ بیشک میں ظالموں میں سے ہوں"

یہ وہ اسم اعظم ہے جسے کثرت سے دل کے ساتھ پڑھ کر جو چیز بھی اللہ سے طلب کی جائے، وہ اللہ تعالیٰ عنایت کر دیتا ہے۔ گویا کہ ہر مشکل کام کے لیے اس آیت کا وظیفہ بہت ہی مفید ہے۔ اس آیت کے بے پناہ فیوض و برکات ہیں۔ اس وظیفہ کو اپنی حاجت کے لیے پڑھنے کے طریقے مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ توبہ استغفار کی نیت سے اس آیت کو نمازِ تہجد کے وقت کثرت سے پڑھنا سچی توبہ کرنے کا ذریعہ بنتا ہے۔ اعتکاف کے پورے ایام میں اسے ہر وقت پڑھتے رہنا بھی مفید ہے۔ یعنی ہر نماز کے بعد زیادہ سے زیادہ تعداد میں پڑھنے کی کوشش کی جائے۔ اگر کسی کا عام طریقے سے معمول قائم نہ ہوتا ہو تو اسے چاہیے کہ گن کر پڑھ لے۔ بہرکیف، اعتکاف میں جتنا زیادہ سے زیادہ طریقہ پڑھا جائے گا، اتنا ہی زیادہ فائدہ ہوگا اور اثرات جلد ظاہر ہوں گے۔

۲۔ جو شخص اس وظیفے کو اعتکاف میں، مجموعی طور پر روزانہ تیرہ ہزار آٹھ سو نوے (۱۳۸۹۰) مرتبہ پڑھے گا، اللہ اس سے راضی ہو جائے گا۔ اور آخر دن جس کام کے لیے بھی اللہ کے حضور التجا کرے گا، وہ ان شا اللہ پورا ہو جائے گا۔ اگر گناہوں کی مغفرت کو پیش نظر رکھے گا تو اس کے گناہ معاف ہو جائیں گے۔

۳۔ اس وظیفہ کے اثرات جلالی ہیں۔ اس لیے اسے ہمیشہ کسی اللہ کے بندے سے اجازت لے کر پڑھنا چاہیے۔ لہٰذا جو شخص اسے کثرت سے پڑھے، اس کی طبیعت میں جلالت اور گرمی پیدا ہو جاتی ہے۔

۴۔ اعتکاف کے علاوہ جو شخص اس کا عامل بننا چاہے، وہ ایک وقت مقرر کرے اور چالیس (۴۰) دن تک ایک جگہ پر تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ بہتر تو یہ ہے کہ وظیفہ شروع کرنے سے پہلے اپنے گرد حصار کر لے۔ آیت الکرسی کا حصار بہترین حصار ہے۔ جب مؤکلات ظاہر ہوں تو ان سے کوئی بات نہ کرے۔ آخری دن وہ تابع ہو جائیں گے۔ اس کے بعد ان سے حسبِ منشا کام لے سکتے ہیں۔ جب تک مؤکل حاضر نہ ہو، چلّے کرتا رہے۔ ان شاء اللہ ایک نہ ایک دن ضرور مؤکل حاضر ہوں گے۔

برائے دردِ سر، آدھے سر کا درد، آنکھوں کا درد، کان کا درد، دانتوں کا درد، پیٹ کا درد، نظرِ بد، سوتے میں ڈرنا

مولانا اعجاز احمد خان مدظلہ

مندرجہ ذیل نقش دردِ سر، آدھے سر کا درد، آنکھوں کا درد، کان کا درد، دانتوں کا درد، پیٹ کا درد، نظرِ بد اور سوتے میں ڈر خوف سے بحکمِ خدا تعالیٰ نجات دیتا ہے۔ ان دونوں نقوش کو درج ذیل طریقے پر باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے یا سر میں (ٹوپی، پگڑی میں سی لے) باندھ لے (عورت چوٹی میں باندھ لے) یا مرد دائیں بازو پر اور عورت بائیں بازو پر باندھ لے۔ وہ نقش یہ ہے:

ھ ھ ھ ھ ھ ا ا ٦ ٨ ٧ ء ء ء ء ء ء ء

۸	۱۱	۱۴	۱	
۱۳	۲	۷	۱۲	م ص
۳	۱۶	۹	۶	
۱۰	۵	۴	۱۵	

✻ وھ ۔۔۔ ا ۸ ۷

۴	۹	۲
۳	۵	۷
[illegible]	۱	۶

مجربات حضرت مولانا حاجی احمد علی پنجگوری رحمہ اللہ

مرتب: محمد زبیر (لاہور)

برائے دفع ہر مصیبت

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۔ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

سات سات مرتبہ صبح وشام۔

خواب سے بیدار ہونے کا قرآنی ٹائم پیس
(مجرب عمل)

سورۂ کہف کی آخری چار آیتیں

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کَانَتْ لَھُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿۱۰۷﴾ خٰلِدِیْنَ فِیْھَا لَا یَبْغُوْنَ عَنْھَا حِوَلًا ﴿۱۰۸﴾ قُلْ لَّوْ کَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّکَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ کَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِہٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ یُوْحٰٓی اِلَیَّ اَنَّمَآ اِلٰـھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ کَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّہٖ فَلْیَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا یُشْرِکْ بِعِبَادَۃِ رَبِّہٖٓ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾

(الکہف: ۱۰۷-۱۱۰)

پڑھ کر سو جائے۔ کسی سے پھر بات چیت نہ کرے۔ جس وقت کے اٹھنے کا ارادہ کرے، ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور بیدار ہوگا۔

خواب آور قرآنی ایٹم بم
(مجرب عمل)

جس کو رات نیند نہ آئے، اس کو چاہئے سورۃ اللیل سات مرتبہ، سورۃ الشمس سات مرتبہ، آیت الکرسی سات مرتبہ، اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ پڑھنے سے قبل اس کو پوری نیند آئے گی اور رات کو اچھے اچھے خواب دیکھے گا۔ بزرگانِ دین کی ملاقات سے بہرور ہوگا۔ تبشیرات سے نوازا جائے گا۔

سورۂ شمس یہ ہے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالشَّمْسِ وَضُحٰھَا ﴿۱﴾ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰھَا ﴿۲﴾ وَالنَّھَارِ اِذَا جَلّٰھَا ﴿۳﴾ وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰھَا ﴿۴﴾ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰھَا ﴿۵﴾ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰھَا ﴿۶﴾ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰھَا ﴿۷﴾ فَاَلْھَمَھَا فُجُوْرَھَا وَتَقْوٰھَا ﴿۸﴾ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَکّٰھَا ﴿۹﴾ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰھَا ﴿۱۰﴾ کَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰھَآ ﴿۱۱﴾ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰھَا ﴿۱۲﴾ فَقَالَ لَھُمْ رَسُوْلُ اللّٰہِ نَاقَۃَ اللّٰہِ وَسُقْیٰھَا ﴿۱۳﴾ فَکَذَّبُوْہُ فَعَقَرُوْھَا ۬ فَدَمْدَمَ عَلَیْھِمْ رَبُّھُمْ بِذَنْۢبِھِمْ فَسَوّٰھَا ﴿۱۴﴾ وَلَا یَخَافُ عُقْبٰھَا ﴿۱۵﴾

سورۂ اللیل یہ ہے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی ﴿۱﴾ وَالنَّھَارِ اِذَا تَجَلّٰی ﴿۲﴾ وَمَا خَلَقَ الذَّکَرَ وَالْاُنْثٰٓی ﴿۳﴾ اِنَّ سَعْیَکُمْ لَشَتّٰی ﴿۴﴾ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی ﴿۵﴾ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی ﴿۶﴾ فَسَنُیَسِّرُہٗ لِلْیُسْرٰی ﴿۷﴾ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰی ﴿۸﴾ وَکَذَّبَ بِالْحُسْنٰی ﴿۹﴾ فَسَنُیَسِّرُہٗ لِلْعُسْرٰی ﴿۱۰﴾ وَمَا یُغْنِیْ عَنْہُ مَالُہٗٓ اِذَا تَرَدّٰی ﴿۱۱﴾ اِنَّ عَلَیْنَا لَلْھُدٰی ﴿۱۲﴾ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَۃَ وَالْاُوْلٰی ﴿۱۳﴾ فَاَنْذَرْتُکُمْ نَارًا تَلَظّٰی ﴿۱۴﴾ لَا یَصْلٰھَآ اِلَّا الْاَشْقَی ﴿۱۵﴾ الَّذِیْ کَذَّبَ وَتَوَلّٰی ﴿۱۶﴾ وَسَیُجَنَّبُھَا الْاَتْقَی ﴿۱۷﴾ الَّذِیْ یُؤْتِیْ مَالَہٗ یَتَزَکّٰی ﴿۱۸﴾ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَہٗ مِنْ نِّعْمَۃٍ تُجْزٰٓی ﴿۱۹﴾ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْہِ رَبِّہِ الْاَعْلٰی ﴿۲۰﴾ وَلَسَوْفَ یَرْضٰی ﴿۲۱﴾

وسعت رزق کے لئے

عامل کو چاہئے کہ وسعتِ رزق کے واسطے جمعہ کے روز سورۂ کہف اور ہر روز عشاء کی نماز کے بعد سورۂ واقعہ دو بار معمول رکھے کیونکہ حضرت ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ ”جو کوئی پڑھے سورۂ واقعہ ہر شب، نہیں پہنچے گا اس کو فاقہ“۔

عام اجازت والے اعمال

محمد علیم (لاہور)

بچوں کی نظرِ بد اور ہر بیماری سے حفاظت کیلئے

یہ دعا لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اللهِ اَلْفِ اَلْفِ لا حول ولا قوة الا بالله العلی العظیم۔

نظرِ بد لگنے یا بچے کا سوتے میں رونے اور ڈرنے کا وظیفہ

تین مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کریں اور یہ دعا لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۲﴾

(القلم: ۵۲)

فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ﴿۳﴾ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ﴿۴﴾

(الملک: ۳-۴)

برائے درد نیم سر

یہ کلمات لکھ کر سر پر باندھے جائیں۔

كٓهٰيٰعٓصٓ، ذِكْرُ رَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

جادو، نظرِ بد اور لا علاج مرض سے صحت یابی

جس پر جادو یا نظرِ بد کا اثر ہو اور جس مریض کو طبیبوں نے جواب دے دیا ہو تو اس کو چاہیے کہ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَآئِهٖ يَا حَيُّ کو ہر روز بعد نمازِ فجر دو سو (۲۰۰) مرتبہ معہ اول و آخر درود شریف چھ چھ بار پڑھے اور اپنے تمام بدن پر اور پانی پر دم کرے اور وہی پانی صبح و شام پیے۔ ان شاء اللہ العزیز بہت جلد شفاء ہوگی۔

شادی کے جملہ امور بحسن و خوبی انجام پذیر ہونے کے لئے

حضرت علامہ مفتی محمد ارشد القادری صاحب مدظلہ تحریر فرماتے ہیں:

ان تمام معاملات میں سورۃ قریش کو بعد نماز عصر اور عشاء، اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھنا بہت مفید ہے۔ یہ عمل شادی کی تیاری سے لے کر نکاح تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

جہیز کا انتظام کرنے کے لئے بہترین وظیفہ

حضرت علامہ مفتی محمد ارشد القادری صاحب مدظلہ تحریر فرماتے ہیں:

درود ابراہیمی	گیارہ (۱۱) مرتبہ
سورۂ مزمل	گیارہ (۱۱) مرتبہ
یَا مُغْنِیُ	گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) مرتبہ
درود ابراہیمی	گیارہ (۱۱) مرتبہ
مدت عمل	اکتالیس (۴۱) یوم

یہ وظیفہ بعد نماز عشاء شروع کرے اور آخر تک کسی سے بات نہ کرے۔ بہتر ہے کہ خلوت اختیار کرے اور اس عمل کا کسی سے تذکرہ نہ کرے۔

ماہِ رمضان کے چند خاص عملیات

سارا سال رزق ملتا رہے

رمضان شریف کا چاند دیکھنے کے بعد تین (۳) مرتبہ سورۂ فتح پڑھ لینے سے پورا سال رزق ملتا رہے گا۔

درد سر کے لیے

رمضان شریف کے آخری جمعہ کو سورۂ فرقان کی آیت نمبر 45-46 باوضو سفید کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنالیں۔ درد سر والے کر سر پر باندھیں۔

سورۃ فاتحہ کی فضیلت اور تلاوت کا ثواب

حضرت مولانا امداد اللہ انور صاحب دامت برکاتہم

حدیث: حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے جناب رسول اکرم ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

ترجمہ: "اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میں نے سورۂ فاتحہ کو اپنے اور اپنے بندے کے درمیان نصف و نصف کر دیا ہے اور میرے بندہ کی وہ دعا قبول ہوگی جو وہ طلب کرے گا، جب بندہ "الحمد للہ رب العالمین" کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ "میرے بندے نے میری حمد ادا کی"۔ پھر جب وہ "الرحمن الرحیم" کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ "میرے بندے نے میری ثناء بیان کی" اور جب وہ "ایاک نعبد وایاک نستعین" کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ "یہ میرے اور میرے بندے کے درمیان تقسیم ہے اور میرے بندے کیلئے ہے جو کچھ وہ طلب کرے گا"، پس جب وہ "اھدنا الصراط المستقیم. صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضالین" کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ "یہ میرے بندے کا حصہ ہے اور میرے بندے کیلئے ہے جو کچھ وہ سوال کرے"۔ (مسلم)

فائدہ: اس حدیث سے غیر مقلدین نے اپنا یہ مسئلہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ نماز میں مقتدی کو بھی سورۂ فاتحہ پڑھنی ضروری ہے حالانکہ اس میں مقتدی کا کوئی ذکر نہیں ہے اور دوسری احادیث میں مقتدی کو امام کے پیچھے فاتحہ نہ پڑھنے کی تعلیم بھی موجود ہے مگر یہ غیر مقلدین ان سب احادیث کا انکار کرتے ہیں اور اپنی سمجھ کو دین بنا کر احادیث کی من مانی تشریحات کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو ہدایت عطاء فرمائیں۔ (ص 398-399)

سورۂ فاتحہ کی شان

حدیث: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ حضرت جبریلؑ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے کہ اچانک حضرت جبریلؑ نے اوپر سے ایک آواز سنی تو اپنا سر اٹھا کر فرمایا کہ "آج آسمان کا ایک ایسا دروازہ (کھلا) ہے جو اس سے پہلے کبھی نہیں کھلا تھا"۔ پھر اس سے ایک فرشتہ نازل ہوا تو حضرت جبریلؑ نے فرمایا کہ "یہ فرشتہ زمین کی طرف نازل ہوا ہے جو آج کے سوا کبھی نازل نہیں ہوا"۔ چنانچہ اس فرشتہ نے آکر سلام کیا اور عرض کیا "یارسول اللہ! آپ (ﷺ) دو نوروں کے ساتھ خوش ہو جائیں جو صرف آپ (ﷺ) کو عطاء کئے گئے ہیں، آپ (ﷺ) سے پہلے یہ دونوں کسی نبی کو عطاء نہیں کئے گئے (۱) فاتحۃ الکتاب اور (۲) سورۂ بقرہ کی آخری آیات"۔

سورۂ فاتحہ قرآن عظیم ہے

حدیث: حضرت ابوسعید بن المعلیؓ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں نماز ادا کر رہا تھا۔ رسول خدا ﷺ نے مجھے بلایا تو میں نے آپ ﷺ کو کوئی جواب نہ دیا۔ پھر آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا "یارسول اللہ! میں نماز میں مصروف تھا"۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ "اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نہیں دیا "استجیبوا للہ وللرسول اذا دعاکم" "اللہ کو اور اس کے رسول کو لبیک کہو جب وہ تمہیں بلائیں"۔ پھر ارشاد فرمایا "میں تمہیں تمہارے مسجد سے نکلنے سے پہلے پہلے ایک سورۃ کی تعلیم دوں گا جو قرآن کی سب سے عظیم الشان سورۃ ہے"۔ پھر آپ ﷺ نے مجھے ہاتھ سے پکڑ لیا، جب ہم نکلنے کے قریب ہو گئے تو میں نے عرض کیا "یارسول اللہ! آپ (ﷺ) نے ارشاد فرمایا تھا کہ میں تمہیں قرآن کی سب سے بڑی سورۃ کی تعلیم دوں گا؟" تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا "الحمد للہ رب العالمین (یعنی سورۃ فاتحہ کی یہ سات آیات ہیں جو بار بار پڑھی جانے والی ہیں اور یہی قرآن عظیم ہیں جو مجھے ہی عطا کی گئی ہیں)"۔

حصولِ شفاء کا درست راستہ

مولانا علی آفاق (ناظم روحانی علاج گاہ)

شفاء اللہ تعالیٰ نے اپنے دست مبارک میں رکھی ہے۔ اس کا اعلان قرآن پاک میں بھی فرمایا ہے۔ خوشی اور غمی، ہنسنا اور رونا ایسی چیز ہے جو اللہ کے دستِ قدرت میں ہے۔ عزت، دولت، صحت، ہمارے سارے معاملات میں سدھار اور بہتری صرف اللہ نے اپنے ہاتھ میں رکھی ہے۔ انسان کو تدبیر کو پوری طرح اختیار کرنے کے بعد تقدیر پر یقین رکھنے اور تدبیر کی اللہ کی پاک بارگاہ میں قبولیت کی دعا کرنے کا حکم ہے۔ دعا یہ کہ "اے مالک! میری محنت، تیری رحمت"، ہی اصل طریقہ ہے۔

ایک خاتون نے بیرون ملک سے رابطہ کیا اور اپنی بیٹی کے رشتے سے متعلق تفصیلات سے کچھ یوں آگاہ کیا کہ ہر وظیفہ، ہر دعا، ہر حاجت کی بتائی ہوئی نماز، صدقہ، خیرات، سورۃ بقرہ کی تلاوت خود کرنا، بچوں کو ملا کر پڑھوانا، راتوں کو جاگ کر وظائف پڑھنا...... میرا پچھلے 10 سال سے معمول ہے۔ اور اب حالات یہاں تک جا پہنچے ہیں کہ بیٹی کی عمر 35 سال ہو چکی ہے۔ رشتے اچھے سے اچھے آتے ہیں مگر کبھی ہم انکار کر دیتے ہیں اور کبھی رشتہ دیکھنے کیلئے آنے والے لوگ انکار کر کے چلے جاتے ہیں۔ وہ خاتون روہانسی ہو کر کہنے لگیں کہ پہلے 5 سال تو مجھے یہ محسوس ہی نہ ہوا کہ ہمارے گھر کے کسی فرد یا میری بیٹی کے ساتھ کوئی روحانی مسئلہ درپیش ہے۔ مگر جب تعلیم، خوبصورتی، صلاحیت اور ہر قسم کی خوبی اور استعداد کے موجود ہونے کے باوجود رشتہ طے ہوتے ہوتے رہ جانے لگا تو مجھے محسوس ہونے لگا کہ معاملہ روحانی ہے۔ لہٰذا روحانی وظائف کی طرف متوجہ ہو گئی۔ اس موقع پر روحانی تشخیص سے غفلت یا لاعلمی کی بناء پر دیر آید درست آید کی مصداق کو 15 سال کے بعد منزل کی امید اور کرن نظر آنے لگی۔ خیر ساری کہانی اور پچھلے 15 سال کی ریاضتیں سن کر مجھے ان کی محنت پر رشک اور ناکامی پر بہت افسوس ہوا۔ بہرحال جب میں نے ان کو بتایا کہ آپ کی 10 سال کی انتھک محنت ایک طرف اور درست طریقۂ علاج یعنی بندشِ رشتہ کے فلسفے کو سمجھتے ہوئے اس کے علاج کو فوکس کر کے نہانے، پینے، جسم پر مل کر جلانے والے تعویذات، چراغ میں جلانے والی بتیاں حسبِ ضرورت، صرف میری طرف سے ملنے والے کلام کی تسبیح وغیرہ کو معمول بنائیں۔ چھڑکنے والے تعویذات کا ناغہ نہ ہونے دیں تو ان شاء اللہ، چالیس (۴۰) یوم کا علاج نا صرف آپ کی مشکل کی آسانی میں تبدیلی اور حاجت کے پورے ہونے کے ساتھ ساتھ آپ کو آپ کا دشمن ہمارے مؤکلات کی طرف سے دکھا بھی دیا جائے گا۔ مگر شرط یہ ہے کہ رابطہ بھی روزانہ کریں اور بتائے ہوئے طریقے کے مطابق سارے معمولات سرانجام دیں۔

الحمد للہ! انہوں نے ایک دن بتایا کہ آج سے 5 سال پہلے ایک رشتہ پسند آیا تھا۔ مگر وہ انجانی وجوہات (جادو، جنات، بندش رشتہ) کی بناء پر جواب دے کر چلے گئے تھے۔ وہ گھرانہ تو دوبارہ رابطہ کر رہا ہے اور دیگر بھی کئی رشتے کیلئے لوگ رابطے میں ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ الحمد للہ ہماری محنت رنگ لا چکی ہے اور ساتھ ہی آپ کے دشمن بھی ہمارے مؤکلات نے آپ کو دکھا دیئے ہیں۔ آپ آئندہ اپنے عزیز و اقارب کی شکل میں چھپے دشمنوں سے محفوظ رہیں۔ اس کے لئے آپ اپنے حصار، حفاظت اور سکیورٹی کے لئے عمل اور اجازت حاصل کریں۔ ان نیک خاتون نے اس تجویز پر عمل کیا اور ساتھ ہی بندہ کی راہنمائی جاری رہی۔ اللہ نے اپنے پاک کلام اور درست سمت میں علاج کرنے کی برکت سے رشتہ منظور فرما دیا اور اب وہ لڑکی اپنے گھر میں خوش و خرم زندگی گزار رہی ہے۔

قارئین کرام، ادارے سے وابستہ روحانی درسگاہ کے طلباء عظام اور عاملین کرام! آپ سے بھی خزینۂ روحانیات کے صفحات کے ذریعے یہی درخواست ہے کہ مریضوں کی تشخیص، مناسب اور ضروری علاج اس کو بہت سی پریشانیوں سے بچا لیتا ہے۔ اسی طرح عاملین کا وقت بچتا ہے۔ نیک نامی میں اضافہ ہوتا ہے۔ لوگ آپ کے لئے حوالے کا کام کرتے ہیں۔ آپ کی درست سمت کی محنت لوگوں کو آپ کے پاس آنے پر مجبور کرتی ہے۔ آپ کا اخلاق اور کام کرنے، علاج کرنے میں مہارت آپ کے اعتماد، لوگوں کی آپ کے ساتھ محبت میں اضافے کا سبب بنتی ہے۔ لوگ آپ کے لئے غائبانہ طور پر دعائیں کرتے ہیں۔ آہستہ آہستہ آپ کا نام اپنے شہر، علاقے میں ایک مقام حاصل کر لیتا ہے۔ لہٰذا تشخیص، درست علاج پر بھرپور توجہ دیں۔

اہم اعلان

ماہنامہ خزینہ روحانیات کی نئی ممبر شپ جولائی 2017 سے اپریل 2018 تک جاری کی جائے گی جس کی رقم 550 روپے (عام ڈاک) اور 860 روپے (رجسٹرڈ ڈاک) سے ہوگی۔ جون 2017 میں اس سے کم مدت کی ممبر شپ جاری نہیں کی جائے گی۔

عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

جن ممبران کو عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی شکایت رہی ہے ان سے مودبانہ گذارش ہے کہ وہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کی فیس جمع کروائیں۔ 0322-4773786

رمضان المبارک کے دو خاص تحفے

۱ اللہ

پہلے گیارہ روز سوالاکھ کے کھلے ورد کی نیت کر کے پڑھیں۔ ہر وقت پڑھتے رہیں اور ساتھ ممکن ہو تو لکھتے رہیں ورنہ جو مناسب طریقہ آپ کو لگے، اس سے حساب رکھیں۔ تہجد کے وقت چار ہزار چار سو چوالیس (۴۴۴۴) مرتبہ خانہ کعبہ کا مراقبہ کر کے پڑھیں۔ مراقبہ میں یہ تصور کریں کہ خانہ کعبہ کے اوپر اللہ کے نور کی بارش ہو رہی ہے اور خانہ کعبہ پر سے ہوتے ہوئے اس نور کے چھینٹے آپ پر بھی گر رہے ہیں۔ اگر اس تصور میں سر درد ہونے لگے تو مراقبہ کے بغیر تعداد پوری کریں۔ روزانہ رات کو ایک نشست میں پڑھنا ہے۔ باقی دن میں جتنا مرضی پڑھیں۔ کوشش کریں کہ اس دوران بڑے گوشت سے پرہیز کریں۔ اگر کسی قسم کا گوشت نہ کھائیں تو بہت اچھا ہے۔ جو بھی کیفیات اور خواب نظر آئیں، کسی کو ہرگز نہ بتائیں۔ اپنے شیخ و مرشد کو بتائیں یا پھر بندے کو لکھ کر بھیج دیں۔ پڑھنا ''اللہ'' ہے، ''یا اللہ'' نہیں پڑھنا۔ نیز اللہ کی تشدید پر دھیان دے کر پڑھیں۔

۲ صلی اللہ علیہ وسلم

تیرھویں (۱۳) روزے سے سوالاکھ کے کھلے ورد کی نیت کر کے پڑھیں۔ پندرہ (۱۵) دن یا سترہ (۱۷) دن کی نیت کریں۔ پندرہ دن کے حساب سے ستائیسویں (۲۷) روز ختم ہوگا۔ روزانہ اکتیس سو (۳۱۰۰) مرتبہ بوقت تہجد، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضہ مبارک کا مراقبہ کے پڑھیں۔ مراقبہ میں یہ تصور کریں کہ روضہ مبارک کے اوپر اللہ کے نور کی بارش ہو رہی ہے اور روضہ مبارک پر سے ہوتے ہوئے اس نور کے قطرے آپ پر بھی گر رہے ہیں۔ اگر اس تصور میں سر درد ہونے لگے تو مراقبہ کے بغیر تعداد پوری کریں۔ روزانہ رات کو ایک نشست میں پڑھنا ہے۔ باقی دن میں جتنا مرضی پڑھیں۔ کوشش کریں کہ اس دوران بڑے گوشت سے پرہیز کریں۔ اگر کسی قسم کا گوشت نہ کھائیں تو بہت اچھا ہے۔ جو بھی کیفیات اور خواب نظر آئیں، کسی کو ہرگز نہ بتائیں۔ اپنے شیخ و مرشد کو بتائیں یا پھر بندے کو لکھ کر بھیج دیں۔

دعا گو خالد مقبول حفظہ اللہ سرپرست دارالعمل [illegible] 9119 لاہور spiritualist77@gmail.com

غیبی مخلوقات کو مسخر کرنے کے چند خاص اعمال

قیصر احمد بی۔اے۔ (کراچی)

حاضری دیوی

عمل: اُوم ہرینگ چہ چہ سُوابا

ترکیب: اس عمل کو روزانہ رات 12 بجے صرف ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ پہلے روز ہی نیند نہ آئے گی۔ جب آئے گی تو وحشت ناک مناظر نظر آئیں گے۔ چند روز میں خواب میں باتیں ہونی شروع ہو جائیں گی اور جو آپ کا مقصد ہے، اس کے بارے میں مکمل معلومات دینے لگے گی یا جو آپ کا من پسند مشغلہ ہے، اس کی معلومات دینے لگے گی۔ ظاہری طور پر چیزیں آگے پیچھے کرنے لگے گی۔ اس عمل میں کوئی پرہیز نہیں ہے۔ گیارہویں روز ایسا محسوس ہوگا کہ کوئی ساتھ ساتھ چل رہا ہے یا پیچھے کوئی ہے۔ آوازیں آئیں گی، جب گھوم کر دیکھیں گے تو کوئی نہ ہوگا۔

مجرب عمل ہے۔ کر کے دیکھ لیں، مزہ آجائے گا اور ساتھ ہی زندگی سنور جائے گی۔

حاضری بھوت پریت، پری، دیو

عمل: عوا موا ینا مانا بوسنا رگنجا تا تگنی سگنی سوا۔ سات سیر پانی کا روٹھ سات کنوئیں بھوت پریت پری دیونوں پکڑ واور باندھ کر لاؤ۔ نہ لاؤ گے تو ماتا کا دودھ حرام کرو گے۔

ترکیب: چلتے پانی میں کھڑے ہو کر یا پھر مجبوری میں مٹی کے بڑے کونڈے میں پانی بھر کر سامنے رکھ لیں اور 21 روز تک 382 مرتبہ روزانہ بغیر کسی ناغہ کے عمل پڑھیں۔ پانچ روز بعد پانی میں جگنو کی طرح روشنی نظر آنے لگے گی۔ پانی میں ہی عجیب نظارے نظر آئیں گے۔ کبھی کبھار کونڈے سے پانی چھلک کر باہر آجائے گا۔ طرح طرح کی آوازیں آئیں گی۔ گھبرانا نہیں۔ جماع سے پرہیز کریں اور گوشت، انڈہ، مچھلی و بدبودار اشیاء سے پرہیز کریں۔ اکیسویں روز حاضری ہوگی۔ سوچ سمجھ کر عہد و پیمان کر لیں۔

تسخیر جن، دیو، پری

جس کسی کو غیبی مخلوق کی تسخیر کا شوق ہو تو وہ اس عمل کو بجالائیں مثلاً جنات، دیو، پری۔ کسی الگ تھلگ مکان میں خلوت اختیار کریں، جہاں کسی کی آمد و رفت نہ ہو۔ کسی ایک مخلوق کی تسخیر کی نیت رکھ کر باوضو پاکیزہ سفید لباس پہن کر بعد نمازِ عشاء، قبلہ رخ، صندل سفید اور عود کا بخور روشن کریں۔ پہلے ایک مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پھر سورۂ کوثر کو 2754 مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر ایک سو ایک بار درود ابراہیمی پڑھیں۔ تنہائی اختیار کریں۔ راز کسی پر ظاہر مت کریں ورنہ اثر باطل ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ 40 روز میں کامیابی ہوگی۔ عمل با پرہیز کریں۔ شرطیہ سو فیصد کامیابی ہوگی۔

واضح رہے: یقین است......مراد است

حاضری بھوت

عمل: منت۔ ترلا۔ معافی اللہ

یہ بظاہر چار لفظ ہیں مگر ہیں بہت کام کے۔ 41 روز میں سوا لاکھ کی تعداد پوری کر لیں یعنی روزانہ اس عمل کو 3125 مرتبہ پڑھیں۔ ساتویں روز خواب میں اور گیارہویں روز ظاہری طور پر شرارتیں شروع کر دیں گے۔ اکتالیسویں روز قول و قرار کر لیں۔ یہ تین بھوتنے ہیں۔ بہت کام کے ہیں۔ ہیں تو شرارتی مگر کام بڑے بڑے جنات کے برابر کرتے ہیں۔

نوٹ: اجازت لینا لازمی ہے۔

تسخیرِ ہمزاد، جنات سے ملاقات

صوفی ظفر محمد کھوکھر (جھنگ)

ہمزاد تسخیر کرنے کا مجرب عمل

جولوگ ہمزاد کو تسخیر کرنا چاہتے ہیں نوری ہمزاد کو تو پہلے پانچ وقت نماز کا اپنے کو عادی کریں اور غصہ پر کنٹرول کرنا شروع کریں اور مخلوق سے محبت کرنا اور انصاف کرنا شروع کریں۔ اپنے عمل کرنے کی جگہ مقرر کریں، زیادہ کوشش کریں وہیں رہنے کی اور تصور دن رات ہمزاد کا رکھیں کہ مجھ پر مہربان ہوگیا ہے۔ ابھی مجھ سے بات کرے گا اور میری بات مانے گا۔

عمل کا آغاز نوچندی منگل کو کریں۔ اپنے پیچھے چراغ سادہ تیل کا جلائیں اور حصار کریں۔ چراغ حصار کے اندر ہو، اگر بجھ جائے تو جلا سکے۔ تیل، اگربتی، ماچس اور پانی حصار کے اندر ہو۔ تعداد عمل تین ہزار (۳۰۰۰) بار۔ روزانہ نماز عشاء کے بعد پڑھنا شروع کرے۔ عمل پورا کرنے کے بعد دعا کر کے حصار سے باہر نکل سکتا ہے اور علیحدہ سو سکتا ہے۔ وہیں آرام کرلیں تو بہتر ہے۔ ایک سو بیس (۱۲۰) رات یہ عمل کرنا ہے۔ شرارت بیس (۲۰) دن کے بعد شروع ہو جائیں گی۔ احتیاط کریں! کسی کو تسخیر کرنا کوئی معمولی کھیل نہیں ہے۔ پہلے استخارہ کرلیں تو زیادہ بہتر ہے۔

عبارت عمل: يَاهَمْزَادُ مُسَخَّرَاتِ بِحَقِّ يَالَطِيْفُ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ بِحَقِّ يَابُدُّوْحُ

............*......*

جنات سے ملاقات کا عمل

اس عمل کو کرنے سے جس درخت پر جنات یا جو مخلوق ہوگی، وہ رات کو عمل کرنے والے کو نظر آئے گی، جس سے وہ آدمی یا عورت اپنا شوق پورا کر سکتے ہیں۔ رات کو سونے سے پہلے اس درخت کے دوسری طرف کھڑے ہو کر اکتالیس (۴۱) بار آیت الکریمہ پڑھ کر درخت پر پھونک ماردیں۔ پھر واپس پلٹ کر گھر کی طرف منہ کر کے آیت الکریمہ اکتالیس (۴۱) بار دوبارہ تلاوت کریں اور درخت پر دم کریں اور یہ الفاظ کہہ دیں ''رات کو ہم کو ملو''۔ پھر سیدھے گھر لوٹ آئیں اور آکر سو جائیں۔ تین رات یا سات رات یہ عمل کریں۔ درخت کی مخلوق رات کو آکر خواب میں آپ سے ملے گی۔ اس عمل کو کرنے سے پہلے سوا کلو گوشت ویران جگہ لازمی ڈال دیں تاکہ رجعت سے محفوظ رہیں۔ اس عمل کو مشغلہ کے طور پر نہ کریں۔ جلالی عمل ہے۔ جنات نقصان بھی دے سکتے ہیں۔ باوضو ہو کر عمل کریں۔

آیت الکریمہ سے مراد لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ہے۔

گذارش: جب آپ اپنے لئے دعا کریں تو خزینۂ روحانیات کے اراکین کے لئے خصوصی دعا کریں جن کے ذریعے آپ کو یہ عمل پہنچا۔ یہ دعا بھی کریں اس خزینۂ روحانیات کو دن دگنی رات چوگنی اللہ پاک ترقی دیں۔ اور پاکستان کی سلامتی کے لئے بھی دعا کریں کہ اللہ پاک اس کو قائم وسلامت رکھے۔ آمین

حاضرات اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خضر عباس پیاسی (راجن پور)

حاضرات اسم خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''نجی اللہ''

کینہ پروری، بغض وحسد اور انتقامی جذبات سے اپنے قلب وذہن کو پاک وصاف کر کے حاضرات اسم خاتم انبیاء ''نجی اللہ'' کے مؤکل خادم ''طکقائیل'' کے عمل کو نو چندی اتوار کی رات سے اپنے نام معہ والدہ کے اعداد یا پھر ایک سو انتیس (۱۲۹) مرتبہ پڑھیں۔ بعد چلّہ، بچی یا بچے پر حاضرات کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مؤکل کی حاضرات ہوگی۔

عمل عزمت علیکم یاطکقائیل بحق یا نجی اللہ اقسمت علیکم یاطکقائیل بحق یا نجی اللہ۔ بحق یابدوح یابدوح یابدوح بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام حاضر کرو حاضرات کرو حاضرات یا طکقائیل بحق یااللہ یاحی یا قیوم حاضر شو حاضر شو حاضر شو۔

بدوح

بحق یا نجی اللہ	اَجِب یا طکقائیل	بحق یا نجی اللہ
	۹۸۷۶۵۴۳۲۱	
	۹۸۷۶۵۴۳۲۱	

حاضرات اسم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''صفی اللہ''

پرسکون ماحول اور الگ کمرہ میں احرام زیب تن کر کے ذیل کے حاضرات کے عمل کو دو سو ساٹھ (۲۶۰) مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بعد چلّہ حاضرات اسم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''صفی اللہ'' کے مؤکل ''ومرائیل'' کی ہو گی۔ جب مؤکل حاضر ہوا پنے مطلب کے مطابق سوالات کریں۔ 100 فیصد درست جوابات ملیں گے۔ چلے پھرتے اٹھتے بیٹھتے، کھاتے پیتے، ہمہ وقت درود شریف کا ورد رکھیں۔ اس کے علاوہ رات سونے سے پہلے حاضرات ہذا کا عمل گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھا کریں تاکہ حاضرات آپ کے پاس رہے۔

قُل اَرِنِیٓ اُنۡظُرۡ اِلَیۡكَ یاومرائیل بحق یا صفی اللہ بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام حاضر کرو حاضرات المدد یااللہ الرحمن الرحیم۔

روحانی مسائل اور ان کا حل

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

جادو کی وجہ سے اولاد کی بندش

سوال میرا بیٹا فوج میں ہوتا ہے اور اس کی پوسٹنگ آج کل کوئٹہ میں ہے۔ اس کی شادی کو چار سال ہو چکے ہیں مگر اس کی کوئی اولاد نہیں ہے۔ طبی طور پر دونوں میاں بیوی ٹھیک ہیں۔ کافی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بہت پڑھائیاں پڑھ لیں مگر کوئی امید نظر نہیں آ رہی۔ مہربانی کر کے دیکھ لیں کہ وجہ کیا ہے اور اگر کوئی اثرات ہوں تو اس کا علاج بھی فرما دیں۔ (پوشیدہ)

جواب محترمہ! آپ کے بیٹے اور بہو..... دونوں پر جادو کا اثر ہے۔ جو کپڑے آپ نے بھیجے تھے، اس کی تشخیص میں یہی آیا ہے۔ البتہ اولاد کی بندش کا معاملہ بہو کے ساتھ نہیں، آپ کے بیٹے کے ساتھ ہے۔ اس کے لیے بہتر یہی ہے کہ آپ کسی قریبی روحانی معالج سے رابطہ فرمائیں اور باقاعدہ جادو کی کاٹ کروائیں۔ خود سے کرنے کی کوشش نہ کریں۔

جب تک باقاعدہ علاج شروع نہ ہو جائے، ''منزل'' کا یہ عمل کریں۔ پہلے سات روز، روزانہ سات بار منزل پڑھ کر دونوں پر دم کیا جائے اور پانی پر دم کر کے پینا ہے اور گھر میں چھڑکنا ہے۔ اگر میاں بیوی دونوں الگ الگ پڑھیں تو بہت بہتر ہوگا ورنہ کوئی ایک پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے، دوسرے پر اور پانی پر بھی دم کرے۔ سات روز بعد پڑھائی کی تعداد تین کر دیں اور مزید اکیس (۲۱) یوم عمل جاری رکھیں۔ پھر دوبارہ کپڑے ارسال فرمائیں۔ ان شاءاللہ، اس سے کافی بہتری آ جائے گی۔

....................*..........*..........*

بہت عامل پیچھے پڑے ہوئے ہیں

سوال میرا ایک مسئلہ ہے۔ بیمار ہوں، خوف آتا رہتا ہے، ذہنی ٹینشن ہے۔ بہت عامل میرے پیچھے لگے ہوئے ہیں۔ مجھے کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں۔ (تنویر)

جواب آپ قصیدہ طوبیٰ روزانہ ایک بار پڑھیں۔ اوّل و آخر ایک بار درود ابراہیمی پڑھیں۔ پانی پر دم کریں۔ پئیں اور چھڑکیں۔ اکیس (۲۱) دن بعد حالات کی اطلاع کریں۔ یاد رکھیں کہ قصیدہ طوبیٰ کوئی معمولی عمل نہیں ہے۔ یقین سے کریں۔ جتنے بھی جادوگر پیچھے ہوں گے، سب پیچھا چھوڑ دیں گے۔

....................*..........*..........*

کاروبار بند ہو گیا ہے

سوال میرا کاروبار چلتا بالکل بند ہو گیا ہے۔ آہستہ آہستہ کم ہوتا گیا مگر اب تو حالات بہت خراب ہو گئے ہیں۔ خرچے جیب سے ادا کرنا پڑ رہے ہیں۔ مال بکتا ہی نہیں۔ میں بہت پریشان ہوں۔ میری مدد فرمائیں۔ (م، لاہور)

جواب آپ کے اوپر سحر کا اثر ہے۔ بہت سخت نہیں مگر بندش کی صورت بن گیا ہے۔ کاروبار کی بندش ختم کرنے اور رزق بڑھانے کے لیے ایک خاص عمل لکھ رہا ہوں۔ ایک ہی نشست میں سورۂ واقعہ کو چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل شب جمعہ کو کر لیا کریں۔ اگر ایک ہفتہ لگاتار کر لیں، پھر ہر شب جمعہ کو کر لیا کریں تو بہت زیادہ فائدے کی امید ہے۔ سات شب جمعہ لگاتار یہ عمل کیا جائے۔ ان شاء اللہ، رزق کی فراخی کے سلسلے میں جو بھی رکاوٹیں ہوں گی، وہ ختم ہو جائیں گی۔

....................*..........*..........*

شوہر کے باس بہت غصہ کرتے ہیں

سوال میرے شوہر کے باس پاکستان سے باہر ہوتے ہیں۔ الحمدللہ، میرے شوہر باس کی طرف سے جتنا بھی sale کا target دیا جاتا ہے، وہ پورا کر لیتے ہیں۔ عجیب بات یہ ہے کہ اس پر میرے شوہر کے باس کو خوش ہونا چاہیے، الٹا وہ ناراض ہوتے رہتے ہیں۔ بات بات پر غصہ ہوتے رہتے ہیں۔ میرے شوہر کو ہفتہ اتوار کی چھٹی ہوتی ہے۔ وہ ہفتہ والے دن کوئی کام کہہ دیتے ہیں۔ اگر جواب نہ دو تو پھر غصہ ہوتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ جب ''میں ہفتہ کو کام کر رہا ہوں تو تم کیوں نہیں کر رہے؟'' ان کو بھی ہفتہ کو چھٹی

ہوتی ہے۔ پھر بھی میرے شوہر کو تنگ کرتے رہتے ہیں۔ مجھے کچھ پڑھنے کو بتائیں تاکہ میرے شوہر کے باس ان کے کام سے خوش ہوں اور بے جا غصہ کرنا چھوڑ دیں۔ (ر،لاہور)

جواب محترمہ! آپ کے باس دراصل آپ کے شوہر سے حسد کرتے ہیں۔ اور اسی حسد میں ان سے ایسی حرکتیں ہوتی رہتی ہیں۔ آپ اپنے شوہر سے کہیں کہ ایک بار سورۂ یٰسں روزانہ اپنے باس کی نیت کر کے پڑھ لیا کریں اور دعا کریں کہ ان کا باس ان کے حق میں نرم ہو، کام سے خوش ہو اور ان کو ترقی بھی دے۔ ان شاء اللہ۔ اس عمل کو کم از کم چالیس یوم پابندی سے کریں۔ پھر اطلاع کریں۔ جس دن وہ نہ پڑھ پائیں، آپ پڑھ دیا کریں۔

قید سے رہائی

سوال میرے شوہر کو ایجنسی والے اٹھا کر لے گئے ہیں۔ کچھ پتہ نہیں لگ رہا۔ مہربانی فرما کر کوئی وظیفہ بتائیں۔ (پوشیدہ، کراچی)

جواب صبح و شام پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ (ال عمران: ۱۷۳)، اول و آخر پچاس بار کوئی بھی درود شریف۔ ساتھ ہی ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ آیت کریمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ (الانبیاء: ۸۷)، اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ اس عمل کو پابندی سے کم از کم اکیس (۲۱) یوم اور زیادہ سے زیادہ چالیس (۴۰) یوم کریں۔ ان شاء اللہ، اگر آپ کے شوہر بے گناہ ہیں تو ضرور رہا ہو جائیں گے، چاہے کتنے بھی خطرناک الزامات کے تحت گرفتار ہوئے ہوں۔

ہوٹل جادو سے باندھ دیا گیا ہے

سوال میرا لاہور میں ہوٹل ہے۔ اچھا چل رہا تھا۔ اب چار پانچ ماہ سے بالکل نہیں چل رہا ہے۔ سمجھ نہیں آرہی کہ کیا ہو رہا ہے۔ جگہ بھی بہت اچھی ہے اور لوگوں کا رش بھی ہے مگر اب لوگ آتے ہی نہیں۔ بہت پریشان ہو رہا ہوں۔ دیکھیں کہ کیا معاملہ ہے؟ اگر کوئی اثرات ہیں تو کوئی جلدی کا علاج بتائیں۔ (ع، لاہور)

جواب آپ کے کاروبار کو باندھا گیا ہے۔ جلدی کا کام کروانا ہے تو آپ ہمارے روحانی علاج گاہ کے روحانی معالجین سے اپنے ہوٹل پر عمل کروا لیں۔ ان شاء اللہ، کام کھل جائے گا۔ جلدی کے لیے اس سے بہتر علاج نہیں ہے۔ جب عامل کسی جگہ جا کر عمل کرتے ہیں تو ان کے جنات مخالف جنات سے ڈائریکٹ لڑتے ہیں۔ کامیاب ہونے کی صورت میں بہت جلدی معاملہ حل ہو جاتا ہے۔ جو وظائف پڑھنے یا تعویذات استعمال کرنے سے بعض اوقات بہت طویل ہو جاتا ہے۔ اس لیے اعتماد سے عمل کروائیں۔ ان شاء اللہ، بہت جلد ہوٹل اسی طرح چلنے لگے گا، جس طرح پہلے چلتا تھا۔

کاروباری ڈیل کامیاب ہو

سوال میری کچھ لوگوں سے کاروبار کے سلسلے میں ڈیل چل رہی ہے۔ کوئی ایسا وظیفہ بتا دیں کہ ڈیل کامیاب ہو جائے۔ (ج، لاہور)

جواب عشاء کی نماز کے بعد آیت کریمہ ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ، اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر اللہ جل جلالہٗ سے دعا کریں اور جب تک ڈیل کا کوئی فیصلہ نہ ہو جائے، پڑھتے رہیں۔

اپنے گھر کا کوئی بندوبست ہو جائے

سوال ہمارا اپنا گھر نہیں ہے۔ کوئی ایسا وظیفہ دے دیں کہ اپنے گھر کا بندوبست ہو جائے۔ کوشش کر رہے ہیں مگر کامیابی نہیں ہو رہی۔ (ع، لاہور)

جواب فجر کی نماز کے بعد ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ سورۂ فاتحہ، اول و آخر نو بار درود شریف پڑھ کر اللہ جل جلالہٗ سے دعا کریں۔ ان شاء اللہ، گھر کے اسباب شروع ہو جائیں گے۔ دنیاوی تدابیر جاری رکھیں، صرف وظیفے پر اکتفا نہ کریں۔

جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کو روحانی علاج کیسے تجویز کریں؟

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دار العمل چشتیہ، لاہور)

جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کے علاج تجویز کرنے میں سالہا سال کے تجربے پہ مبنی روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لیے ایک بہت اہم مضمون۔ اس طریقے پر عمل کرکے ایک مبتدی بھی ماہر کی طرح علاج کرسکتا ھے۔

روحانی مریضوں کے لیے علاج کیا اور کیسے تجویز کیا جائے؟ علاج کی مدت کیا ہو؟ تعویذ کا دورانیہ کیا ہو یعنی کتنے دن تک ایک تعویذ استعمال کیا جائے؟ دن میں کتنی بار کیا جائے؟ کون سے مریض کا علاج میں کرسکتا ہوں؟ اور اسی طرح کے کئی سوالات ہیں جو مبتدی روحانی معالجین کرتے ہیں۔ اس لیے خیال ہوا کہ ہمارے سلسلے کا جو خاص طریقہ ہے، اس کو عام کیا جائے تاکہ ہماری روحانی درسگاہ کے طالب علم بھی فائدہ اٹھائیں اور روحانی علاج کرنے والے دوسرے بھائی بہن بھی مستفید ہوسکیں۔

تجویز کا پہلا مرحلہ: روحانی تشخیص

ہماری روحانی درسگاہ کے وہ طالب علم، جنہوں نے سات سلام چہل کاف یا امنت باللہ کا عمل کیا ہوا ہے، ان کو خاص مخاطب کیا جارہا ہے۔ آپ کو مریضوں کی تشخیص کے سلسلے میں کپڑے کی تشخیص سکھائی گئی ہے۔ سات سلام، چہل کاف اور امنت باللہ...... ان تینوں سے کی جاسکتی ہے۔ ہمارے طریقہ تشخیص میں کپڑے کے تین حصے کیے جاتے ہیں اور اس پر دو بار کلام کا دم کیا جاتا ہے۔ اس طرح آپ کے پاس چھ طرح کے ناپ آجاتے ہیں۔ جب ہم نئے ناپ کا پرانے ناپ سے موازنہ کرتے ہیں تو ہمیں پتہ لگتا ہے کہ جادو یا جنات کا اثر ہے۔ اور جتنا فرق ہوتا ہے، ہم اس فرق کو بھی نوٹ کر لیتے ہیں۔ وہ فرق کم از کم ایک چوتھائی انگلی، آدھی انگلی، تین چوتھائی انگلی یا ایک انگلی اور اس سے زائد ہوسکتا ہے۔ اسی فرق کو نوٹ کرنا بہت ضروری ہے کیونکہ یہی فرق آپ کو بتاتا ہے کہ آپ نے کیا علاج تجویز کرنا ہے اور اس علاج میں استعمال ہونے والے تعویذ کا دورانیہ کیا ہونا چاہیے۔

ناپ میں فرق کا کیا مطلب ہے؟

اب آنے والے فرق سے ہمیں کیا رہنمائی ملتی ہے؟ اس کی تفصیل درج ذیل ہے:

- ایک چوتھائی انگلی: اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ مریض پر معمولی درجے کے اثرات ہیں۔ اس پر کوئی چیز مسلط نہیں ہے۔
- آدھی انگلی: اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ مریض پر درمیانہ درجے کے اثرات ہیں۔ البتہ کوئی چیز مسلط نہیں ہے۔
- تین چوتھائی انگلی: اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ مریض پر زیادہ اثرات ہیں۔ کوئی چیز باقاعدہ مسلط تو نہیں لیکن موجود ہے۔ اس مریض کو فوری علاج کی طرف آجانا چاہیے کیونکہ یہ اثر مزید زیادہ ہونے کا امکان ہوتا ہے۔ ایسے مریض کو عموماً کسی بھی نوعیت کے نقصانات ہو رہے ہوتے ہیں یا بیماریوں اور مشکلات میں مبتلا ہوتا ہے۔
- ایک انگلی یا زائد: اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ مریض پر بہت زیادہ اثرات ہیں اور باقاعدہ مخلوق بھی مسلط ہے۔

کون سے مریضوں کا علاج میں کرسکتا ہوں؟

یہ بھی ایک اہم سوال ہے۔ اور ایک لحاظ سے بہت ضروری بھی ہے کیونکہ روحانی معالجین کا یہ جاننا بہت ضروری ہے کہ کس مریض کے اثرات کا وہ علاج کرسکتا ہے اور کس کا نہیں؟ کہیں سامنے والے کی طاقت بہت زیادہ تو نہیں؟ اگر ایسا ہو تو روحانی معالج کو بہت نقصان پہنچنے کا خطرہ ہوتا ہے۔

ہماری روحانی درسگاہ کے سات سلام چہل کاف اور امنت باللہ کے عاملین متوجہ ہوں۔ یہاں ہم یہ تصور کر رہے ہیں کہ پہلے سے کچھ نہیں سیکھا، ابھی ابتدا کی ہے۔ جو لوگ پہلے سے عامل ہیں، جادو اور جنات کے مریضوں کا علاج کر رہے ہیں، ان کو یہاں مخاطب نہیں کیا گیا۔

** **ایک چوتھائی انگلی:** صرف اجازت والے عامل، جنہوں نے پہلے درجے کا عمل ابھی مکمل نہ کیا ہو، وہ بھی کر سکتے ہیں۔

** **آدھی انگلی:** جنہوں نے پہلے درجے کا عمل مکمل کرلیا ہو، وہ کر سکتے ہیں۔

** **تین چوتھائی انگلی:** دوسرے درجہ مکمل کرنے کے بعد اس طرح کے مریضوں کا علاج کرنا چاہیے۔

** **ایک انگلی یا زائد:** دوسرا درجہ مکمل کرنے کے بعد ہی اس طرح کے مریضوں کا علاج کرنا چاہیے۔ اور شروع میں پہلے اپنے روحانی استاد کے علم میں لاکر، اس سے مشورہ کر کے علاج شروع کرے۔ اگر تیسرا درجہ مکمل کرلیا ہے تو پھر کوئی مضائقہ نہیں۔ ہر طرح کے مریض کا علاج کر سکتا ہے۔ یہاں ایک بات ہمیشہ دھیان میں رہے کہ اس طرح کے مریضوں یا جگہوں کا جب بھی علاج کیا جاتا ہے، روحانی معالج کو نقصان ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔ اسی لیے منع کیا جاتا ہے کہ مبتدی حضرات، اس درجے کے مریضوں کا علاج نہیں کریں۔ چونکہ اس میں لازمی مخلوق سے سامنا ہوتا ہے اور وہ کسی بھی طرح کا نقصان پہنچا سکتی ہے۔

روحانی مریضوں کو کیا علاج دیا جائے؟

روحانی مریضوں کے علاج کرنے میں یہ سب سے اہم مرحلہ ہوتا ہے۔ اگر مرض کے مطابق علاج دیا جائے تو مریض کو شفاء بھی ہوتی ہے اور مشکل بھی پیش نہیں آتی، کوئی نقصان بھی نہیں ہوتا۔ جس طرح طب میں ہوتا ہے کہ اگر مرض کے مطابق دوا نہ دی جائے، کم یا زیادہ کر دی جائے تو فائدے کی بجائے نقصان ہو سکتا ہے، اسی طرح روحانی علاج میں بھی روحانی دوا جب کم یا زیادہ کر دی جائے تو نقصان کا احتمال رہتا ہے۔

اس سوال کو [illegible] بھی ناپ کے فرق کے مطابق سمجھیں۔ سات سلام چہل کاف اور امنت باللہ کے عاملین متوجہ ہوں۔ ایک اصول ذہن میں رہے کہ اگر کسی مریض پر جادو اور جنات دونوں کا اثر ہے تو اس کو ایسا علاج دیں، جو جادو اور جنات، دونوں میں کام کرے۔ اگر علیحدہ علاج دینا ہو یعنی جادو اور جنات دونوں کا اثر ہے مگر علاج جادو اور جنات کا علیحدہ دینا چاہیں تو ناپ کے مطابق علاج کا دورانیہ الگ الگ تجویز کیا جائے۔

ایک اہم بات یاد رکھیں کہ جب بھی کسی مریض کا علاج شروع کریں تو گوشت کا صدقہ ضرور کروائیں۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ تین چار بوٹیاں گوشت (چھوٹا یا بڑا مگر بغیر ہڈی، بہتر چھوٹا گوشت) لے کر ایک لفافے میں ڈالیں اور مریض کو لٹا کر اس کے اوپر سے سات بار واریں۔ لفافہ مریض کے جسم سے مَس ہونا ضروری ہے۔ اس کے بعد بوٹیوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے صبح (زوال سے قبل) اپنی چھت پر پرندوں کو ڈال دیں۔ یہ عمل مریض کے گھر والے خود کریں، عامل کو کرنا ضروری نہیں۔ پہلا صدقہ جب علاج شروع کرنے سے پہلے دیا جائے، پھر منگل کے روز دیا جائے۔

** **ایک چوتھائی انگلی:** آغاز میں صرف پینے اور جسم پر ملنے کے تعویذ دیں۔ چراغ کا عمل نہ دیا جائے۔ اگر کبھی ایسا ہو کہ علاج تو کر رہے ہیں، مگر چوتھائی انگلی کا اثر کم نہیں ہو رہا ہو یعنی تشخیص کی، چوتھائی انگلی کا اثر نکلا۔ پھر علاج کیا اور دوبارہ تشخیص پر بھی اتنا ہی اثر موجود ہے تو فوراً چراغ کا عمل شروع کروا دیا جائے۔ گوشت کا صدقہ صرف ایک بار آغاز میں کرنا کافی ہے۔ سونگھنے والی بتی صرف ایمرجنسی میں دی جائے۔

** **آدھی انگلی اور تین چوتھائی انگلی:** اس کا آغاز پینے، نہانے اور جسم پر ملنے سے کیا جائے۔ اگر مریض پرانا ہے، پہلے سے کافی علاج کروا چکا ہے تو چراغ کا عمل بھی ساتھ ہی شروع کر دیا جائے۔ گوشت کا صدقہ ایک بار آغاز میں کیا جائے۔ ہفتہ دس دن بعد دوبارہ کیا جائے۔ سونگھنے والی بتی صبح شام اور ایمرجنسی میں دی جائے۔

** **ایک انگلی یا زائد:** ایسے مریضوں کا علاج جب بھی شروع کریں تو یہ بات ذہن نشین رکھیں کہ مریض اور معالج، دونوں کو نقصان کا خطرہ رہتا ہے۔ اس

لیے اگر آغاز میں جلانے کا عمل کرنا ہے یعنی چراغ یا ھانڈی کا عمل تو پھر تین دن یہ پیغام مریض یا مریض کے گھر والے مریض کے سامنے دیں ''جو بھی مخلوق فلاں پر مسلط ہے، ہم آپ سے لڑنا اور نقصان دینا نہیں چاہتے۔ ہم تین دن بعد جلانے کا عمل شروع کر دیں گے۔ آپ سے گذارش ہے کہ مریض کو چھوڑ دیں ورنہ ہم نقصان کے ذمہ دار نہ ہوں گے۔ اگر آپ کو لڑنا ہے تو صرف وہی لوگ موجود رہیں، جنہوں نے لڑنا ہے، بچوں، عورتوں اور بوڑھوں کو بھیج دیں۔'' اسی طرح تین دن کہا جائے۔ جس جگہ تین دن کا ذکر ہے، وہاں دوسرے دن ''دو دن'' اور تیسرے دن ''ایک دن'' کہا جائے۔

آغاز نہانے، پینے، جسم پر ملنے اور جلانے کے عمل سے کر سکتے ہیں۔ میرا مشورہ یہ ہے کہ جلانے والے عمل سے ایسے مریضوں کا آغاز نہ ہی کیا جائے۔ تھوڑا لمبا علاج ہو مگر عافیت والا ہو تو زیادہ بہتر ہے۔ سونگھنے والی بتی صبح، عصر اور مغرب کے درمیان، رات سونے سے قبل اور ایمرجنسی میں دی جائے۔

روحانی علاج کا دورانیہ کیا ہو؟

یہ بھی بہت اہم مرحلہ ہے۔ جب علاج تجویز ہو گیا تو اس کا دورانیہ اگر غلط تعین ہو گیا تو بھی علاج میں نقص آئے گا اور مریض شکایت کرے گا۔ اس سوال کا جواب بھی ناپ کے فرق کے مطابق سمجھیں۔

** **ایک چوتھائی انگلی:** کاپی میں درج اعمال عموماً ایک تعویذ، ایک ہفتہ کے لکھے ہیں۔ اس درجے کے مریضوں کے لیے ایک تعویذ/ فلیتہ ایک ہفتہ کا دیا جائے۔ تفصیل درج ذیل ہے:

پینے والے تعویذ: صبح اٹھنے کے بعد اور شام (عصر اور مغرب کے درمیان)۔ دن میں دو بار۔

فلیتہ: آدھ گھنٹہ روزانہ، بعد مغرب تا قبل تہجد، وقت مقرر پر۔

جسم پر ملنے والے: صبح اور شام کافی ہے۔ دن میں دو وقت (دو تعویذ)۔ صبح اٹھنے کے بعد اور رات کو سونے سے قبل۔

غسل والے: ہفتہ میں دو بار غسل کروائیں۔ غسل صبح کے وقت کریں۔

** **آدھی انگلی اور تین چوتھائی انگلی:** اس درجے کے مریضوں کو تین دن کے حساب سے علاج دیں یعنی اگر دو ہفتہ کا علاج دینا ہے تو پانچ تعویذ دیے جائیں۔

پینے والے تعویذ: صبح اٹھنے کے بعد، ظہر اور مغرب کی نماز کے بعد اور رات کو سونے سے قبل۔ دن میں چار بار۔

فلیتہ: ایک گھنٹہ روزانہ، بعد مغرب تا قبل تہجد، وقت مقرر پر۔

جسم پر ملنے والے: صبح اٹھنے کے بعد، ظہر اور مغرب کی نماز کے بعد اور رات کو سونے سے قبل۔ دن میں چار بار۔

غسل والے: ایک دن چھوڑ کر ایک دن غسل کروائیں۔

** **ایک انگلی یا زائد:** اس درجے کے مریضوں کو روزانہ کے حساب سے علاج دیں یعنی اگر ایک ہفتہ کا علاج دینا ہے تو سات تعویذ دیے جائیں۔

پینے والے تعویذ: صبح اٹھنے کے بعد، ہر نماز کے بعد اور رات کو سونے سے قبل۔ دن میں سات بار۔

فلیتہ: ڈیڑھ گھنٹہ روزانہ، بعد مغرب تا قبل تہجد، وقت مقرر پر۔

جسم پر ملنے والے: صبح اٹھنے کے بعد، ہر نماز کے بعد اور رات کو سونے سے قبل۔ دن میں سات بار۔

غسل والے: روزانہ غسل کروائیں۔

اہم بات: ** مریض کو لمبا علاج نہ دیا جائے۔ کوشش کریں کہ ایک ہفتہ کا علاج دیں تا کہ دوبارہ تشخیص پر آپ کو یہ پتہ لگ جائے کہ علاج سے کیا فائدہ ہوا ہے اور نئے ناپ کے مطابق آپ علاج میں کمی یا زیادتی کر سکیں۔

** کبھی ایسا ہوتا ہے کہ علاج کرنے پر اثر کم ہو رہا ہو اور پھر دوران علاج اثر بڑھنا شروع ہو جائے تو سمجھ لیں کہ مخالف آپ کے علاج کی کاٹ لے کر آ گیا ہے، ایسے وقت میں فوراً مریض کا علاج دوسرے عمل سے کریں۔ یعنی اگر چہل کاف سے کر رہے ہیں تو امنت باللہ سے شروع کر دیں۔ اگر ایک ہی عمل ہے تو تعویذ بدل دیں۔

امید ہے کہ یہ مضمون روحانی معالجین کے لیے مفید ثابت ہوگا۔ دعا ہے کہ اللہ جل جلالہ ہماری درسگاہ کے طالب علموں کو ماہر روحانی معالج کی طرح تشخیص، تجویز اور علاج کرنے والا بنائے اور ان کو جادو اور جنات کے متاثرہ ہر قسم کے مریضوں کے علاج میں کامیابی عطا فرمائے۔ آمین

ہمزاد قابو کرنے کی خواہش

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

سوال: السلام علیکم! محترم میں نے سائٹ بعنوان دارالعمل چشتیہ کا وزٹ کیا۔ وہ بھی اتفاق سے سامنے آ گئی۔ جس کا مفصل مطالعہ کیا تو معلومات حاصل ہوئیں تو عرض ہے:

اول تو میں ہمزاد قابو کرنا چاہتا ہوں وہ بھی آپ کے زیر سایہ درس گاہ میں۔

دوسرا یہ کہ میں سرتاپہ بیمار ہوں، بے انتہا علاج کروایا۔ لیکن صورت حال حال یوں ہوئی کہ جوں جوں علاج کروایا مرض بڑھتا گیا۔

1۔ شدید قبض 2۔ آنکھوں کے پردوں کی کمزوری۔ میں روز بروز اندھے پن کی جانب گامزن ہوں۔ 3۔ قوت سماعت سے محرومی (یہ پیدائشی نہیں ہے) آلہ سماعت لگاتا ہوں۔ لیکن الفاظ سمجھ میں نہیں آتے۔ لہٰذا لکھ کر بات چیت کرتا ہوں۔ 4۔ بے انتہا جسمانی اور معدہ کی کمزوری۔ وغیرہ وغیرہ

میری عمر اس وقت 52 سال ہے۔ نیز میں ماشاءاللہ پنج وقت کا نمازی اور تہجد گزار ہوں۔ تہجد کی عبادت کے دوران کچھ غیر مرئی آوازیں تنگ کرتی ہیں جو سمجھ میں نہیں آتی۔ برائے کرم خدا کے واسطے اس سلسلے میں میری مدد فرمائیں۔ شکریہ (م)

جواب: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ محترم! آپ نے جس خواہش کا اظہار کیا ہے اور جو کیفیات لکھی ہیں، وہ دونوں متضاد ہیں۔ ہمزاد کا عمل دیکھنے یا پڑھنے میں آسان لگتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ ہمزاد کا عمل، جنات کے عمل سے بہت زیادہ مشکل ہوتا ہے۔ جنات کے عمل میں جو جن/ جنات آتے ہیں، وہ آپ سے واقف نہیں ہوتے۔ لیکن ہمزاد تو آپ کی رگ رگ سے واقف ہوتا ہے۔ ساری کمزوریوں اور خامیوں سے واقف ہوتا ہے۔ اسے پتہ ہوتا ہے کہ کس وقت کیا کریں تو عامل مشکل میں پڑسکتا ہے۔ پھر آپ نے اپنی جو جسمانی حالت لکھی ہے، وہ کسی طرح بھی ہمزاد کے عمل کرنے کے قابل نہیں ہے۔ جنات کا عمل بگڑ جائے تو سنبھالا جاسکتا ہے لیکن ہمزاد کا عمل بگڑ جائے تو بہت مشکل سے سنبھلتا ہے۔

دوسری بات یہ کہ آپ نے مکمل ویب سائٹ دیکھی نہ وہاں کس جگہ آپ نے یہ لکھا دیکھا کہ ہماری روحانی درسگاہ میں ''ہمزاد'' کا عمل کروایا جاتا ہے؟ جہاں تک ہماری معلومات ہیں، ہم نے یہ کسی جگہ بھی نہیں لکھا۔ کیونکہ میں خود کسی انجان بندے کو ہمزاد کے عمل کروانے کے حق میں نہیں۔ ہماری شرائط تسخیر کے معاملے میں بہت سخت ہیں۔ مثلاً عمل کرنے والا کئی سال کا واقف کار ہو۔ آپ استخارہ کریں کہ ہم سے سیکھنا بہتر ہے یا نہیں۔ ہم بھی استخارہ کریں گے کہ آپ کو سکھانا بہتر ہے یا نہیں۔ حال ہی میں ہمارے ادارے کے ایک پرانے رکن مولانا محمد عرفان نے فراڈ کیا اور ادارے کو کافی نقصان پہنچایا۔ حالانکہ ایک عرصہ سے ان کو جانتے تھے۔ اسی طرح کئی دوسرے افراد نے بھی کیا۔ ایسے لوگوں کی وجہ سے یہ فیصلہ کرلیا گیا ہے کہ ہرگز کسی کو بھی تسخیر کا عمل نہیں کروایا جائے گا۔ اس لیے میں آپ سے معذرت چاہوں گا کہ ہمزاد کا عمل نہیں کرواسکتا۔

مزید مشورہ بھی یہ دوں گا کہ اس چکر میں نہ پڑیں۔ آپ کی جسمانی حالت پہلے ہی خراب ہے۔ ہمزاد کے عامل کی جسمانی اور دماغی حالت، دونوں بہت اچھی ہونی چاہئیں۔ اپنے آپ کو مزید پریشانی اور تکلیفوں میں نہ ڈالیں۔ سب سے پہلے آپ اپنے علاج پر توجہ دیں۔ اگر بیماری سے شفاء نہیں مل رہی تو پھر روحانی تشخیص کروائیں کہ کہیں آپ جادو، جنات، آسیب، نظرِ بد، رجعت یا بندش کا شکار تو نہیں ہیں۔ میرے غالب گمان میں آپ کے ساتھ رجعت کا معاملہ اور بداثرات کا معاملہ ہے۔ اس لیے روحانی علاج کو فوقیت دیں اور روحانی علاج کروائیں۔ میں نے باقاعدہ تشخیص نہیں کی کیونکہ حالات پڑھ کر ضرورت محسوس نہیں ہوئی۔

آپ برا نہ منائیے گا۔ ہر خواہش پوری نہیں ہوا کرتی اور یہ ہمزاد، جنات اور غیبی مخلوق کی تسخیر کے شوق میں بہت لوگوں کی زندگیاں خراب ہوئی ہیں۔ کچھ لوگ وہ بھی ہیں جن کو آسانی سے اللہ ﷻ یہ مخلوق عطا فرمادیتے ہیں اور کچھ کی ساری زندگی چلے کرتے ہوئے گذر جاتی ہے اور کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا، سوائے بندشوں اور رجعت کے جو ہر چلے پر مزید بڑھتی جاتی ہیں۔

پھر بھی آپ اگر اس خواہش سے نہیں ہٹنا چاہتے تو پھر تین کام کریں۔ سب سے پہلے استخارہ کریں اور یہ دعا کریں کہ ''یا اللہ! اگر ہمزاد کا عمل کرنا میرے لیے ابھی یا مستقبل میں فائدہ مند ہے اور اس میں خیر ہے تو مجھے دکھا دے یا مطلع فرمادے۔'' اگر استخارے کا جواب ''ہاں'' میں آئے تو پھر اس خواہش کو پورا کرنے کی کوشش کریں اور اگر ''انکار'' ہوجائے تو پھر ذہن سے نکال دیں اور اپنی باقی عمر میں اپنے لیے مزید پریشانیاں نہ بڑھائیں۔ ''ہاں'' آنے کی صورت میں دوسرا کام یہ کریں کہ پہلے کسی اچھے روحانی معالج سے علاج کروائیں۔ ساتھ ہی طبی علاج بھی کروائیں۔ پھر جب جسمانی و دماغی حالت کافی بہتر ہوجائے تو تیسرا کام یہ کریں کہ دوبارہ استخارہ کریں اور سوال یہ رکھیں کہ ''یا اللہ! ہمزاد کا عمل فلاں سے سیکھنا بہتر ہے یا فلاں سے؟'' پھر جس کے بارے میں اللہ کی طرف سے ''ہاں'' آجائے، اس کی نگرانی میں عمل کرلیں۔

جون 2017ء کے خاص اوقات

اہم نظرات سیارگان

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
شمس تثلیث مشتری	02-16-17 20:39	03-06-17 21:13	04-06-17 21:52
زہرہ تسدیس مریخ	06-06-17 18:55	09-06-17 20:41	12-06-17 18:31
عطارد تثلیث مشتری	13-06-17 09:08	13-06-17 20:45	14-06-17 08:19
شمس مقابلہ زحل	14-06-17 15:59	15-06-17 15:19	16-06-17 14:38
عطارد مقابلہ زحل	18-06-17 13:30	19-06-17 00:08	19-06-17 10:44
عطارد قران شمس	20-06-17 23:54	21-06-17 19:15	22-06-17 14:38
عطارد تربیع مشتری	27-06-17 11:39	27-06-17 23:21	28-06-17 11:08
عطارد قران مریخ	28-06-17 08:00	29-06-17 00:51	29-06-17 11:57

حالت قمر

	تاریخ داخلہ	وقت داخلہ	تاریخ خروج	وقت خروج
قمر در عقرب	05جون	15:45	08جون	03:59
ھبوط قمر	05جون	19:44	05جون	20:24
قمر در ثور	20جون	02:52	22جون	03:44
شرف قمر	20جون	06:13	20جون	07:53

بغیر فیس والے اعمال منگوانے والوں سے گذارشات

۱)۔کوپن میں لکھا ہوا ہے جوابی لفافہ (رجسٹری یعنی 38روپے کے ٹکٹ لگا کر) بھیجیں مگر کئی لوگ جوابی لفافہ ہی نہیں بھجواتے۔

۲)۔اگر جوابی لفافہ بھجواتے ہیں تو اس پر ٹکٹ نہیں ہوتی، نہ ہی ساتھ ٹکٹ ہوتی ہے۔

۳)۔ایک وقت میں عوام تین تین اعمال کے لئے کوپن بھیج دیتے ہیں۔ کوپن میں لکھا بھی ہے کہ ایک وقت میں صرف دو اعمال کروائے جاتے ہیں۔

۴)۔عوام کوپن مکمل پر نہیں کرتے۔مثلاً، والد یا والدہ کا نام نہ لکھنا، E-MAIL نہ لکھنا، پتہ نامکمل لکھنا وغیرہ۔

۵)۔کوپن میں غلطی کی وجہ سے کال کی جائے تو کئی کئی دن فون نہ اٹھانا۔sms کریں تو کوئی جواب نہ دینا۔

۶)۔کوپن صرف موجودہ ماہ کا قبول کیا جاتا ہے۔ جب کہ لوگ پرانے رسالوں کے کوپن بھجوا دیتے ہیں۔

۷)۔کوپن صرف وہی قابل قبول ہے جو رسالے میں چھپتا ہے۔ اس کی تصویر یا PDF سے پرنٹ کرنا یا فوٹو کاپی وغیرہ نا قابل قبول ہے۔ جب کہ لوگ پرنٹ اور فوٹو کاپیاں ارسال کر رہے ہیں۔

۸)۔شناختی کارڈ وہ بھجواتے ہیں جو Expire ہو گیا ہوتا ہے۔

۹)۔لوگ اس بات کا خیال نہیں رکھتے کہ وہ اگر ممبر نہیں تو ممبران کے اعمال نہیں منگوا سکتے، عالم نہیں تو عالموں والے اعمال نہیں منگوا سکتے، روحانی درسگاہ کے طالب علم نہیں تو روحانی درسگاہ کے طالب علموں والے اعمال نہیں منگوا سکتے۔مسلسل ایسے کوپن موصول ہوتے ہیں جن میں اپنے سے متعلقہ اعمال نہیں لکھے ہوتے۔

۱۰)۔بھیجے گئے خط میں اپنا پتہ نہیں لکھتے۔جوابی لفافے پر بھی نہیں لکھتے۔ کوپن پر بھی مکمل پتہ نہیں لکھتے۔

روحانی علاج گاہ کے خاص تعویذات

ہدیہ: 1600 روپے
برائے ممبران: 1100 روپے

تعویذ نمبر 1 جلد شادی کا قرآنی تعویذ

اولاد کے لیےنصیب والے رشتے بے حد اہم چیز اور بعض دفعہ زندگی اور جینے کا واحد مقصد معلوم ہوتے ہیں۔اس حوالے سے ادارے میں لوگ رشتوں کی بندش کے خاتمے اور پسندیدہ یا اچھے اور مناسب رشتے کی طلب لے کر تشریف لاتے ہیں۔جن کیلئے ادارے سے خاص قرآنی تعویذ اور ساتھ ہی مخصوص وظیفہ دیا جاتا ہے۔ لہٰذا ایسے افراد جو شادی کے لئے رشتہ تلاش کر رہے ہیں، وہ اوران کے عزیز و اقارب یہ تعویذ حاصل کریں اور تعویذ کی کرامت ملاحظہ فرمائیں۔

تعویذ نمبر 2 شادی کی ہر طرح کی رکاوٹ دور کرنے کا قرآنی تعویذ

شادی میں رکاوٹ روحانی طور پر پیدا کرنا حاسدین کا محبوب ترین مشغلہ ہے۔اس میں نوجوان لڑکیوں کے رشتے باندھ دینا،ان کے رشتے نہ آنا،اگر رشتے آئیں تو پسند نہ آئیں،اگر پسند آجائیں تو واپسی جواب نہ آنا،اگر بات طے ہوجائے تو منگنی کی شکل میں نکاح تک بات نہ پہنچنا، 6 سال، 4 سال، گزر جانا مگر شادی ہونے، نکاح ہونے اور رخصتی ہونے کا نام ہی نہیں لیتی۔ایسے مایوس اور ناامید افراد جوجگہ جگہ جا کر مایوس ہو چکے ہیں۔ان کے لئے ادارے کا یہ خاص تعویذ جو بندش کو کاٹتا ہے، مختلف رکاوٹوں، بندشوں اور جنات وغیرہ کو ختم کرتا ہے اور ساتھ ہی شادی کے معاملات طے ہونا شروع ہوجاتے ہیں۔

تعویذ نمبر 3 رزق کی ہر طرح کی رکاوٹ دور کرنے کا قرآنی تعویذ

آج کل لوگ سارا سال اور سارا دن رزق کی بے برکتی کا رونا روتے رہتے ہیں۔پیسے کے تمام راستے بند ہو جانا، ملازمت کا نہ ملنا، روزگار اور کاروبار کا نہ چلنا، چلتے کاروبار کا بند ہوجانا، قرض کی رقم کا بہت بڑھ جانا، بیرون ملک پہنچ گئے مگر معاشی معاملات بہتری کی طرف نہیں جارہے۔ایسے سارے لوگ جو رزق کی بندش، رکاوٹ، تنگی، پریشانی، قرض کی زیادتی، عرش سے فرش پر آگرنے والے لوگ فوری طور پر ایسے قرآنی تعویذ سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور اس قرآنی تعویذ کے فوائد، کرامات اور کرشمات اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔

تعویذ نمبر 4 ہر طرح کی پریشانی مصیبت اور مشکل کے خاتمے اور جائز حاجت پوری ہونے کا خاص قرآنی تعویذ

آج جن مصائب سے عموماً ہمارا واسطہ پڑتا ہے۔ان میں سرفہرست اولاد کی نافرمانی، جھوٹے مقدمات میں لوگوں کا ملوث کردینا، رزق میں بے برکتی، زوجین (میاں بیوی) میں ناچاقی، گھر میں بلاوجہ کی تنگی، غصہ آنا، ہمسایوں سے بلاوجہ ناچاقی، کسی ظالم، جابر اور شریر کا بلاوجہ تنگ کرنا، کسی فرد کا حق دبا لینا، جگہ، مکان، پلاٹ پر قبضہ کرلینا، کاروباری افراد کا حسد کرنا، رشتہ داروں کا حسد کرنا، بچوں کو نظر لگ جانا، بچوں کی خداداد صلاحیتوں کو گھن لگ جانا، کسی کام میں بلاوجہ رکاوٹیں اور مشکلات پیش آنا، ملازمت کا نہ ملنا، کاروبار کا نہ چلنا، کسی بچے، بڑے یا عزیز رشتہ داروں کا باہر جانے کی ضرورت اور حاجت پوری ہونے کے لئے یہ تعویذ تیر بہدف ہے۔اس تعویذ کے بارے میں یوں کہنا بے جا نا ہوگا کہ ہر طرح کی حاجت، ضرورت اور جائز سوچ کی تکمیل میں یہ تعویذ معاون ہے اور بارہا کا مجرب ہے۔اس تعویذ کے ساتھ وظیفہ بھی دیا جاتا ہے تاکہ تعویذ سے کماحقہ فائدہ اُٹھایا جاسکے۔

دارالعمل چشتیہ کے مختلف

شعبہ نشرواشاعت سے رابطے کی تفصیل

دفتر (فون) 042-35410586 (موبائل) 0322-4773786

فون کے اوقات: دوپہر 12 بجے سے شام 7 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

دفتر کے اوقات: دوپہر 12 بجے سے شام 7 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

شعبہ نشرواشاعت ای میل: info@darulamal.org

پتہ: شعبہ نشرواشاعت، دارالعمل چشتیہ، 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

خزینۂ روحانیات سے رابطے کی تفصیل

دفتر (فون) 042-35410586 (موبائل) 0322-4773786

فون کے اوقات: دوپہر 12 بجے سے شام 7 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

دفتر کے اوقات: دوپہر 12 بجے سے شام 7 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

مدیر اعلیٰ: 0333-4308286

فون کے اوقات (مدیر اعلیٰ): دوپہر 2 بجے سے شام 4 بجے (تعطیل بروز جمعہ و اتوار)

اوقاتِ ملاقات (مدیر اعلیٰ): شام 4 بجے سے 8 بجے (صرف بروز اتوار)

مدیر: 0324-8439477

فون کے اوقات (مدیر): صبح 10 بجے سے شام 5 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

اوقاتِ ملاقات (مدیر): شام 4 بجے سے 8 بجے (صرف اتوار)۔ باقی دنوں میں فون پر وقت لے کر ملاقات کر سکتے ہیں۔ (تعطیل بروز جمعہ)

ماہنامہ خزینۂ روحانیات ای میل: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

پتہ: ماہنامہ خزینۂ روحانیات: 586، کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

روحانی درسگاہ سے رابطے کی تفصیل

دفتر (فون) 042-35410586 (موبائل) 0320-4661681

فون کے اوقات: صبح 11 بجے سے شام 5 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

دفتر کے اوقات: صبح 11 بجے سے شام 6 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

سرپرست روحانی درسگاہ: 0323-4435861

فون کے اوقات (سرپرست): دوپہر 2 بجے سے شام 4 بجے (تعطیل بروز جمعہ و اتوار)

اوقاتِ ملاقات (سرپرست): شام 4 بجے سے 8 بجے (صرف بروز اتوار)

ناظم روحانی درسگاہ: 0346-4661681

فون کے اوقات (ناظم): صبح 10 بجے سے شام 5 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

اوقاتِ ملاقات (ناظم): شام 4 بجے سے 8 بجے (صرف اتوار)۔ باقی دنوں میں فون پر وقت لے کر ملاقات کر سکتے ہیں۔ (تعطیل بروز جمعہ)

نائب ناظم روحانی درسگاہ: 0324-8439477

فون کے اوقات (نائب ناظم): صبح 10 بجے سے شام 5 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

اوقاتِ ملاقات (نائب ناظم): شام 4 بجے سے 8 بجے (صرف اتوار)۔ باقی دنوں میں فون پر وقت لے کر ملاقات کر سکتے ہیں۔ (تعطیل بروز جمعہ)

روحانی درسگاہ ای میل: ruhanidarsgah@gmail.com

پتہ: روحانی درسگاہ، 586، کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

نوٹ روحانی درسگاہ کے بارے میں بنیادی معلومات کے لیے دفتر رابطہ فرمائیں۔ جو شاگرد بن چکے ہیں، وہ کسی عمل کے بارے میں رہنمائی چاہتے ہوں تو ناظم یا نائب ناظم سے رابطہ فرمائیں۔ اگر پھر بھی تسلی نہ ہو تو پھر سرپرست جناب خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ سے رابطہ فرمائیں۔ شکریہ۔

روحانی علاج گاہ سے رابطے کی تفصیل

دفتر (فون) 042-35410586 (موبائل) 0324-7772772

فون کے اوقات: دوپہر 3 بجے سے شام 7 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

روحانی علاج گاہ کے اوقات ملاقات: دوپہر 4 بجے سے شام 7 بجے تک (علاوہ جمعہ)

سرپرست روحانی علاج گاہ: 0323-4435861

فون کے اوقات (سرپرست): دوپہر 2 بجے سے شام 4 بجے (تعطیل بروز جمعہ و اتوار)

اوقاتِ ملاقات (سرپرست): شام 4 بجے سے 8 بجے (صرف بروز اتوار)

ناظم روحانی علاج گاہ: 0324-8439477

فون کے اوقات (ناظم): صبح 10 بجے سے شام 5 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

اوقاتِ ملاقات (ناظم): شام 4 بجے سے 8 بجے (صرف اتوار)۔ باقی دنوں میں فون پر وقت لے کر ملاقات کر سکتے ہیں۔ (تعطیل بروز جمعہ)

نائب ناظم روحانی علاج گاہ: 0343-4686217

شعبوں سے رابطے کی تفصیل

فون کے اوقات (نائب ناظم): صبح 10 بجے سے شام 5 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

اوقات ملاقات (نائب ناظم): شام 4 بجے سے 8 بجے (صرف اتوار)۔ باقی دنوں میں فون پر وقت لے کر ملاقات کر سکتے ہیں۔ (تعطیل بروز جمعہ)

روحانی علاج گاہ ای میل: ruhaniilajgah@gmail.com

پتہ: روحانی علاج گاہ، 586، کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

نوٹ بنیادی/معمولی روحانی علاج کے لیے دفتر رابطہ فرمائیں۔ سخت جادو یا روحانی پریشانی کی صورت میں اگر بڑا عمل/علاج کروانا ہو تو ناظم یا نائب ناظم سے رابطہ فرمائیں۔ اگر پھر بھی تسلی نہ ہو تو پھر سرپرست جناب خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ سے رابطہ فرمائیں شکریہ۔

مطب العارف سے رابطے کی تفصیل

دفتر (فون) 042-35410586 (موبائل) 0307-5525103

فون کے اوقات: دوپہر 12 بجے سے شام 7 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

مطب کے اوقات: دوپہر 12 بجے سے شام 7 بجے (تعطیل بروز جمعہ)۔ معائنہ مریض صرف بروز اتوار۔ باقی دنوں میں ادویات کی فروخت کی جاتی ہے۔

شعبہ حکمت: 0300-4686217

فون کے اوقات (شعبہ حکمت): صبح 10 بجے سے شام 5 بجے (بروز جمعہ)

اوقات ملاقات (شعبہ حکمت): شام 4 بجے سے 8 بجے (صرف اتوار)۔ باقی دنوں میں فون پر وقت لے کر ملاقات کر سکتے ہیں۔ (تعطیل بروز جمعہ)

شعبہ ہومیو پیتھی: 0321-4168008

فون کے اوقات (شعبہ ہومیو پیتھی): صبح 10 بجے سے شام 5 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

اوقات ملاقات (شعبہ ہومیو پیتھی): شام 4 بجے سے 8 بجے (صرف اتوار)۔ باقی دنوں میں فون پر وقت لے کر ملاقات کر سکتے ہیں۔ (تعطیل بروز جمعہ)

مطب العارف ای میل: matabalaarif@gmail.com

پتہ: مطب العارف، 586، کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

مکتبۃ العارف سے رابطے کی تفصیل

دفتر (فون) 042-35410586 (موبائل) 0332-4487877

فون کے اوقات: دوپہر 12 بجے سے شام 7 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

مکتبہ کے اوقات: دوپہر 12 بجے سے شام 7 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

ناظم مکتبۃ العارف: 0323-4487877

فون کے اوقات: دوپہر 12 بجے سے شام 7 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

مکتبۃ العارف ای میل: maktabatulaarif@gmail.com

پتہ: مکتبۃ العارف، 586، کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

روحانی دکان سے رابطے کی تفصیل

دفتر (فون) 042-35410586 (موبائل) 0334-4312272

فون کے اوقات: صبح 11 بجے سے شام 6 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

روحانی دکان کے اوقات: صبح 11 بجے سے شام 6 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

روحانی دکان کی ای میل: ruhanishop@gmail.com

پتہ: روحانی دکان، 586، کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ سے رابطے کی تفصیل

دفتر (فون) 042-35410586 (موبائل) 0312-7772772

فون کے اوقات: صبح 12 بجے سے شام 7 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

ٹرسٹ کے اوقات: صبح 12 بجے سے شام 7 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

ٹرسٹ کی ای میل: info@darulamal.org

پتہ: دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ، 586، کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

نوٹ ٭فون پر رابطہ نہ ہونے پر آپ SMS یا آڈیو پیغام ارسال کر سکتے ہیں۔ فرصت ملنے پر متعلقہ شعبے کی طرف سے آپ سے رابطہ کر لیا جائے گا۔ ٭٭برائے مہربانی درج اوقات کے علاوہ فون کرنے کی زحمت نہ فرمائیں۔ ٭٭ملاقات کیلئے فون پر رابطہ کر کے تشریف لائیں۔ ٭٭صرف اپنے متعلقہ شعبے کے فون نمبروں پر رابطہ فرمائیں۔

روحانی علاج کیلئے دم شدہ اشیاء برائے روحانی مریض ومعالجین

روحانی اگربتی برائے دفع نحوست قیمت: 200 روپے

نحوست کسی بھی قسم کی ہو، اس جگہ پر رہنے والوں اور کاروبار کرنے والوں کو بری طرح متاثر کرتی ہے۔ صبح شام ایک ایک اگربتی متاثرہ جگہ پر جلائیں۔

روحانی اگربتی برائے حصول برکت قیمت: 200 روپے

دکان، کاروبار، فیکٹری اور گھر میں حصول برکت کیلئے اور بے برکتی دور کرنے والی لاجواب اگربتی۔

روحانی اگربتی برائے دفع جادو و جنات قیمت: 150 روپے

جادو، جنات، شیاطین، نظر بد، حسد، گھر میں بے اتفاقی و بے چینی، لڑائی جھگڑے، مسلسل ناکامیوں کے لئے بہت مفید روحانی اگربتی۔

روحانی نمک قیمت: 100 روپے

روحانی نمک کے استعمال سے جسم میں موجود جادو یا جنات کے اثرات ختم ہو جاتے ہیں۔ ان اثرات سے پیدا شدہ بیماریاں ٹھیک ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔

روحانی چینی قیمت: 100 روپے

روحانی چینی بیماریوں کے اس دور میں ایک خاص الخاص روحانی شفائی تحفہ ہے۔ روحانی چینی جادو/ جنات سے بطور حفاظت بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔

روحانی آب شفاء قیمت: 100 روپے

لاعلاج اور جان لیوا امراض میں مبتلا، مریضوں کیلئے نوید شفاء۔

روحانی پھکی قیمت: 30 روپے

ایک خاص پھکی جس پر قرآنی آیات کا دم کیا ہوا ہے۔ جو درج ذیل امراض کے علاج میں مفید ہے۔ پیٹ درد، گیس، بدہضمی، قبض، بھوک کی کمی، متلی وغیرہ۔

روحانی عرق گلاب قیمت: 200 روپے 750ml

جادو، جنات اور نظر بد کی وجہ سے رہنے والا سر درد ہمیشہ کے لئے ختم کرتا ہے۔ جادو جنات کی تمام علامات میں زبردست فائدہ دیتا ہے۔

روحانی شہد قیمت 500 گرام: 500 روپے

جملہ جناتی وشیطانی اثرات سے حفاظت اور لاجواب طاقت کا خزانہ اور روحانی شفاء کی نوید بھی۔

روحانی تیل

1. برائے دفع جادو/ جنات قیمت: 100 روپے

جادو/جنات کے مریضوں کیلئے پیام شفا ہے۔ جادو/جنات کے اثرات کو جسم سے چن چن کر ختم کرتا ہے۔ تھکاوٹ سے چور بدن کو آرام پہنچاتا ہے۔

2. برائے سکون قیمت: 350 روپے

روحانی علاج گاہ کا تیار کردہ تیل جس پر خاص دم کیا گیا ہے، ان افراد کے لیے بہت مفید ہے جن کو صحیح نیند نہیں آتی اور نیند کی گولیاں کھانی پڑتی ہیں۔

3. برائے دفع درد ہر قسم قیمت: 200 روپے

جسم میں کہیں بھی درد ہو۔ پٹھوں میں درد ہو۔ غرض کہ آپ کو کہیں بھی درد ہو۔ روحانی تیل: جنات کے حاضری کے مریض، جادو کے مریض، دماغی اثرات وغیرہ کیلئے نسخہ اکسیر ہے۔

4. روغن بادام قیمت: 300 روپے

معدہ میں زخم اور سوزش میں مفید ہے۔ شدید قبض کو ختم کرتا ہے۔ سر کی خشکی، خارش، بال گرنے، بالوں اور سر کے جملہ امراض کے لیے آزمودہ ہے۔

5. برائے اعصاب بڑی پیکنگ: 450 روپے

جادو/جنات کے معالجین کے لیے ایک قیمتی تحفہ ہے ☆ چلہ کشی کی وجہ سے پیدا ہونے والے دردوں کیلئے اکسیر ہے۔ چھوٹی پیکنگ: 250 روپے

روحانی دکان، دار العمل چشتیہ، لاہور
فون: 042-35410586 موبائل: 0334-4312272
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

جلد شادی ہونے کا خاص عمل

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دار العمل چشتیہ)

شرف قمر کا آغاز 20 جون 2017 کو بروز منگل صبح 6:13 بجے شروع ہوگا اور اختتام 20 جون 2017 کو بروز منگل صبح 7:53 بجے ہوگا۔ شرف قمر کا وقت مثبت اعمال کے لیے بہت مناسب وقت ہے۔

اس ماہ ایک ایسے عمل کا انتخاب کیا گیا ہے، جو ان افراد کے لیے ہے، جن کی شادی (نکاح) نہ ہو رہی ہو۔ وجہ کوئی بھی ہو، رشتے آتے ہوں، بات نہ بنتی ہو۔ رشتے ہی نہ آتے ہوں۔ رشتہ ہو کر ٹوٹ جاتا ہو۔ البتہ اگر جادو یا جنات کی وجہ سے بندش لگی ہو تو اس عمل سے فائدہ کم ہوگا اور کافی دیر سے ہوگا۔

عمل کس طرح تیار کریں؟

شرف قمر کے وقت کے درمیان سفید کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے اس عمل کے تعویذ تیار کریں۔ بخور جلائیں۔ ایک مثال سے سمجھیے۔

عمل:	وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَصِهْرًا ۗ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيرًا	3371
سائل کا نام مع والدہ:	شازیہ بنت نسیم	483
	کل اعداد	3854

چاروں چالوں سے مربع عددی تعویذ تیار کریں۔ تعویذ کے نیچے مقصد لکھیں "فلاں بن/ بنت فلاں کی شادی جلد از جلد کسی اچھی جگہ ہو جائے"۔

** آتشی چال کے اکیس تعویذ تیار کریں۔ روزانہ ایک تعویذ کو چراغ میں چنبیلی کے تیل میں جلائیں۔ چراغ کا رخ قبلہ کی طرف کریں۔

** بادی کو ہوا میں لٹکائیں۔

** آبی چال کے اکیس تعویذ تیار کریں۔ روزانہ ایک تعویذ کو رات کو پانی میں بھگوئیں۔ صبح سے اس پانی کے تین استعمال کرنے ہیں۔ سائل دن میں پانی پیے۔ رات کو سائل کے سونے والے کمرے میں چھڑکا جائے۔ اس پانی کو دوسرے پاک پانی میں ملا کر، کسی پاک جگہ سائل کے اوپر سے بہایا جائے۔ اگر کسی دن پانی بہانا ممکن نہ ہو تو صبح و شام پاک جگہ پر منہ دھولیا جائے۔ لڑکی پاکی کے دن سے شروع کرے۔

** خاکی کو گھر کی دہلیز کے آگے دفن کر دیں۔ جس جگہ پکا فرش ہو، وہ گھر کے داخلی دروازے (مین گیٹ) کے دائیں طرف دبا دیں۔

** خاکی کو گھر کی دہلیز کے آگے دفن کر دیں۔ جس جگہ پکا فرش ہو، وہ گھر کے داخلی دروازے (مین گیٹ) کے دائیں طرف دبا دیں۔

سائل کا جو مزاج ہو، اس چال کا تعویذ تیار کر کے سائل کے گلے میں ڈلوائیں یا سائل کو پاس رکھنے کو دیں۔

نوٹ شرف قمر ہر ماہ لگتا ہے۔ اس لیے اگر ایک ماہ میں رشتہ نہ ہو تو اگلے شرف قمر میں دوبارہ عمل تیار کر لیا جائے۔ ان شاء اللہ، تین بار سے زیادہ کی نوبت نہ آئے گی۔

عمل کون لوگ تیار کریں؟

اس عمل کو وہ لوگ تیار کریں، جو اس آیت کے عامل ہیں۔ اگر غیر عامل تیار کرنا چاہے تو شرف قمر کے وقت دو رکعت نماز پڑھے اور اول و آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ تین ہزار تین سو اکہتر (۳۳۷۱) بار اس آیت کو پڑھے۔ عمل کے اختتام پر دعا مانگے۔ پھر جتنے تعویذات تیار کرنے ہیں، کر لیں۔ جو لوگ خود تیار نہ کر سکیں، وہ ادارے سے رابطہ کر لیں۔ رابطہ اس نمبر پر کریں: 0334-4312272۔ ھدیہ **3100** روپے

دو تعویذات (بادی، خاکی چال) اور اکیس + اکیس تعویذات (آتشی، آبی چال) کے تیار کر کے دیے جائیں گے۔

ہزاروں فوائد کا حامل تعویذ، ہزاروں راتوں سے بہتر رات میں بنوایئے

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر، ناظم روحانی درسگاہ

شب قدر کی رحمتوں بھری عظیم رات سال بھر کی راتوں کی سردار ہے۔اس رات کی ہر گھڑی، ہر پل، ہر ساعت، ہر سیکنڈ ومنٹ کروڑوں بلکہ اربوں کھربوں برکتوں کا حامل ہے۔

ایسی برکتیں، ایسی رحمتیں، ایسی عنایتیں، ایسی مہربانیاں، ایسی عطائیں، ایسی خیریں کسی اور رات کو نصیب نہیں ہیں۔

ایسی شرف والی رات اور ایسی شرف والی ساعتیں کہ جس کا مقابلہ لاکھوں شرف شمس، شرف قمر، شرف عطارد، شرف زہرہ، شرف مریخ، شرف زحل، کروڑوں بار بھی مل کر نہیں کر سکتے۔ہر رات جہاں عبادت، اطاعت، مناجات اور مغفرت کی رات ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ہر قسم کی دعاؤں، حاجتوں، ضرورتوں، آسوں، تمناؤں امیدوں کی سو فیصد تکمیل کی رات بھی ہے۔قارئین کرام یہ وہی رات ہے۔کہ جس کے بارے میں احادیث مبارکہ میں آتا ہے کہ اللہ رب العزت خود فرماتے ہیں کہ ہے کوئی مانگنے والا کہ ہم اس کو عطا کریں۔ ہے کوئی خالی جھولی پھیلانے والا کہ آج اس کی خالی جھولی کو بھر کر لے جائے۔ ہے کوئی سوالی کہ جس کے کو آج ہم اتنا دیں کہ آج کے بعد اس کا کوئی سوال باقی ہی نہ رہے۔جی ہاں!

قارئین یہی عظیم رات ہے کہ جس میں اللہ اپنے بندوں سے براہ راست مخاطب ہو کر فرماتے ہیں۔ ہے کوئی محتاج؟ ہے کوئی سائل؟ ہے کوئی سوالی؟ ہے کوئی حاجت مند؟ ہے کوئی ضرورت مند؟

اللہ اکبر کبیرا! بے شک اسی رات کسی کو خالی نہیں موڑا جاتا ہے، کسی کو مایوس نہیں کیا جاتا۔کسی کو خالی دامن، خالی جھولی، خالی ہاتھ نہیں لوٹایا جاتا۔قارئین کوئی بھی مانگنے سے محروم نہ رہے۔ مانگئے، ضرور مانگئے، بے انتہا مانگئے، اپنی اوقات سے بڑھ کر مانگئے!!

قارئین! اس عظیم رات کی عظیم ساعتوں میں ایک عظیم تعویذ نہایت ہی عظیم کاموں کے لیے تیار کیا جائے گا۔

اس عظیم الشان رات میں اپنے عظیم الشان اللہ سے مانگنے سے بھی کوئی محروم نہ رہے اور عظیم الشان اللہ کے عظیم الشان کلام سے تیار کیے جانے والے عظیم الشان تعویذ سے بھی کوئی محروم نہ رہے۔

چند مقاصد

(1) وسعت رزق (2) فراخی رزق (3) کشادگی رزق (4) کثرت رزق (5) وسائل رزق (6) اسباب رزق (7) برکت رزق (8) ترقی کاروبار (9) ترقی رزگار، ترقی رزق (10) ترقی دولت (11) قرضوں سے نجات (12) تنگدستی سے نجات (13) غربت و افلاس سے نجات (14) بے روزگاری سے نجات (15) ہر قسم کی مالی پریشانیوں سے نجات (16) گاہکوں کا رش (17) گاہکوں کی کثرت (18) گاہکوں کا ہجوم (19) گاہکوں کی لائنیں (20) گاہکوں کی خاص توجہ (21) حصول ملازمت (22) ترقی ملازمت (23) ترقی عہدہ (24) تسخیر خلائق (25) تسخیر زوجین (26) تسخیر مستورات (27) تسخیر سٹاف (28) تسخیر خاندان (29) تسخیر افسران (30) تسخیر مالکان (31) تسخیر ملازمان (32) تسخیر اولاد (33) جاہ حشمت (34) بلندی مرتبہ (35) مقدمات میں کامیابی (36) دشمن پر غلبہ (37) دشمن پر رعب (38) دشمن پر برتری (39) بیماریوں سے نجات (40) بیماریوں سے حفاظت (41) بیماریوں سے شفایابی (42) بیماریوں سے چھٹکارا (43) حادثات سے حفاظت (44) خطرات سے حفاظت (45) نقصانات سے حفاظت (46) نظر بد سے حفاظت (47) جادو سے حفاظت (48) جنات سے حفاظت (49) آسیب سے حفاظت (50) ہر قسم کے دینی و دنیوی مقاصد کیلئے بنوایا جاسکتا ہے۔

گذارش: اس مبارک تعویذ بنوانے کے خواہشمند دوست واحباب خواتین وحضرات کا نام مع والدہ، مقصد کا نام، تعویذ کا ہدیہ۔ 20 رمضان المبارک کی شام تک ہر حال میں دارالعمل پہنچنا ضروری ہے۔ تاخیر اور لیٹ کی صورت میں ہم آپ سے معذرت خواہ ہوں گے۔

جون ۲۰۱۷ء کی چند اہم نظراتِ سیارگان اور خاص عملیات

خالد مقبول حفظہ اللہ

ترقی رزق کا تعویذ

(شمس تثلیث مشتری)

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
شمس تثلیث مشتری	02-16-17 20:39	03-06-17 21:13	04-06-17 21:52

شمس تثلیث مشتری کے وقت کے دوران مشتری کی ساعت میں سفید کاغذ پر گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) بار ''یَامُغْنِیُ'' زعفرانی سیاہی سے لکھیں۔ اگر اس میں مشک بھی شامل کر لیں تو سونے پہ سہاگہ والی بات ہے۔ پھر اوّل و آخر تیرہ مرتبہ درود شریف اور درمیان میں گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) بار ''یَامُغْنِیُ'' پڑھ کر اس تعویذ پر دم کریں۔ پورے عمل میں شمس اور مشتری کے بخورات جلاتے رہیں۔ جب تعویذ تیار ہو جائے تو اس کو بخور کی دھونی دیں۔ جس سائل کو بھی دیں، اس کو گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) بار ''یَامُغْنِیُ'' کم از کم اکیس (۲۱) اور زیادہ سے زیادہ چالیس (۴۰) دن کے لیے پڑھنے کو دیں۔ عمل جس دن ختم کریں، اس دن سوا کلو شیرینی پر ایک سو بارہ (۱۱۲) بار پڑھ کر نابالغ بچوں میں بانٹ دیں۔ پھر ایک سو بارہ (۱۱۲) بار کا ورد جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ، خوب رزق میں ترقی ہوگی۔ تعویذ پہننے کے ساتھ ہی رزق میں ترقی کے اسباب نظر آنا شروع ہو جائیں گے۔

نوٹ ** جو لوگ جادو، جنات، بندش یا رجعت کا شکار ہوں، ان کو اس عمل سے فائدہ کم ہوگا اور فائدہ بھی دیر میں ہوگا۔

** اس عمل کی تیار کرنے کی عام اجازت ہے۔ باوضو اور تعویذ لکھنے کے اصولوں سے واقفیت ضروری ہے۔

** جو بھی تعویذ تیار کریں، وہ اس کا صدقہ گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) روپے کسی مستحق کو ضرور دیں۔ اگر عاملین زیادہ تعویذ تیار کرنا چاہیں تو کر سکتے ہیں۔ سائل کو دیتے وقت گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) روپے صدقہ کا ضرور کریں یا پھر ان سے خود لے کر صدقہ کر دیں۔ تعویذ بنانے کا جتنا بھی ھدیہ سائل سے لینا چاہیں، وہ عاملین کی اپنی مرضی ہے۔

فتح مقدمہ کے دو خاص تعویذ

(عطارد قران شمس)

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
عطارد قران شمس	20-06-17 23:54	21-06-17 19:15	22-06-17 14:38

درج ذیل دو تعویذ عطارد قران شمس کے اوقات کے دوران شمس کی ساعت میں تیار کریں۔ دونوں تعویذ تیار کر کے دیے جائیں۔ اس وقت میں عاملین کو چاہیے کہ زیادہ سے زیادہ تعویذ تیار کر کے رکھ لیں اور ضرورت کے وقت سائلین کو دیں۔ تعویذ بناتے وقت شمس کا بخور جلائیں اور تعویذ تیار کر کے ان کو بھی بخور کی دھونی دیں۔

ن

حم حم حم حم حم حم حم الامر وجاء النصر فعلینا لا ینصرون

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد والہ واصحابہ اجمعین

ن

یالطیفا فوق کل لطیف الطف بی فنا موری کلھا کما احب وترضی ولاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم

جائیداد اور زمین کے قبضہ کے حصول میں فتح

(عطارد تثلیث مشتری)

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
عطارد تثلیث مشتری	13-06-17 09:08	13-06-17 20:45	14-06-17 08:19

(عطارد قران شمس)

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
عطارد قران شمس	20-06-17 23:54	21-06-17 19:15	22-06-17 14:38

درج بالا دونوں اوقات کسی بھی قسم کے جائداد اور زمین کے معاملے یا مقدمہ میں کامیابی کے لیے اعمال تیار کرنے کے لیے موزوں ہیں۔

دوج بالا دونوں اوقات کے درمیان ''عطارد، مشتری یا شمس'' کی ساعت میں سورۂ نصر کا خاص تعویذ تیار کریں۔ اس کو ''فتح نامہ'' بھی کہا جاتا ہے۔ عاملین حضرات اس وقت سے زیادہ سے زیادہ فتح نامے تیار کر کے رکھ لیں۔ آخر میں اتنی جگہ ضرور چھوڑیں تاکہ جب سائل کو دینا ہو تو اس کے مقصد کے لحاظ سے عبارت لکھ سکیں۔

یاد رہے کہ متعلقہ سیارگان کا بخور لازمی روشن کیا جائے اور تمام تیار فتح ناموں کو بخور کی دھونی دے کر سنبھال کر رکھ لیں۔ پھر جب کسی سائل کو دینا ہو تو مقصد کی عبارت لکھ کر دوبارہ دھونی اور عطر لگا کر دے دیں۔ سائل کو روزانہ سورۂ نصر بارہ مرتبہ پڑھنے کی تاکید کریں۔ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف۔

فتح نامہ کون تیار کرے؟

تعویذ تیار کرنے والے کے لیے ضروری ہے کہ وہ سورۂ نصر کا عامل ہو۔ اگر عامل نہیں تو پھر اس وقت سے سات دن قبل روزانہ وقت مقررہ پر سورۂ نصر کو ٦٦ مرتبہ، اول و آخر تین مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھ لیں۔ ساتویں دن [illegible] کلو سفید شیرینی پر بارہ بار سورۂ نصر [illegible] اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر، نابالغ بچوں میں بانٹ دیں۔ پھر فتح نامے تیار کریں۔ ان شاء اللہ، سورۂ نصر کا فیض جاری ہوگا۔

فتح نامہ تیار کرنے کا طریقہ

فتح نامہ بنانے کے لیے زعفرانی سیاہی سے 10x10 خانے کا تعویذ بنائیں اور معروف طریقے سے پُر کر لیں۔

اذا	جاء	نصر	اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین
جاء	نصر	اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ
نصر	اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا
اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح
والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد
ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک
الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفر
یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ
فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ	کان
دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ	کان	توابا

(نمونہ عبارت) ''صلی اللہ علیہ وسلم۔ یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم! فلاں بن/بنت فلاں کی جائیداد (یہاں لکھیں کہ مکان، زمین، پلاٹ وغیرہ) جس پر فلاں بن/بنت فلاں نے قبضہ کیا ہے یا جس کا مقدمہ فلاں بن/بنت فلاں سے چل رہا ہے، اس میں فلاں (سائل) کو فتح عطا فرمایا۔ وصلی اللہ علیہ وسلم''۔

فتح نامے کے چند فوائد

یہ فتح نامہ صرف اور صرف زمین و جائیداد کے مقدمہ کے لیے نہیں ہے بلکہ دنیا کے ہر اس جائز مقصد کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے، جس میں فتح مطلوب ہو۔ جیسے کہ امتحان میں کامیابی، کاروبار میں کامیابی، کسی ڈیل میں کامیابی، انٹرویو میں کامیابی، انٹری ٹیسٹ میں کامیابی، رشتہ کے پیغام لے کر جائیں تو دوسرے لوگ مان جائیں، کھیل کود میں کامیابی، کسی خاص مقصد میں کامیابی، نت نئی سائنسی اور طبی ایجادات میں کامیابی، تھانہ کچہری پنچایت میں کامیابی، دشمن سے مقابلے میں کامیابی..... الغرض ہر اس جائز مقصد کے لیے بنا سکتے ہیں، جس میں ''کامیابی'' مطلوب ہو۔

دارالعمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ کی خدمات سے فائدہ اٹھائیں

آج کل ہر کوئی کسی نہ کسی درجہ میں پریشان ہے۔ شاید ہی کوئی ایسا انسان ہو جس کو کوئی پریشانی نہ ہو۔ پریشانی کے حل کے لئے ہر کوئی اپنے بس میں جہاں تک ممکن ہو، تدابیر اختیار کرتا ہے۔ ان تدابیر میں روحانی تدابیر بھی ہیں جن سے وہ فائدہ ممکن ہے، جو اکثر اوقات دنیوی تدابیر سے ممکن نہیں ہوتا۔ ذیل میں مختصر تفصیل دی جا رہی ہے، جس کو پڑھ کر آپ کو معلوم ہو گا کہ روحانی علاج کن مقاصد میں آپ کے لئے مفید ہو سکتا ہے۔

معاشی مسائل: قرض ادا نہ ہونا، قرض وصول نہ ہونا، تنگیٔ رزق، نوکری نہ ملنا یا جلدی چھوٹ جانا، کاروبار نہ چلنا، جو بھی کام کریں اس میں نقصان ہی ہونا، پیسہ آنا مگر خرچ ہو جانا، بیرونِ ملک سفر میں رکاوٹ ہونا۔

تعلیمی مسائل: سبق یاد نہ ہونا، پڑھنے میں دل نہ لگنا، یاد ہونے کے باوجود غلطی کرنا، امتحان میں نتیجہ اچھا نہ آنا یا فیل ہونا۔

شادی کے مسائل: رشتہ نہ آنا، رشتہ آنا مگر طے نہ ہونا، خاص جگہ پر شادی ہونے میں رکاوٹ، منگنی ہو کر یا رشتہ طے ہو کر ٹوٹ جانا وغیرہ۔

زوجین کے مسائل: زبان دراز ہونا، گالیاں دینا، مارنا پیٹنا، خرچہ نہ دینا، باہر عورتوں میں دلچسپی رکھنا، ناجائز تعلقات، طلاق یا خلع تک معاملہ پہنچنا، ساس سسر نند بھاوج وغیرہ کے ناجائز رویے، گھر والوں کا آپس میں لڑنا، گھر والوں کا ایک دوسرے کی عزت نہ کرنا وغیرہ۔

اولاد کے مسائل: نافرمانی، غلط راہ پر چلنا، بچوں کا آپس میں لڑنا وغیرہ۔

دشمن کے مسائل: جان کا دشمن ہو جانا، ناجائز مقدمہ کر دینا، جائیداد یا حق پر قبضہ کر لینا، جادو ٹونہ کرواتے رہنا، زبان سے نقصان دینا وغیرہ۔

جادو کی تخریب کاریاں: رشتہ، صحت، اولاد، کاروبار، معاش، ترقی، عزت، کسی بھی قسم کی بندش و نقصان کرنا۔

جنات کی تخریبی کارروائیاں: نظر آنا، دباؤ ڈالنا، ڈرانا، آوازیں آنا، چھت پر چلنے پھرنے کی آوازیں آنا، رونے ہنسنے کی آوازیں آنا، چیز یا رقم کا چوری ہونا، چیزوں کا اپنی جگہ سے غائب ہو کر دوسری جگہ سے ملنا، خون پانی تیل وغیرہ کی چھینٹیں پڑنا، گھر میں موجودگی کا احساس ہونا وغیرہ۔

جسمانی امراض: علاج کروانے کے باوجود بیماری کا ٹھیک نہ ہونا، رپورٹس ٹھیک آنے کے باوجود بیماریاں ہونا، ایک بیماری کا ٹھیک ہونا تو دوسری کا لگ جانا، مسلسل گھر میں بیماری کا ڈیرے جمائے رکھنا، بڑی بیماریاں مثلاً کینسر، دل و جگر و دماغ کے امراض وغیرہ۔

خواتین کے خاص امراض: اولاد نہ ہونا، حمل کا اسقاط ہونا یا ہوتے رہنا، صرف لڑکیاں ہونا، اولادِ نرینہ کا حصول، رحم کے ہر قسم کے امراض

نفسیاتی امراض: غصہ، خوف، مایوسی، شہوت، بے سکونی، دہشت، وہم، وساوس کی کثرت، خیالوں میں کھوئے رہنا وغیرہ۔

اگر درج بالا مسائل میں سے آپ کسی مسئلہ یا مسائل کا شکار ہیں یا کوئی اور جائز خواہش یا دنیوی مقصد ہے تو اعتماد کے ساتھ تفصیل سے خط لکھیں، E-mail کریں، فون کریں یا بالمشافہ ملاقات کر لیں۔ عام ملاقات بروز اتوار شام 4 بجے تا 7 بجے کی جاتی ہے۔

ناظم: مولانا علی آفاق صاحب 0324/0344-8439477 (صبح 11 تا 5 بجے، علاوہ جمعہ) نائب ناظم: مولانا مسلیم اللہ ظفر صاحب 0343-4686217 (صبح 10 تا 5 بجے، علاوہ جمعہ)

روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان

ruhaniilajgah
+ruhaniilajgah96 ruhaniilajgah

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570 فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0342-7772772 (دوپہر 2 سے شام 7 بجے، علاوہ جمعہ)

darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com 0324-7772772

دعوۃ سورۃ والضحیٰ……سورۃ والضحیٰ کے خدام سے خدمت حاصل کرنا

پیر صوفی غلام سرور شباب قادری (سجادہ نشین دربار عالیہ حضرت خواجہ بابا پیر صوفی بہادر علی شاہ قادری ؒ جویلی انگا)

دُعائے سورۃ والضحیٰ شریف

یہ دعا اسرار عجیبہ سے ہے۔ اور یہ دعوت اولیاء اللہ اور صالحین سے منسوب ہے۔ اس لیے کہ اس دُعا کی ہمیشگی کرنے والا عبادت گزار یقین کے ساتھ اس پر واقف ہوتا ہے اور اسم اعظم سے واقف ہوجاتا ہے۔ اور بھی اس دُعا کے بے شمار خواص وافعال ہیں اگر ہم تفصیلاً تحریر کریں تو ایک دفتر درکار ہوگا۔ جاننا چاہئے کہ یہ سورہ بڑے قدر اور مرتبے والی ہے۔ اور اس کے منافع بہت زیادہ ہیں۔ سوائے اللہ تبارک وتعالیٰ کوئی نہیں جانتا۔

جو فرد بھی اس پر ہمیشگی کرے گا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ اسے اپنے فضل وکرم سے غنی کردے۔ اس سورہ کے سات خدام، سات ملوک ہیں۔ اُن میں سے دو ملوک زمین وآسمان کے درمیان بادلوں میں متفرق ہیں۔ اُن کے اسماء یہ ہیں۔

(سعصیائیلُ،مھیائیلُ)

اور دو ملوک ہواؤں میں اُڑنے والے ہیں۔ جن کے اسماء یہ ہیں۔

(حھیائیلُ،صھیائیلُ)

اور دو ملوک اُن میں سے دریائے شور میں جاگزین ہیں۔ جن کے اسماء یہ ہیں۔

(طوطیائیلُ،دَرْیَائیلُ)

اور ایک ملک اُن میں سے بڑا حاکم ہے، اُن تمام چیزوں پر جو زمین کے اوپر ہیں یا زمین کے نیچے ہیں۔ اور زمین کے چاروں اطراف اور چاروں طبائع میں ہیں۔ اس ملک کا اسم یہ ہے۔ (صلھلفیائیل علیہ السلام) اور یہ ملک ستارے مریخ کے ساتھ منسوب ہے۔ یہ ایک عظیم الشان ملک ہے۔

جاننا چاہئے کہ یہ سورہ مکی ہے۔ کعب الاحبار سے مروی ہے کہ سورہ یہ حضور نبی کریم ﷺ پر مکہ مکرمہ میں مقربین فرشتوں کے وفد کے ساتھ نازل ہوئی۔ اس سورہ کے خواص کے ضمن میں انس بن مالک روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص اس سورہ کو سورج نکلتے وقت سات مرتبہ پڑھے اور سورج غروب ہوتے وقت بھی سات مرتبہ پڑھے تو اُس کے رزق میں کمی نہ ہوگی اور وہ طاعون سے محفوظ رہے گا۔ اور وہ رات کو شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہے گا''۔ اس سورہ کے خواص یہ ہیں کہ اگر کوئی اسم اعظم جاننا چاہے، علم الکاف پر واقف ہونا چاہے یا علوم واسماء نورانیہ وربانیہ سے آگاہی حاصل کرنا چاہے۔

تو چاند کی پہلی رات کو اللہ تعالیٰ کے لیے روزہ رکھے اور بعد از نماز عشاء چار رکعت نماز نفل ادا کرے، پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ''سورۃ والشمس'' اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ''وَاللَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی'' اور تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ''وَالضُّحٰی'' اور چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ''وَالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْن'' اور پھر قبلہ کی طرف رُخ کرکے بیٹھ جائے اور نبی کریم ﷺ پر چالیس مرتبہ درود پڑھے۔ یعنی بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی اَشْرَفِ الْمُرْسَلِیْنَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمْ۔

اور پھر سورہ والضحیٰ کی خاتم لکھ کر اپنے سر کے نیچے رکھے اور پھر سات مرتبہ یہ دُعا پڑھے۔ اور سو جائے۔

اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَلَیْنَا بِسِتْرِکَ الَّذِیْ سَتَرْتَہٗ عَلٰی کَثِیْرٍ مِنْ عِبَادِکَ وَاَغْنِنِیْ عَمَّنْ سِوَاکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

جس فرد کی کوئی چیز گم ہوجائے اور یہ معلوم نہ ہو کہ کہاں ہے۔ یا کوئی چیز چوری ہوگئی ہو اور چور کے بارے میں معلوم نہ ہو۔ یا کوئی بھاگ گیا ہو اور اُس کی کوئی خبر نہ ملے۔ یا زمین میں دفینہ یا سونا چاندی کے بارے میں معلوم کرنا ہو کہ کہاں دفن ہے۔ اِن میں سے کسی بھی امر کے لیے معلوم کرنا چاہیں تو اُس جگہ کی مٹی لیں پھر سبز ریشمی کپڑے کے ٹکڑے پر خاتم والضحیٰ تحریر کریں۔ پھر اُس

کپڑے میں مذکورہ مٹی رکھیں پھر سوتے وقت خاتم والے کپڑے کو اپنے سر کے نیچے رکھیں ۔اور سات مرتبہ سورہ والضحیٰ کی دعوت پڑھ کر سوجائیں۔ پس اس سورہ کے خدام آپ کو خبر دیں گے اور سب کچھ آپ پر ظاہر کر دیں گے۔ دفینہ، گم شدہ، چور، گریختہ وغیرہ کے بارے میں تفصیل سے آگاہی ہوجائے گی۔

لوگوں کی نظروں سے مخفی ہونا

اتوار کے روز سورج نکلنے سے پہلے ایک باریک کپڑے پر سورۂ والضحیٰ کی خاتم لکھی جائے۔ پھر اس دعوت کا بخور روشن کریں۔ اس دن آپ کا روزہ ہونا چاہیے۔ اسی دن نمازِ عصر ادا کر کے لوگوں سے دُور کسی خلوت کی جگہ اپنے اوپر کپڑا اوڑھ کر دھوپ میں کھڑے ہوکر دعوت کو سات مرتبہ پڑھیں، پس جب تعداد پوری ہوگی تو آپ لوگوں کی نظروں سے مخفی ہوجائیں گے۔ اور جب اوڑھے ہوئے کپڑے اُتاریں گے تو لوگوں میں ظاہر ہوجائیں گے۔

سورۂ والضحیٰ کے خدام سے خدمت حاصل کرنا

جو فرد سورۂ والضحیٰ کے خدام سے خدمت حاصل کرنا چاہے تو جمعہ کی رات کو خلوت میں داخل ہوجائے۔ اور روزہ رکھے اور سات یوم تک ترک حیوانات کرے۔ اور صرف جو کی روٹی اور روغن زیتون سے سحری وافطاری کرے۔ اور ہر نماز کے بعد سورۂ والضحیٰ کی دعوت سات مرتبہ پڑھے۔ اور سورۂ والضحیٰ کی خاتم لکھ کر اپنی جائے نماز کے نیچے سجدہ کی جگہ پر رکھے۔ اور جب تک خلوت میں رہے۔ ہر رات بارہ رکعت نمازِ نفل ادا کرے۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد "والشمس وضحٰها" اور دوسری رکعت میں "وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى" اور تیسری رکعت میں "وَالضُّحٰى" اور چوتھی رکعت میں "وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ" اسی طرح اگلی چار رکعتوں میں۔ پھر اسی طرح باقی چار رکعتوں میں بھی اسی ترتیب کو مدنظر رکھیں۔ جب بارہ رکعت پوری ہوجائیں تو پھر بعد میں سورۂ والضحیٰ کی دعوت کو آدھی رات تک پڑھتے رہیں۔ جب آدھی رات ہوگی تو تمہارے لیے ایک نور ظاہر ہوگا۔ اور یہ نور تمہاری دونوں آنکھوں کے درمیان میں ایک دینار جتنا ظاہر رہے گا۔ اور پھر یہ نور ہر رات بڑھتا جائے گا۔ یہاں تک کہ مثل قمر کے ہوجائے گا۔ آنے والی جمعہ کی رات تک یہ نور چاند کے سائز تک بڑھ جائے گا۔ ہر رات نمازِ عشاء ادا کرنے کے بعد حسبِ سابق بارہ رکعت ادا کریں۔ اور بخور روشن کریں۔ اور خاتم والضحیٰ کو سامنے رکھ کر دعوت پڑھتے رہیں۔ آدھی رات تک یہاں تک نور ظاہر ہو۔ پس کسی بھی رات ایک سفید رنگ والا آدمی ظاہر ہوگا جس کے چہرے پر نور چمکتا ہوگا۔ آپ نے اُسے دیکھ کر گھبرانا نہیں ہے۔ بلکہ اپنے دِل کو اور زیادہ مضبوط کرنا ہے۔ اور اپنے آپ کو خوف اور ڈر سے بچانا ہے۔ یہاں تک کہ وہ نورانی چہرے والا شخص آپ کو کہے گا۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الرَّجُلُ الصَّالِحُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

کیا چاہتا ہے تو۔ پس آپ اُسے کہیں۔

اِجْلَالًا وَاِكْرَامًا جَعَلَ اللّٰهُ سَعْيَكَ مَشْكُوْرًا وَذَنْبَكَ مَغْفُوْرًا وَعَمَلَكَ مَقْبُوْلًا وَجَعَلَكَ مِنَ الَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ

ہم اللہ تعالیٰ سے طلب کرتے ہیں پھر تجھ سے تاکہ تو میرا مددگار ہو، اور اللہ تعالیٰ کے لیے میرے ہر سوال میں جب کبھی میں طلب کروں۔ تجھ سے تو حاضر کر اُس کو میرے لیے۔ اور میری حاجت کو پورا کر۔

پھر وہ کہے گا کہ "میں تیرے لیے بسروچشم حاضر ہوں اور میرا یہ وعدہ مضبوط ہے"۔

پس آپ اُسے کہیں کہ "مجھے کوئی نشانی عطا کریں جس سے میں تجھے حاضر کرسکوں"۔ وہ آپ کو علامت کے طور پر ایک جھنڈا دے گا۔ اور کہے گا کہ "جب ضرورت ہو، تنہائی میں بیٹھ کر بخور روشن کر کے دعوت کو پڑھیں اور جھنڈے کو کھولیں گے تو مجھے اپنے سامنے حاضر پائیں گے۔ اور جو کچھ مجھ سے طلب کریں گے، وہ سب پائیں گے"۔

پھر آپ اُسے کہیں کہ "مجھے اللہ تبارک وتعالیٰ کا وعدہ دیں کہ آپ میرے مرتے دَم تک مجھ سے جدا نہیں ہوں گے"۔

پس وہ لے گا سر حربہ کا اور رکھے گا اُس کو خاتم میں، پس آپ سمجھ لیں کہ وہ آپ کے مرتے دَم تک آپ سے جدا نہیں ہوگا۔

یہ عمل ایک کبریت الاحمر سے ہے۔ پس جب یہ حاصل ہوجائے تو اپنے اوپر تقویٰ کو لازم کرلیں۔ خلوت میں ریاضت کے دوران کم سے کم سوئیں۔ جاننا چاہیے اس دعوت کے خدام فلکِ مریخ کے اصحاب ہیں۔ جو کہ پانچویں

آسمان کے ہیں۔ اور ان تمام ملوک کا سردار ملک سمسائیل ہے اور زمین والوں سے احمر اور اُس کی مملکت کا اہل ہے اور منگل کے دن سے منسوب ہے۔ اور بخور اس کا لوبان، سندروس، جاوی، مصطگی اور عود ہے۔ ان سب چیزوں کو باریک کر کے عرق گلاب میں گوندھ کر خشک کر کے چنے کے برابر گولیاں بنالیں اور بوقتِ ضرورت بخور روشن کریں۔ دعوت سورہ والضحیٰ یہ ہے۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ وَصَلَّى اللهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ اِسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْعَظَمِ الَّذِيْ هُوَ مَخْزُوْنٌ بَيْنَ الْكَافِ النُّوْنِ وَبِسِرِّ الْاِسْمِ الْمَكْنُوْنِ الَّذِيْ كَانَ بَيْنَكَ وَبَيْنَ حَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْاَسْرَاءِ وَالْاَسْرَارِ وَالنُّوْرِ وَالْاَنْوَارِ وَبِسِرِّ الْاَسْرَارِ اَوْدَعْتَهٗ فِيْ قُلُوْبِ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَالْاَخْيَارِ يَااَللهُ يَااَللهُ يَااَللهُ يَارَبِّ يَارَحْمٰنُ يَارَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ يَامَالِكُ يَاقُدُّوْسُ يَانُوْرُ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ يَاوَهَّابُ يَاسَرِيْعُ يَاخَبِيْرُ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَاسَمِيْعَ الدُّعَاءِ يَاوَاحِدُ يَااَحَدُ يَافَرْدُ يَاصَمَدُ يَااَوَّلُ يَاآخِرُ يَاظَاهِرُ يَابَاطِنُ يَاذَاالطَّوْلِ يَاحَنَّانُ يَامَنَّانُ يَادَيَّانُ يَاسُلْطَانُ يَابَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۔ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الْجَلِيْلَةِ وَبِمَا اَنْزَلْتَهَا عَلٰى قَلْبِهٖ وَبِمَا اَوْدَعْتَ فِيْهَا مِنَ السِّرِّ وَالْاَسْرَارِ وَالنُّوْرِ وَالْاَنْوَارِ يَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ يَاوَاحِدُ يَاقَهَّارُ يَاعَزِيْزُ يَاغَفَّارُ ۔ اَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الْعَظِيْمَةِ وَالضُّحٰى وَاللَّيْلِ اِذَا سَجٰى بِسْمِ اللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ الْاَعْلَى الَّذِيْ قَامَتْ بِاَمْرِهِ السَّمٰوٰتُ بِلَا عَمَدٍ وَبَسَطَ الْاَرَاضِيْنَ عَلَى الْهَوَاءِ بِلَا اَرْكَانٍ عَلَى الْمَاءِ فَجَمَدَ وَسَجَدَتْ لَهُ الْاَطْيَارُ وَالشُّمُوْسُ وَالْاَقْمَارُ وَالْمَلَائِكَةُ الْاَبْرَارُ وَالْوُحُوْشُ وَالْقِفَارُ وَالْحُوْتُ فِيْ ظُلُمَاتِ الْبِحَارِ الْمُكَوِّرَ اللَّيْلِ عَلَى النَّهَارِ ۔ الَّذِيْ دَحَى الْاَرْضِ وَاَخْرَجَ مِنْهَا الْاَشْجَارَ وَالْاَنْهَارَ وَالنَّبَاتَ وَالْاَثْمَارَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى عَالِمُ السِّرِّ وَالْجَهْرِ لَاتُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۔ اَللّٰهُمَّ اَنْ تُحْيِيَ قَلْبِيْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ وَتُوَفِّقُنِيْ اِلٰى طَاعَتِكَ وَتُسْبِلُ عَلٰى سُرَادِقَاتِ سَتْرِكَ وَتُغْنِيْ فَقْرِيْ وَتُجْبِرُ كَسْرِيْ وَاكْشِفِ اللّٰهُمَّ ضُرِّيْ وَاَعْطِنِيْ سُؤْلِيْ وَحَلِّ بَيْنِيْ وَبَيْنَ مَنْ يُرِيْدُ قَهْرِيْ وَضَرَرِيْ وَتَوَجِّنِيْ بِتَاجِ الْكَرَامَةِ وَرَدِّنِيْ بِرِدَاءِ الْعِزِّ وَاَلْبِسْنِيْ ثَوْبَ السَّلَامِ وَاَرْدِعْ فِيْ قَلْبِي الْاِسْمَ الْاَعْظَمَ يَامَنْ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ (مَاوَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَاقَلٰى) وَاَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِالسِّرِّ الْمَخْزُوْنِ الْمَكْنُوْنِ الْمَامُوْنِ الَّذِيْ اَوْدَعْتَهٗ فِي التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ وَصُحُفِ اِبْرَاهِيْمَ الْخَلِيْلِ وَمُوْسَى الْكَلِيْمِ اَنْ تَرْزُقَنِيْ رِضَاكَ وَتَجْعَلَنِيْ فِيْ حِمَاكَ وَتَحْتَ لِوَائِكَ وَاَنْ تَرْزُقَنِي الْقُبُوْلَ وَالْمَوَدَّةَ وَالرَّاْفَةَ وَالرَّحْمَةَ وَالْهَيْبَةَ وَالنَّجَاةَ مِنْ سَائِرِ عِبَادِكَ مِنْ كُلِّ مَلِكٍ وَّوَزِيْرٍ وَّخَاصٍ وَّاَمِيْرٍ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ وَسَخِّرْلِيْ جَمِيْعَ عِبَادِكَ اَجْمَعِيْنَ ۔ وَسَائِرَ الْعَوَالِمِ الْعَلْوِيَّةِ وَالسِّفْلِيَّةِ وَاجْعَلْنِيْ غَالِبًا عَلَيْهِمْ ۔ لَيْسَ مَغْلُوْبٍ وَّقَاهِرًا غَيْرَ مَقْهُوْرٍ وَّلَا تَجْعَلْ لِلظَّالِمِيْنَ عَلَيَّ سَبِيْلًا وَتَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَاَجِرْنِيْ مِنَ الشَّكِّ وَالشِّرْكِ يَااَوَّلُ يَاوَدُوْدُ يَاغَفُوْرُ يَاشَكُوْرُ يَارَحِيْمَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَامَنْ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ (وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى) يَا كَافِيْ يَاغَنِيُّ يَافَتَّاحُ يَارَزَّاقُ يَاكَرِيْمُ يَا وَهَّابُ يَاذَاالطَّوْلِ وَمُغْنِي الْفُقَرَاءِ يَاكَنْزَ الضُّعَفَاءِ اَغْنِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِيَتِكَ وَاَعْطِنِيْ مِنْ فَضْلِكَ وَجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ وَاِحْسَانِكَ مِنْ فَوْقِ اَرْضِكَ وَمِنْ تَحْتِهَا مِنَ الْاَرْزَاقِ اَدِرْهَا بِدَائِرَةٍ وَّمِنَ الْخَيْرَاتِ السَّائِرَةِ مَالَا عَيْنٌ رَاَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ يَاخَالِقُ يَابَارِيُ يَامُصَوِّرُ يَاسَلَامُ يَامُؤْمِنُ يَامُهَيْمِنُ يَاعَزِيْزُ يَاجَبَّارُ يَامُتَكَبِّرُ سَخِّرْلِيْ رُوْحَانِيَّةَ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الْجَلِيْلَةِ فِيْ جَلْبِ الْاَرْزَاقِ حَيْثُ كَانَتْ وَاَظْهِرْ مَاخَفِيَ تَحْتَ الْاَرْضِ وَمَاضَاعَ وَمَاغَابَ عَنِّيْ فِيْ كَشْفِ الْاَسْرَارِ وَتَدْمِيْرِ كُلِّ ظَالِمٍ ۔ يَاجَبَّارُ يَاقَهَّارُ يَاقَوِيُّ يَاقَادِرُ يَاذَاالطَّوْلِ يَامُعْطِيْ يَامَنْ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ (اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى وَوَجَدَكَ فَهَدٰى) اَللّٰهُمَّ يَاجَابِرَ الْعَظْمِ

الْكَسِيْرِ وَيَامُغْنِيَ الْبَائِسَ الْفَقِيْرَ وَيَارَازِقَ الطَّيْرِ وَالطِّفْلِ الصَّغِيْرِ يَارَاحِمَ الشَّيْخِ الْكَبِيْرِ وَمُطْلِقَ الْاَسِيْرِ يَامَنْ لَهُ الْحُكْمُ وَالتَّدْبِيْرُ يَاوَاسِعُ الْكَشْفِ يَاعَالِيَ الشَّرْفِ اُرْدُدْعَلَيَّ ضَالَّتِيْ وَمَاسُرِقَ مِنِّيْ وَعَرِّفْنِيْ اِسْمَكَ الْمَخْزُوْنَ الْمَكْنُوْنَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ يَامَنْ قُلْتُ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ (وَوَجَدَكَ عَائِلًا فَاَغْنٰى)۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِسِرِّكَ الْاَعْلٰى عَالِمَ السِّرِّ وَالْخَفَايَا وَيَامُعْطِيَ الْبَرَايَا وَيَاقَابِلِ الشَّكَايَا اَسْئَلُكَ بِحَقِّ خَفِيِّ لُطْفِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَبِجَمَالِكَ وَبِكَلَامِكَ الْقَدِيْمِ اَنْ تُغْنِيَنِيْ بِغَنَاكَ الشَّامِلِ وَتَلَطَّفِ بِيْ وَتَمُنَّ عَلَيَّ بِفَضْلِكَ الْكَامِلِ وَتُخْفِيْنِيْ عَنْ اَبْصَارِ الظَّالِمِيْنَ يَامَنْ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ (فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَاتَقْهَرْ وَاَمَّا السَّائِلَ فَلَاتَنْهَرْ) ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مَنْ سَجَدَكَ بِحَقِّ السَّاجِدِيْنَ وَبِحَقِّ الْعَابِدِيْنَ وَبِحَقِّ الْوَعدِ الْقَرِيْبِ وَبِحَقِّ الْمُقَرَّبِيْنَ وَبِحَقِّ الْاَوْلِيَاءِ وَالْاَصْفِيَاءِ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ يَارَازِقَ الْيَتَامٰى وَالضُّعَفَاءِ وَالسَّائِلِيْنَ وَالسَّالِكِيْنَ اُرْزُقْنِيْ مَنَافِعَ اِسْمِكَ الْكَرِيْمِ وَسَخِّرْلِيْ رُوْحَانِيَّةَ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الْجَلِيْلَةِ فِيْ جَلْبِ الْاَرْزَاقِ وَدَفْعِ الْمُضِرَّاتِ وَاحْجُبْنِيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ وَسُقْمٍ وَاَلَمٍ وَمِنْ شَرِّ الْاَشْرَارِ وَكَيْدِ الْفُجَّارِ حَوْلِيْ وَقُوَّتِيْ بِكَ يَااللّٰهُ يَااللّٰهُ عَلٰى مُتَكَبِّرٍ وَظَالِمٍ وَسَارِقٍ وَطَارِقٍ وَفَاجِرٍ وَبَاغٍ وَحَاسِدٍ وَشَيْطَانٍ مَارِدٍ وَبِحَقِّ اللّٰهِ وَحْدَهٗ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ يَكْفِيْكُمْ كَافٍ عَلِيْمٍ "فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ "فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ "فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ يَاهُوَ يَاكَافِ يَافَاطِرُ يَاكَبِيْرُ يَامَالِكُ يَاعَظِيْمُ يَاسَلَامُ اكْفِنِيْ شَرَّ مَا اَخَافُ شَرَّهٗ يَامَنْ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ (وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ) اَللّٰهُمَّ اَسْئَلُكَ يَااللّٰهُ يَااللّٰهُ يَااللّٰهُ يَاعَزِيْزُ يَاغَفَّارُ يَاسَتَّارُ يَاعَلِيُّ يَاذَاالْحُجَّةِ الْبَالِغَةِ يَاذَاالنِّعْمَةِ الشَّامِلَةِ يَارَاحِمَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَاخَيْرَ مَسْئُوْلٍ وَاَكْرَمَ مَنْ اَعْطٰى اَسْئَلُكَ بِالْاٰيَاتِ الْبَيِّنَاتِ وَبِحُكْمِ اٰيَاتِ كِتَابِكَ الْعَزِيْزِ اَنْ تَجْعَلَ لِيْ مِنْ اَمْرِيْ فَرَجًا وَمَخْرَجًا وَعَرِّفْنِيْ بِسِرِّ سِرِّ سِرِّكَ الَّذِيْ اَخْفَيْتَهٗ عَلٰى كَثِيْرٍ مِنْ عِبَادِكَ وَتَكْشِفُ حِجَابَ الْغَفْلَةِ عَنْ قَلْبِيْ حَتّٰى اُشَاهِدَ اَنْوَارَ جَلَالِكَ وَتُلْحِقْنِيْ بِاَوْلِيَائِكَ وَاَصْفِيَائِكَ وَسَخِّرْلِيْ رُوْحَانِيَّةَ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الْجَلِيْلَةِ يَكُوْنُوْا عَوْنًا لِيْ عَلٰى مَااُرِيْدُهٗ مِنْ اُمُوْرِ الدُّنْيَا وَوَفِّقْنِيْ اِلٰى طَرِيْقِ الْعُبُوْدِيَّةِ وَالرَّشَادِ وَالزُّهْدِ وَالْيَقِيْنِ وَالصَّبْرِ وَالْاِخْلَاصِ يَاجَلِيْلُ يَاجَمِيْلُ كُنْ لِيْ حَافِظًا وَنَاصِرًا وَمُعِيْنًا فِي الْمَقَامِ وَالرَّحْلَةِ يَامَنْ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ (اُدْعُوْنِيْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ) دَعَوْنَاكَ رَبَّنَا كَمَا اَمَرْتَنَا فَاسْتَجِبْ كَمَا وَعَدْتَنَا اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

جاننا چاہئے کہ یہ سورت عظیم القدر ہے اور جلدی تاثیر کرنے والی ہے اور خادم اس کا ملک احمر ہے اور قوم اُس کی طاعون کو ختم کرنے والی ہے۔ اُس کے عدد سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی شمار نہیں کرسکتا۔ پس اگر ٹھہرے تو اس کی خدمت کے لیے تو پائے گا دنیا اور آخرت کی بھلائی اور اس کے خدّام تجھے دنیا کے تمام علوم سے آگاہی دیں گے۔ سورۂ والضحیٰ کی خاتم یہ ہے:

۴۷۳۴ مَاوَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَاقَلٰى	۴۷۴۱ وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّث	۴۷۳۶ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى
۴۷۳۹ فَأَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ	۴۷۳۷ أَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْماً فَاٰوٰى وَوَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدٰى	۴۷۳۵ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْأُوْلٰى
۴۷۳۸ وَوَجَدَكَ عَائِلاً فَأَغْنٰى	۴۷۳۳ وَالضُّحٰى۔ وَاللَّيْلِ إِذَا سَجٰى	۴۷۳۰ وَأَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ

نوٹ: کسی بھی سورت کی دعوۃ بغیر اجازت کرنا، اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا ہے۔ اجازت کے لیے مصنف سے رابطہ کیا جائے۔

جنّی سے بدکاری

مرتبہ: مولوی ظہیر الدین سید احمد صاحب ولی اللّٰہی

نواب سعادت یار خاں صاحب روسائے دہلی سے حسن خداداد میں مشہور تھے۔ اپنے مکان شب خوابی میں سوتے تھے کہ یکایک کواڑ کمرہ کے جو بند کر دیئے گئے تھے از خود کھل گئے اور ایک عورت کہ جس کے چہرہ پر نظر کی خیرگی ہوتی تھی، باز یور ولباس عمدہ، نہایت چست و چالاکی سے نواب صاحب کے پاس آ بیٹھی اور بیان کیا کہ میں سلطان محبوب شاہ کی دختر ہوں، جو بادشاہ جنات مغربی واقع دامن کوہ کاف کا ہے، عرصہ سے تمہاری دلدادہ ہوں ہر چند کوشش کی اور چاہا کہ تمہارے پاس آؤں، مگر کوئی موقع ایسا دل خواہ جو آج حاصل ہے ہاتھ نہ آیا، اب تمنا میری یہی ہے کہ مدعا دلی حاصل کروں جیسا کہ اپنی امید پر غم کھایا ہے خوشی کے ساتھ بدلا کروں، ہر چند کہ نواب صاحب کو انواع انواع کے اندیشے پیش نظر رہے لیکن موقع پر منہیات سے بچنا اور بدلیری تمام لاحول پڑھ کر وسوسہ شیطانی کو دفع کرنا بجز امداد حق کب ممکن ہے، بلا تامل مشغول عشرت ہوئے، چند ساعت بہ راز و نیاز باہم رہ کر پری زاد رخصت ہوئی۔ اس روز سے یہ معمول ہو گیا کہ ایک وقت معینہ پر شب کو وہ عورت آتی اور بعد کامیابی چلی جاتی، جب اسی روش پر قریب ایک سال کے گزر گیا، تو ایک شب خلاف وقت وہی عورت باحال پریشان آئی اور بیان کیا کہ اے عزیز جلد اٹھ اور اپنی حفظ جان کی تدبیر کر کیونکہ میرا باپ اس بھید سے واقف ہو گیا ہے اور غضب ناک ہو کر دیوزاد تیری ہلاکت کے لیے معین کیے ہیں، غالباً آج صبح تک تجھ کو زندہ نہ چھوڑیں گے، میری یہ آخری ملاقات سمجھو، میں اب یہاں سے جاؤں گی فوراً زنجیر گراں بار پہنا کر قید کی جاؤں گی، مگر یاد رکھنا میں بھی ایک دن اسی قید میں تیرے غم جدائی میں جان سے جاؤں گی، یہ کہہ کر وہ رخصت ہوئی۔ ادھر نواب صاحب نہایت گھبرائے۔ مثل ہے کہ ملاں کی دوڑ مسجد تک، ننگے پاؤں اور ننگے سر نہایت اضطراب کے ساتھ جناب مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے آستانہ کا راستہ لیا، جب وہاں پہنچے، ہر چند خادموں نے اندر جانے سے منع کیا لیکن یہ ایسے بے ہوش تھے، نہ اپنی کہی نہ اور کسی کی سنی، بے اختیار جس مکان میں شاہ صاحب مراقب تھے جا کر قدموں میں گر پڑے، جناب مولانا صاحب بھی مراقبہ سے ہوشیار ہو گئے اور فرمایا کہ نواب صاحب اس وقت ایسے مضطراب الحال ہو کر تمہارا آنا کسی افتاد سخت سے خالی نہیں، فرمایئے خیر تو ہے؟ جب انہوں نے تمام حال پُر ملال اپنا از ابتدا تا انتہا مفصل بحضور شاہ صاحب عرض کیا، حکم ہوا کہ اگرچہ کردار تمہارا ایسی سزا کے لائق ہے، جیسا کہ تم نے کار بد کیا، اس کا نتیجہ بھی پانا ضرور تھا مگر فقیر کسی ملتمس کی التجا کو رد کرنا پسند نہیں کرتا کہ عادت جبلی اور ہدایت جد امجد اسی طرح پر ہے، خیر تدبیر اس کی معقول کی جاوے گی آج کی شب تم یہاں مکان فقیر پر سور ہو بلکہ فلاں حجرہ میں استراحت فرماؤ، تھوڑی دیر میں فقیر اس عورت کے باپ کو بلا کر جان بخشی کروائے گا، اطمینان رکھو، پس نواب صاحب وہاں سے بدل جمعی تمام اٹھے اور ایک حجرہ میں جو نزدیک عبادت گاہ جناب شاہ کے تھا، گئے اور نصف پلنگ زیر آسمان ونصف زیر سقف مکان بچھا کر آرام کیا، قریب تھا کہ غافل ہو کر سو جاویں کہ یکایک ایک بھاری پتھر نہایت زور و شور سے نواب صاحب کی پائنتیوں پر ایسی سختی سے گرا کہ گویا اس کے صدمے سے پس کر خاک برابر ہو گیا، ادھر اس کا واقع ہونا، ان حضرات کی نیند ہوا ہو گئی، چیخ مار کر اور بدحواس ہو کر جناب شاہ صاحب کے اوپر آ گرے اور بے ہوش ہو گئے۔ جناب مولانا صاحب نے کچھ پڑھ کر دم کیا، فوراً ہوش آ گیا، دیکھا کہ علاوہ جناب شاہ کے پانچ شخص سردار صورت نہایت قوی ہیکل باادب حضور میں ایستادہ اور حضرت فرماتے ہیں کہ یہی شخص تمہارا گنہگار ہے اور مجھے بطور سفارش تمہاری خدمت میں پیش کر کے چاہتا ہے کہ اس کی خطا سے درگزر فرما کر جان بخشی کر دیجئے، کہ اب تو میرے پاس آ پڑا، اگر آپ میرا کہنا قبول نہ کریں گے تو جیسی ذلت اس کے ہاتھ سے آپ کو ہوئی ویسی ہی فقیر اپنی ذلت آپ کے ہاتھ سے تصور کرے گا، پس وہ لوگ اس کلام سے نہایت منفعل ہوئے اور جناب شاہ صاحبؒ کے قدموں پر گر کر بوسے دیئے اور نواب کی خطا سے درگزرے اور اسی وقت پانچوں شخص جناب شاہ صاحب سے دست بوس ہو کر وہیں غائب ہو گئے۔

نورانی مندرہ

ھدیہ 7100 روپے

ہرطرح کے جادو اور جنات سے نجات اور ہر طرح کے عمل کو واپس کرنے کا خاص عمل۔ یہ وہ واحد عمل ہے جو ہر قسم کے مندروں کا بھی توڑ ہے۔اس کے عامل پر آسانی سے جنات اور جادو کا حملہ نہیں ہوتا۔اور چھوٹے جنات وشیاطین تو اس کے عامل سے مقابلہ ہی نہیں کرتے ، بھاگ جاتے ہیں۔

جادو، جنات کے اثرات کے علاوہ پیچیدہ قسم کی بیماریوں کے لیے بھی مجرب ہے۔ خاص کر وہ بیماریاں ، جو جادو اور جنات کی وجہ سے بنی ہوں۔اس عمل کا بھی چلہ کرنا ضروری ہے۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان
ناظم: 0346-4661681 نائب ناظم: 0345-4661681
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
فون: 042-35410586 0320-4661681

ہر قسم جادو، نظرِ بد، جنات سے نجات و حفاظت کا عمل

"عمل باندھ جادو" ایک ایسا عمل ہے، جس سے ہر طرح کی نظر بد...... غیبی مخلوق جیسے جن ، پری ، بھوت ، ڈائن ، خبیث ، شیطان ، ابلیس وغیرہ...... ہر قسم کا جادو ٹونہ جو مختلف طریقوں سے کیا ہوا جیسے گڈا (پتلہ) بنایا ہو، مسان کا عمل کیا ہو، تعویذ کیے ہوں، کھلایا پلایا ہو، کہیں عمل کر کے دبایا ہو، آگ پر رکھا ہو، گرہوں پر پڑھ کر پھونکا ہو یا کسی بھی قسم کا عمل کیا ہو...... ان سب کو باندھا اور علاج کیا جا سکتا ہے۔اس عمل کے عامل پر جادو کا وار بہت مشکل سے چلتا ہے۔دو چلوں کے بعد، اس عمل کا عامل بنا جا سکتا ہے۔تیسرا چلہ مزید ترقی کیلیے ہے۔

عمل کی فیس: 1600 روپے

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان
ناظم: 0346-4661681 نائب ناظم: 0345-4661681
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
فون: 042-35410586 0320-4661681

مندرہ کبیر

ھدیہ 7100 روپے

جنات، جادو، آسیب، دشمن، جادوگر، شیاطین کے خلاف ایک انتہائی مضبوط روحانی ہتھیار ہے۔جس عامل کے پاس یہ عمل ہوتا ہے، اس پر آسانی سے جادو اور جنات کا حملہ نہیں ہوتا۔اس عمل کے پیچھے جو مخلوق ہے، وہ لڑنے کی ماہر ہے اور دشمن کو اچھا سبق سکھانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ چھوٹے درجے کے جنات و جادو صرف اس کے دم سے ہی ختم ہو جاتے ہیں یا بھاگ جاتے ہیں۔آج کل کے ماحول کے لحاظ سے ایک بہترین عمل ہے۔اس عمل کا کم از کم ایک چلہ کرنا ضروری ہے۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان
ناظم: 0346-4661681 نائب ناظم: 0345-4661681
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
فون: 042-35410586 0320-4661681

عمل خزینۂ فتوحات

ہر حال میں فتح، ہر مقام پر فتح، ہر موقع پر فتح، ہر وقت فتح، ہر جگہ پر فتح، ہر مقصد میں فتح، ہر کام میں فتح، جی ہاں! یقینی فتح آپ کی امید، خیال، توقع، سوچ سے بڑھ کر فتح۔عمل خزینۂ فتوحات سے بفضلِ خداوندی ہر قدم پر فتوحات کے دروازے کھلنا شروع ہو جاتے ہیں۔

ھدیہ: 3100 روپے

عمل خزینۂ فتوحات کے پڑھنے سے ہر قسم کی چھوٹی ، بڑی ، نئی ، پرانی ، معمولی ، سخت...... بندشیں اور رکاوٹیں بھی ختم ہو جاتی ہیں۔اس عمل کی ریاضت ہر شخص با آسانی کر سکتا ہے۔اس عمل کی دو ریاضتیں (چلے) کروائی جاتی ہیں۔ اس عمل سے مکمل فیض یاب ہونے کے لیے چلہ کشی لازمی ہے۔صرف اجازت سے یہ عمل جاری نہیں ہوتا۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
فون: 042-35410586 0320-4661681

تعویذ حفظ و جان کی تفصیل goo.gl/ckrYvj

رحمکاریہ جفر: حاضراتِ ارواح

سید شعیب الرحمن شاہ (ایبٹ آباد)

حاضرات ارواح سلسلہ رحمکاریہ کا ایک خاص عمل ہے۔ اس کے ساتھ ارواح کو تسخیر کیا جاتا ہے۔ اس کے لیے سب سے پہلے ایسا مکان تلاش کریں جو آبادی سے دور ہو۔ اس میں پرہیز جمالی و جلالی کریں۔ نماز پانچ وقت کی باجماعت پڑھنی ہیں۔ جھوٹ، فریب، گالی گلوچ کسی کو نہیں دینی۔ ٹی وی نہیں دیکھنا۔ دن کے ٹائم کلمہ طیبہ کثرت سے ساتھ پڑھنا ہے اور رات کے ٹائم یہ درود چھ ہزار (۶۰۰۰) مرتبہ پڑھنا ہے۔

"اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ یَا اَرْوَاحَ لِوَجْہِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام یاارواح حاضر شد بحق یابدوح یابدوح یابدوح"

یہ عمل روزانہ چھ ہزار (۶۰۰۰) مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھنا ہے۔ اس کے ساتھ اللہ کریم کے فضل سے حاضری شروع ہو جائے گی، اس کے ساتھ چار قل کا حصار کریں۔ آیت الکرسی کا حصار کریں۔ چلہ کشی کا ذکر کسی سے نہ کریں۔ اللہ پاک ہر چیز سے محفوظ فرمائیں گے۔ اس عمل کی برکت سے اللہ پاک کا دستِ غیب بھی جاری ہوگا۔

اس عمل کا اجازت نامہ مجھ سے یا براہ راست ادارے سے حاصل کریں۔ آخر میں مجھ گناہ گار سید شعیب الرحمن شاہ اور خزینۂ روحانیات کے بزرگوں کے لیے دعائے خیر فرمائیں۔ اللہ برکت دیں۔

اس کے لیے ایک لوح تحفظ بھی دے رہا ہوں۔ یہ تیار کر کے پاس رکھیں تاکہ رجعت اور ناکامی نہ ہو۔ اللہ پاک برکت دیں۔

انتقالِ پُرملال

ہمارے دفتر کے کارکن سید آصف حسین کی بھابی مورخہ 11 مئی 2017ء کو قضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں۔

تمام قارئین کرام سے درخواست ہے کہ ان کیلئے دعائے مغفرت فرمائیں اور ایصال ثواب کریں۔ (ادارہ)

انتقالِ پُرملال

دارالعمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ کے طالب علم، خوبصورت و خوب سیرت و خوش اخلاق ڈینٹل ڈاکٹر محمد عمران صاحب (راولپنڈی) مورخہ 3 مئی 2017ء کو قضائے الٰہی سے انتقال فرما گئے۔ تمام قارئین کرام سے درخواست ہے کہ ان کیلئے دعائے مغفرت فرمائیں اور ایصال ثواب کریں۔ (ادارہ)

خوشگوار ازدواجی زندگی کے دس سنہری اصول

انتخاب: محمد عارف

نسلِ انسانی کی بقا کے لیے قانونِ فطرت مسلسل مصروفِ عمل ہے۔ اس کی بنیاد "محبت" جیسے پاکیزہ جذبے پر رکھی گئی ہے کہ کسی بھی معاشرے کو برائیوں سے پاک رکھنے کیلئے محبت جیسے پرخلوص جذبے کی ضرورت ہمیشہ رہے گی۔

دینِ اسلام میں دلوں کو آپس میں جوڑنے اور باہمی ہم آہنگی پیدا کرنے کیلئے "شادی" جیسا مقدس بندھن موجود ہے۔ شادی ایک ایسا مذہبی فریضہ ہے، جس کے سبب ایک صحیح مکمل خاندان اور معاشرہ تشکیل پاتا ہے۔

یوں بھی زندگی ایک سفر کی مانند ہے اور میاں بیوی اس سفر کے ایسے ساتھی ہیں کہ جن کا راستہ بھی ایک ہے اور منزل بھی ایک۔ اگر ان کے درمیان مکمل ذہنی ہم آہنگی اور جذبۂ محبت موجود ہوتو یہ سفر نہایت آرام وسکون سے کٹ سکتا ہے۔ ویسے بھی جب دو اجنبی روحیں "نکاح" جیسے مقدس بندھن میں بندھتی ہیں تو پھر ان کی یک جائی خاندان کی اکائی کو جنم دیتی ہے۔

یہی اکائی آگے جا کر معاشرے کی صورت میں ڈھلتی ہے تو بہترین معاشرے کی تعمیر کے لیے خاندان کی اکائی کی مضبوطی اور خوب صورتی نہایت ضروری ہے۔ یوں سمجھئے، پرسکون معاشرہ، پرسکون ازدواجی زندگی سے مشروط ہے۔ بظاہر تو کوئی بھی لڑکی "نئے گھر" کی بنیاد اس لیے نہیں رکھتی کہ اسے آباد نہ کیا جائے یا اس کا ماحول خوشگوار نہ ہو، مگر بعض اوقات حالات موافقت نہیں رکھتے اور حالات توقعات کے برخلاف ہوجاتے ہیں۔

اس طرح مزندگیوں کا سکون درہم برہم ہو جاتا ہے۔ ایسا ہونا درست نہیں، یہ تو طے ہے کہ مردوں کی نسبت، خواتین کو زیادہ قربانیاں اور خدمات پیش کرنی پڑتی ہیں، لیکن اگر عورت کی قربانی و ایثار سے ایک خوبصورت معاشرہ تخلیق پا جائے تو اس سے بڑھ کر اعزاز کیا ہوگا۔

ذیل میں کچھ چھوٹی چھوٹی باتیں درج کی جارہی ہیں، جو عام سی ہونے کے باوجود بے حد اہم ہیں اور خوش گوار ازدواجی زندگی کی کنجی سمجھی جاتی ہیں۔

بیویوں کے کرنے کے کام

1. دن بھر کا تھکا ہارا شوہر جب شام کو گھر داخل ہوتو اس کا استقبال ایک بھرپور مسکراہٹ اور سلام سے کریں۔ اس طرح وہ ساری تھکن بھول بھال کر خود کو ایک دم تر و تازہ محسوس کرے گا۔ کوشش کریں کہ شوہر کی آمد سے قبل صاف ستھرا لباس پہن کر ہلکا پھلکا تیار ہو جائیں اور بچوں کو بھی صاف ستھرا رکھیں۔ اس طرح گھر کے ماحول میں خوشگواریت رچی بسی رہے گی۔

2. ہر حال میں اللہ تعالی کا شکر ادا کریں۔ اگر شوہر کی آمدنی کم ہوتو اسے اس بات کا طعنہ کبھی نہ دیں، بلکہ ایسے مراحل میں اس کا ساتھ دیں، اس کی دل جوئی کریں۔ ناشکری ہرگز نہ کریں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ سلم نے ایک مرتبہ عورتوں سے مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا تھا کہ "میں نے دوزخ میں سب سے زیادہ عورتوں کو دیکھا ہے۔" وجہ پوچھنے پر فرمایا، "شوہروں کی ناشکری کی وجہ سے"۔

3. اپنے غصے پر قابو رکھیں، کیوں کہ زیادہ تر اختلافات غصے کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ اگر شوہر غصے میں ہوتو آپ خاموش رہیں، کچھ وقت گزر جانے کے بعد اسے اپنی بات نہایت ہی شیریں لہجے میں سمجھائیں تاکہ وہ آپ کے موقف کو اچھی طرح سمجھ سکے، اس طرح بات کبھی نہیں بڑھے گی۔ البتہ شوہر کے دل میں آپ کی اہمیت اور عزت مزید بڑھ جائے گی۔

4. آپ سسرالی رشتے داروں کے متعلق کوئی بات اپنے میکے میں نہ کریں کیوں کہ اس طرح دونوں خاندانوں کے درمیان اختلافات پیدا ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ اپنے سسر، ساس، نند، جیٹھ اور دیور کی دل سے عزت کریں۔ انہیں اسی طرح سمجھیں، جیسے میکے میں والدین اور بہن بھائیوں کو سمجھتی تھیں۔ معمولی باتوں کو دل پر مت لیں بلکہ یہ سوچ کر خود کو ذہنی طور پر

مطمئن کریں کہ جب شادی سے پہلے بھی کبھی والدین کسی بات پر ڈانٹ دیتے تھے یا بہن بھائیوں سے کسی بات پر اختلاف ہوجاتا تھا تو ہم جلد ہی ایک دوسرے کو منالیا کرتے تھے۔ میکے کی طرح سسرال میں بھی اگر یہی سوچ اور رویہ رکھیں گی تو یقیناً ذہنی طور پر مطمئن رہیں گی، جس سے آپ کی طبیعت اور مزاج پر بھی بہت اچھا اثر پڑے گا۔

۵ کوشش کیجئے کہ شوہر کی اجازت کے بغیر کہیں باہر نہ نکلیں۔ کیوں کہ اس طرح ازدواجی تعلقات میں بے اعتمادی کی فضا قائم ہوجاتی ہے۔ بہتر ہے کہ ایک دوسرے کو ہر بات سے آگاہ رکھا جائے تاکہ رشتے میں مضبوطی و اعتماد آئے۔

شوہروں کے کرنے کے کام

جس طرح بیویوں کے لیے کچھ باتیں اہم ہیں، اسی طرح شوہروں کو بھی چند باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

۶ مثلاً ماں، بہن اور بیوی کو ان کے رشتے کے لحاظ سے احترام وعزت دیں۔ کسی ایک فریق کی بات سن کر دوسرے کو بے عزت کبھی نہ کریں، بلکہ پوری بات جان کر انصاف سے کام لیں لیکن ہر حال میں احتیاط کا دامن تھامے رکھیں۔

۷ بیوی کی خدمات کو سراہیں۔ اس کے کیے گئے کاموں کی تعریف کریں۔ ہر وقت نقص نہ نکالتے رہیں۔ غلطی ہوجانے پر بھی اس کو آرام سے سمجھائیں کہ "پیار سے تو سنگ دل کو بھی رام کیا جاسکتا ہے" تو پھر بیوی تو بیوی ہے، آپ کی مونس وہمدرد، آپ سے محبت کرنے والی، آپ کے نام پر ہزار رشتے چھوڑ کر چلی آنے والی۔

۸ اپنے لہجے کو نرم بنائیں۔ آپ کا شیریں لہجہ بیوی کے دل میں آپ کے لیے محبت پیدا کرنے کا ذریعہ بنے گا۔ ہوسکے تو مسکرا کر بات کریں۔ چہرے پر تناؤ کی کیفیت مت رکھیں اور خود کو زیادہ تر پرسکون رکھنے کی کوشش کریں۔

۹ بیوی پر بلاوجہ تنقید مت کریں۔ ہر معاملے میں خود کو اس سے بہتر تصور نہ کریں۔ ہوسکتا ہے کچھ باتیں وہ آپ سے بہتر سمجھتی ہو۔ اس سے ہر بات شیئر کریں کیوں کہ بیوی آپ کی صرف شریکِ حیات ہی نہیں، بہت اچھی دوست بھی ہوتی ہے۔ آپ کے ہر دکھ سکھ کو اپنے دل میں محسوس کرتی ہے۔ ناسازگار حالات میں بھی وہ جس طرح ساتھ دیتی اور حوصلہ افزائی کرتی ہے، ایسا اور کوئی نہیں کرسکتا۔ اس لیے اپنی بیوی کی قدر کیجئے اور اسے ہمیشہ عزت کی نگاہ سے دیکھئے۔

۱۰ ہفتے میں کم از کم ایک بار بیوی بچوں کو کہیں باہر سیر وتفریح کیلئے ضرور لے کر جائیں۔ اس طرح گھریلو ماحول پر بہت خوشگوار اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ ذہنی سکون اور خوشی بھی حاصل ہوتی ہے اور بیوی بچوں سے محبت ودوستی کی فضا بھی قائم ہوتی ہے۔ نیز، ایک دوسرے کو سمجھنے کا موقع ملتا ہے۔

ایک دوسرے سے بہت زیادہ توقعات وابستہ کرلی جائیں تو عمر گزرجاتی ہے، توقعات پوری نہیں ہوتیں۔ اس لیے زیادہ نہیں، چند ایک چھوٹی چھوٹی باتوں ہی کا خیال رکھ لیا جائے تو چھوٹا سا گھر، ہنستی مسکراتی، جیتی جاگتی جنت کا نمونہ بن جائے گا۔

روحانی علاج گاہ کے تیار شدہ کورسز

ہر قسم کے جادو کا علاج

چالیس روز پر مشتمل اس کورس کو استعمال کرنے سے ہر قسم کا جادو، ٹونہ، بندشیں، رکاوٹیں اللہ جل جلالہٗ کے فضل و کرم سے ختم ہو جاتی ہیں۔ ایک کورس سے ایک سے زائد افراد بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

ھدیہ فی کورس (معمولی) 3000 روپے
(درمیانہ) 5000 روپے (سخت) 7000 روپے

جناتی مریضوں کا علاج

چالیس روز پر مشتمل کورس کرنے پر اللہ جل جلالہٗ کے فضل و کرم سے جناتی اثرات سے نجات مل جاتی ہے۔ جسم و دماغ آزاد ہو جاتا ہے۔ ایک گھر میں اگر ایک سے زائد مریض ہوں تو ایک کورس سب کے لئے کافی ہوتا ہے۔

ھدیہ فی کورس (معمولی) 3000 روپے
(درمیانہ) 5000 روپے (سخت) 7000 روپے

جادو اور جنات کے بد اثرات سے نجات

چالیس روز پر مشتمل اس کورس کو استعمال کرنے پر اللہ جل جلالہٗ کے فضل و کرم سے جادو، جنات اور شیاطین کے ہر قسم کے اثرات سے نجات مل جاتی ہے۔ ہر قسم کی بندشیں، رکاوٹیں، بیماریاں جو بد اثرات کی وجہ سے ہوتی ہیں، وہ بھی ختم ہو جاتی ہیں، ان شاء اللہ۔ جو لوگ بہت علاج کروا چکے ہوں اور فائدہ نہ ہو رہا ہو، ان کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔

ھدیہ فی کورس (معمولی) 4500 روپے
(درمیانہ) 6500 روپے (سخت) 8500 روپے

غصہ کا روحانی علاج

غصہ ایک نفسیاتی و روحانی مرض ہے۔ آج کل کے ٹینشن زدہ دور میں غصہ کا مرض عام ہوتا جا رہا ہے۔ برداشت کی بہت کمی ہوتی جا رہی ہے اور غصہ کی زیادتی کی وجہ سے کئی بار بہت بڑا نقصان بھی اُٹھانا پڑ جاتا ہے۔ رشتہ داریاں بھی ختم ہو جاتی ہیں۔ لہٰذا دار العمل چشتیہ کے روحانی علاج گاہ نے چالیس تعویذوں پر مشتمل چالیس یوم کا دافع غصہ کورس تیار کیا ہے، جس کے استعمال سے غصہ کے مرض پر قابو پایا جا سکتا ہے۔

ایک کورس جتنے چاہے مریضوں کو دیا جا سکتا ہے۔

ھدیہ فی کورس 800 روپے

حافظے میں حیرت انگیز اضافہ کیجئے

حکیم الامت مجدد ملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہٗ کا تحریر کردہ "سورۃ یٰسین" کا خاص عمل۔ صرف سات دن کے استعمال سے حافظے میں زبردست اضافہ ہوگا (ان شاء اللہ تعالیٰ)۔ خصوصاً طلباء، مناظر، اساتذہ کرام اور کثرت سے دماغی کام کرنے والوں کے لئے بہت مفید ہے۔ عمل خود تیار کریں یا ادارے سے تیار کروائیں۔ ممبران جوابی لفافہ کے ساتھ خط لکھ کر یا E-mail کے ذریعے مکمل طریقہ منگوا سکتے ہیں۔

ھدیہ فی کورس 1600 روپے

نوٹ روحانی علاج گاہ میں بہت سے تیار کورسز/علاج دستیاب ہیں اور نئے کورسز/علاج کا مسلسل اضافہ بھی ہو رہا ہے۔ اس لیے updated تفصیلات جاننے کے لیے website کو وقتاً فوقتاً visit کرتے رہیں۔

روحانی دکان، دار العمل چشتیہ، لاہور
فون: 042-35410586 موبائل: 0334-4312272
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

ساسیں ایسا کیوں کرتی ہیں؟

شمیم افضل

بہوؤں کے دل اور دعاؤں میں زندہ رہنے کا نسخہ

آپ نے بہت اخلاص اور دردمندی سے ''آؤ گھروں کو بچائیں'' فیچر تیار کیا ہے، پڑھ کر دل سے دعائیں نکلتی ہیں۔ ''میری ماں کا دہرا معیار'' جن محترمہ نے لکھا ہے، بہت دل گردے کی بات ہے، اسلامی اور معاشرتی اعتبار سے ماں باپ کی کسی کوتاہی کا ذکر باعث ندامت اور گناہ ہے، لیکن میرے خیال میں کسی کی اصلاح کے حوالے سے سچائی کا اعتراف اچھائی اور بھلائی ہی گنا جائے گا۔ میری اپنی کہانی بھی اسی طرح کی ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے مجھے توفیق بخشی کہ میں اپنی والدہ مرحومہ (اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے) کے دہرے معیار کو آہستہ آہستہ بدلنے میں کامیاب ہو گئی۔ پہلے مرحلہ پر ہم اس سلسلہ پر غور کریں گے کہ مائیں ساس بننے کے بعد ایسا کیوں کرتی ہیں؟ میری ناقص سوچ اور عملی زندگی کا تجربہ یہ کہتا ہے کہ ماؤں کی اکثریت نے اپنی ساس کی کڑوی کسیلی باتیں سنتے ہی زندگی کے اچھے دن گزارے ہوتے ہیں۔ بچوں کی شادی ہونے تک روک ٹوک، چھوٹی چھوٹی باتوں کو محسوس کرنے جیسی کمزوریاں اس کی طبیعت کا حصہ بن چکی ہوتی ہیں۔ بزرگوں کے بقول عادتیں بھی موت کی طرح آخر تک ان کا پیچھا نہیں چھوڑتیں۔ دوسری بات یہ کہ انہوں نے بہو بننے کے بعد زندگی کے قیمتی ترین (ازدواجی زندگی کے ابتدائی دن) لمحے ساس سسر بلکہ سخت روئی میں گزارے ہوتے ہیں۔ ساس بننے کے بعد وہ بھی عادت سے مجبور ہو کر آنے والی بہو سے اسی طرح کا برتاؤ کرتی ہے جو اس کے ساتھ ہوا ہوتا ہے۔

میں یہ نہیں کہتی کہ خدانخواستہ مائیں بدلہ لینے کے لیے ایسا کرتی ہیں، بلکہ اسے صرف گھریلو عادات اور کلچر کا حصہ کہہ لیں کہ بہو کو [illegible]کنا ٹوکنا، اس کے کاموں اور عادتوں کا تجزیہ کرنا وغیرہ۔ حالانکہ عمومی طور پر [illegible] لکھا گیا ہے کہ 25 سے 30 سال کے عرصہ میں حالات کافی بدل جاتے ہیں، اس لیے سوچ بھی بدل لینی چاہیے۔ یہی حربہ میں نے استعمال کیا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے توفیق دی اور میں اپنی والدہ مرحومہ کی سوچ اور رویے کو آہستہ آہستہ بدلنے میں کامیاب ہوگئی۔ کئی گھروں میں بیٹیوں کی شادی جلد کردی جاتی ہے۔ ایسے ہی جب میرے بڑے بھائی کی شادی ہوئی تب تک میں بھی شادی شدہ تھی۔ بھائی کی شادی کے ایک ہفتے بعد میں میکے گئی تو خلاف معمول امی جان کو سخت غصے میں دیکھا اور وجہ پوچھی تو پتہ چلا کہ بہورانی ابھی تک سوئی ہوئی ہے، جبکہ بھائی جان اپنے کام پر جا چکے تھے۔ میں نے امی جان کا غصہ دیکھ کر 100 فیصد ان کی ہاں میں ہاں ملائی کہ یہ بالکل غلط بات ہے کہ ہمارے گھر میں کوئی دوپہر تک سویا رہے وغیرہ وغیرہ۔

اس کے ساتھ ہی میں نے کہا کہ امی جان آج کچھ نہ کہنا، میں آپ کو طریقہ بتاؤں گی کہ کیسے بہو کو سمجھانا ہے؟ امی جان کا غصہ ختم ہوگیا، بہو بھی اٹھ گئی۔ شام کو واپسی کے وقت میں نے امی جان کو بتایا کہ کیا آپ چاہتی ہیں کہ عام ساس کی طرح لوگ آپ کو بھی بری ساس کہیں یا آپ کی بہو دل سے آپ کی عزت کرے۔ امی جان کچھ دیر تک خاموش رہیں پھر کہنے لگیں: اچھا بیٹی جیسے تم کہتی ہو۔ میں نے امی جان کو نرم دیکھا تو بتانا شروع کیا کہ امی جان ابھی اس کی شادی کو چند دن تو ہوئے ہیں، یہی دن ہیں جو اس نے بے فکری میں گزارنے ہیں، جب کام سنبھالے گی تو خود بخود وقت پر اٹھے گی۔ پھر کچھ عرصہ بعد امی جان نے مسئلہ کھڑا کیا کہ جب دیکھو بہانہ بنا کر بازار چلی جاتی ہے۔ میں نے کہا امی جان اسے کچھ کام ہوگا آپ کیوں ہلکان ہوتی ہیں؟ ایسے ہی امی جان معمولی باتوں کو بہت محسوس کرتیں اور منہ بناتی رہتیں۔ مجھے جب بھی پتہ چلتا، میں امی جان کو سمجھاتی کہ امی جان اس کی زندگی ہے، اسے جیسے ٹھیک لگتا ہے گزارنے دیں۔ جو بات گھر کے وقار کے خلاف اور زیادہ ناقابل برداشت ہو تو وہ بھائی جان کی موجودگی میں کہیں اور بہو نہیں بیٹی سمجھ کر کہیں۔ میں بیان نہیں کرسکتی کہ امی جان نے کتنے کڑوے گھونٹ پی کر میری باتوں پر عمل کیا اور آج امی جان کو دنیا سے گئے چار سال ہو چکے ہیں اور بڑی بھابھی جب بھی ملتی ہے تو امی (بقیہ ص 52)

گرمی کے اثرات سے بچنے کے آسان طریقے

سائرہ شاہد

گزرتے وقت کے ساتھ ساتھ گرمی کی شدت میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔اسی لئے گرمی کے نقصان دہ اثرات سے بچنے کے لئے ان تراکیب پر عمل کریں اور خودکو اور گھر کے باقی افراد کو گرمی سے بچائیں۔

۱۔رات کو ایک جگ پانی میں ایک چمچ ملیٹھی ملا کر رکھ دیں۔دن میں یہ پانی پیئیں۔گرمی نہیں لگے گی۔بچوں کی اسکول کی پانی کی بوتل میں بھی رات کو ایک چوتھائی چمچ ملیٹھی ملا کر رکھ دیں۔صبح بچوں کو وہی بوتل دیں۔وہ گرمی سے محفوظ رہیں گے۔اس کے علاوہ چھوٹے چھوٹے پانی کے مٹکے آتے ہیں۔آپ جگ کے بجائے ان کا بھی استعمال کر سکتے ہیں تاکہ پوری فیملی اس سے مستفید ہو سکے۔

۲۔اگر گرمی بہت لگ رہی ہو تو برف کا ٹھنڈا یخ پانی نہ پیئیں۔اس سے مزید نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

۳۔انار میں چند قطرے بادام کا تیل ملا کر کھانے سے گرمی کا اثر نہیں ہوتا۔

۴۔گرمی سے بچنے کے لئے ایک گلاس پانی میں آدھا چمچ سفید زیرہ اور آدھا چمچ سونف ملا کر پی لیں۔اس سے پسینہ کی زیادتی سے بھی نجات مل جائے گی۔

۵۔اگر گرمی کے باعث الٹی ہو تو گرما یا سردا ٹھنڈا کر کے کھالیں۔لیکن اسے کھانے کے بعد پانی بالکل نہ پیئیں اور اسے کھانے کے بعد لسی اور چاول نہ کھائیں۔الٹی بند ہو جائے گی۔

۶۔ایک کپ تربوز، ایک کیری، لیموں کا رس دو چمچ اور کالا نمک ایک چٹکی بلینڈ کریں اور صبح میں پی لیں۔لُو نہیں لگے گی۔گرمی کے باعث ہونے والی پیشاب کی جلن بھی نہیں ہوگی۔

۷۔دھوپ میں باہر نکلنے والے افراد کو پانی کی بوتل میں ایک ایک چمچ ہرا دھنیا اور پودینہ کا پیسٹ ملا کر دیں۔دھوپ کے اثرات سے محفوظ رہیں گے۔

۸۔تلسی کے بیج، سوکھا پودینہ اور سونف ہم وزن لے کر کوٹ کر رکھ لیں۔آدھا آدھا چمچ صبح و شام لے لیں۔

۹۔ہاتھ پیروں کی جلن اور گرمی کے تمام امراض سے نجات کیلئے ثابت دھنیا، سفید صندل، تج اور چھوٹی الائچی ایک ایک چمچ لے کر رکھ لیں۔روزانہ ایک چمچ صبح یا شام چار بجے لے لیں۔

۱۰۔دو چمچ برگ کاسنی، پھٹکری ایک ٹکڑا، ست کافور کی پوٹلی بنا کر نہانے کے پانی میں ملا لیں۔آدھے گھنٹے بعد اس پانی سے نہا لیں۔اس پانی سے نہانے سے آپ کو ٹھنڈک کا احساس ہوگا اور پانچ سے چھ گھنٹے آپ گرمی سے محفوظ رہیں گے۔

اس کے علاوہ جب بھی دن کے وقت گھر سے باہر نکلیں سر ڈھانپ کر نکلیں۔بلاوجہ کوئی دھوپ میں نکلنا پسند نہیں کرتا۔اسی لئے جب بھی آپ نکلیں تو احتیاطی تدابیر ضرور اختیار کریں تاکہ آپ محفوظ رہیں اور کسی بڑی پریشانی سے بچ سکیں۔

بقیہ : ساسیں ایسا کیوں کرتی ہیں؟

جان کی باتیں کرتے اس کے آنسو چھلک پڑتے ہیں اور بے اختیار ہاتھ اٹھا کر امی جان کے لیے دعائیں مانگتی ہیں ”اے اللہ! میری ماں کو جنت الفردوس عطا فرما، خوشیاں اور راحت نصیب فرما، جس طرح اس نے میرا خیال رکھا، پیار دیا، اللہ تو بھی ایسے ہی اسے اپنی رحمتوں سے نواز، میری اور میری اولاد کی ساری نیکیوں کو اس کے لیے صدقہ جاریہ بنا دے۔یہ آپ بیتی سنانے کا مقصد یہ ہے کہ اگر بیٹیاں سمجھتی ہیں کہ ماں کسی غلط فہمی کی بنا پر بہو سے انصاف نہیں کر رہی تو بیٹیوں کو اچھی ساس بننے کے لیے ماں کی مدد کرنی چاہیے کیونکہ بالآخر ان کو بھی بہو بن کر اگلے گھر جانا ہے۔گھروں کی تربیت الگ، سوچ الگ، عمر کا لمبا سفر الگ مگر ساس کو کسی قیمت پر بہو کے مقام پر نہیں آنا چاہیے۔

سحری میں دہی کھا کر سارا دن فریش رہے

حکیم سلیم اللہ ظفر

رمضان المبارک کی آمد آمد ہے۔ اہل ایمان رمضان کی تیاریوں میں ابھی سے مصروف ہیں۔ انتظار رمضان میں وہ بہت ہی مسرور اور خوش نظر آرہے ہیں۔ اللہ کرے رمضان ہمیں نصیب ہو اور گزشتہ زندگی میں آنے والے تمام رمضانوں سے بہتر انداز میں ہم اس کو گزاریں۔

سحریٰ کے کھانے کو اس اندازے سے رکھیں کہ اس میں پیاس لگانے والی چیزوں کا استعمال کم سے کم ہو۔ دہی کو اپنی سحری میں ضرور شامل رکھیے۔ بہت فائدے کی چیز ہے اور بالخصوص ایک ''خاص ٹوٹکہ'' کہ جس سے پورا دن ہی پیاس کا بالکل ہی احساس نہ ہو۔ پیاس نام کی چیز کو ہی آپ بھول جائیں گے۔

قارئین! خزینہ روحانیات وہ ہے دہی یا دہی کی لسی کے ساتھ سحری کے اختتام یا بالکل آغاز پر الائچی خورد یعنی چھوٹی الائچی کے چند دانے اگر کھا لیے جائیں تو آپ کو سخت گرمی کے باوجود سارا دن حتیٰ کہ افطاری کے وقت تک پیاس نہیں لگے گی۔ یہ نسخہ اور ٹوٹکہ بہت ہی آزمودہ بہت ہی مجرب، بہت ہی مؤثر ہے۔ اس رمضان المبارک کی سحری میں آپ بھی تجربہ کریں۔ آزمائش شرط ہے۔ قارئین یہ تو ہوا خاص ''تحفہ سحری'' آپ سب کے لیے اب ہم آتے ہیں دہی کی افادیت کی طرف کہ دہی کے اندر قدرت نے کیا کیا فائدے چھپا رکھے ہیں۔ تو آیئے دہی کے فائدے ملاحظہ فرمایئے۔

* دہی پیاس کو ختم کرتا ہے * دہی اعلیٰ درجے کا مسکن ہے * دہی کھانے سے جسم سے حدت ختم ہوتی ہے * دہی ذکاوت حس کو ختم کرتا ہے * دہی کا استعمال اختلاج قلب کے مریضوں کیلئے اکسیر ہے * دہی کا استعمال مسوڑھوں کے ورم کو ختم کرتا ہے * دہی کا استعمال دانتوں کو مضبوط بناتا ہے * دہی کا استعمال مسوڑھوں کی تمام بیماریوں کو ختم کرتا ہے * دہی کا استعمال دل ودماغ کیلئے تسکین کا باعث ہے * دہی کا استعمال گرمی اور خشکی کا خاتمہ کرتا ہے * دہی کا استعمال مالیخولیا کے مریضوں کے لیے بہت ہی فائدہ مند ہے * دہی کا استعمال بے خوابی کے مرض کو دور کرتا ہے * دہی کا استعمال آنکھوں کی جلن کو ختم کرتا ہے * دہی کا استعمال آنکھوں کی سرخی کو ختم کرتا ہے * دہی کا استعمال آنکھوں کے اکثر امراض سے نجات دلاتا ہے * دہی کا استعمال دمہ کے مریضوں کیلئے بہت ہی نفع مند ہے * دہی کا استعمال رقت خون کو اعتدال پر لاتا ہے * دہی کا استعمال خشک کھانسی کے مریضوں کیلئے اکسیر ہے * دہی کا استعمال خفقان کے مریضوں کیلئے بہت فائدہ مند ہے * دہی کا استعمال معدہ کی قوت جاذبہ کو طاقت بخشتا ہے * دہی کا استعمال معدے کیلئے بہت فائدہ مند ہے * دہی کا استعمال جگر کیلئے بہت اچھا ہے * دہی کا استعمال قوت ہاضمہ کو بہتر بناتا ہے * دہی کا استعمال معدہ اور جگر کے اکثر امراض سے بچاتا ہے * دہی کا استعمال معدہ اور جگر کی بے شمار بیماریوں سے نجات دلاتا ہے * دہی کا استعمال گردوں کے امراض کو بھی ختم کرتا ہے * دہی کا استعمال جگر اور گردوں کی خرابی کی وجہ سے ہونے والی تمام تکالیف پیشاب کو ختم کرتا ہے * دہی کا استعمال معدہ، جگر اور گردوں کو زبردست تقویت پہنچاتا ہے * دہی کا استعمال پیچش، دست اور مروڑ کو بھی ختم کرتا ہے * دہی کا استعمال ریحی بواسیر کو ختم کرتا ہے * دہی کا استعمال اسہال صفراوی واسہال مولی ؟؟؟ کو بھی بند کرتا ہے * دہی کا استعمال شباب وجوانی کو قائم رکھتا ہے * دہی کا استعمال بچوں، نوجوانوں اور بوڑھوں سب کے یکساں مفید ہے۔

قارئین! دہی کا استعمال عام دنوں میں بھی بہت فائدہ مند ہے لیکن خصوصاً رمضان المبارک میں سحری کے کھانے میں اس کا استعمال بہت ہی ضروری، بہت ہی فائدہ مند اور بہت ہی اچھا ہے۔

تھکن، سستی اور تھکاوٹ دور کرنے کیلئے افطاری لیموں کی اسکنجبین سے کیجئے

حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر

لیموں کے استعمال کے مختلف طریقے اور بے شمار فوائد ہیں۔ آج قارئین خزینہ روحانیات کے سامنے میں لیموں کا ضرور ایک ہی طریقہ استعمال اور اس کے ان گنت فوائد عرض کروں گا۔ لیموں بظاہر ایک معمولی سی چیز نظر آتا ہے۔ لیکن یہ ایک معمولی نظر آنے والی چیز اپنے اندر بے پناہ فوائد اور خصوصیات چھپائے ہوئے ہے۔ آج ہم بات کریں گے لیموں کی اسکنجبین کی کہ وہ موسم گرما میں عموماً اور رمضان المبارک میں بوقت افطار استعمال کرنے پر اپنے پینے والوں کو کیا کیا فائدے دیتی ہے۔ لیموں کو ویسے تو آپ شربت روح افزاء، شربت جام شیریں وغیرہ میں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ لیکن اگر اس کی اسپیشل اور خالص اسکنجبین بنا کر پی جائے خواہ وہ نمکین ہو یا میٹھی اگرچہ میٹھی کی نسبت حکماء اور پرانے لوگ نمکین کو زیادہ ترجیح دیتے ہیں۔ بہرحال نمکین ہو یا میٹھی دونوں ہی یکساں فوائد کی حامل ہیں۔ اپنی طبیعت اور مزاج کے مطابق جو بھی بنا لی جائے بہتر ہے۔

لیموں کی اسکنجبین معدے کیلئے بہت اچھی چیز ہے۔ لیموں کی اسکنجبین جگر کو بہت فائدہ دیتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین دل کو فرحت اور تقویت دیتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین ہر قسم کی تھکاوٹ کو دور کرتی ہے۔

لیموں کی اسکنجبین پیاس کی شدت کو ختم کرتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین شدت پیاس کی وجہ سے زبان، ہونٹوں اور منہ کی خشکی ختم کرتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین بار بار پیاس لگنے کے مرض کو ختم کرتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین ہر قسم کی بے چینی کو ختم کرتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین ہر قسم کی گھبراہٹ کو ختم کرتی ہے۔

لیموں کی اسکنجبین بلا مبالغہ معدہ اور جگر کیلئے آب حیات ہے۔ لیموں کی اسکنجبین معدے کو تقویت دیتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین معدے کو طاقت دیتی ہے۔

لیموں کی اسکنجبین معدے کے فاسد رطوبات کو ختم کرتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین معدے کیلئے ضروری رطوبات کو بحال کرتی ہے۔

لیموں کی اسکنجبین معدے کی تمام بیماریوں کو ختم کرتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین جگر کی تمام بیماریوں کو ختم کرتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین ہر قسم کے یرقان کے مریض کیلئے بہت ہی فائدہ مند ہے۔ لیموں کی اسکنجبین قوت ہاضمہ کو دوبالا کرتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین معدے کو تقویت بخشتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین بھوک میں اضافہ کرتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین معدے کے ضعف کو دور کرتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین معدے کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔

لیموں کی اسکنجبین ہیضہ کے مرض سے بچاتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین موسم گرما کے تمام امراض سے بچاتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین ہر قسم کے گرمی کے اثر کو دور کرتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین ہیضہ کے جراثیم کو جڑ سے ختم کرتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین قے متلی کے مرض کو ختم کرتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین ہر قسم کے وبائی امراض سے محفوظ رکھتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین دستوں کو روکتی ہے۔

لیموں کی اسکنجبین پیچش کے مرض کو ختم کرتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین پاخانہ میں پیپ آنے کو روکتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین دائمی قبض کے مریضوں کے لیے بہت ہی موثر ہے۔ لیموں کی اسکنجبین جسم کو چست اور چاک وچوبند رکھتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین جسم کو ہلکا پھلکا رکھتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین طبیعت کو ہشاش بشاش رکھتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین پانی کی کمی کو دور کرتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین موٹاپے کو ختم کرتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین گرمی سے ہونے والے سردرد کو ختم کرتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین منہ کی کڑواہٹ کو ختم کرتی ہے۔

لیموں کی اسکنجبین منہ کے ذائقے کو بہتر بناتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین منہ کے چھالوں کو دور کرتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین ہر قسم کے بخار کو ختم کرتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین پیٹ کے تمام امراض کیلئے بہت ہی مفید ہے۔ لیموں کی اسکنجبین گرمیوں کے روزوں، سارا دن کی پیاس، سارا دن کی تھکاوٹ، پیاس کی شدت کو ایک دم ختم کر کے آپ کو تراویح کی نماز کیلئے ہمت دلانے والی ایک بہت ہی زبردست، قیمتی تحفہ ہے۔ لیموں کی اسکنجبین سے افطاری کی دسترخوان کو ضرور زینت بخشئے۔

آپ کے سوالات مطب العارف کے جوابات

محترم حکیم صاحب السلام علیکم!

سوال محترم میرے چہرے پر بہت دانے ہیں اور دانے دن بدن بڑھتے جارہے ہیں میں نے بہت دوائیاں کھائی ہیں۔لیکن کسی بھی دوائی سے آرام نہیں آرہا بلکہ دانے زیادہ ہوتے جارہے ہیں۔پلیز کوئی تدبیر بتلائیں یا کوئی اچھی سی دوائی بتلائیں کہ جس سے مجھے اس پریشانی سے مکمل چھٹکارا مل جائے۔آپ کی بہت نوازش ہوگی!

وعلیکم السلام!

جواب میری بہن آپ کے خط میں لکھے تفصیلی حالات پڑھے ہیں۔آپ آج سے ہر قسم کی ادویات کھانا بھی بند کردیں اور لوشن کریموں کا استعمال بھی بالکل روک دیں۔سب سے پہلے آپ میری ان بتلائی ہوئی ہدایات پر عمل کرنا شروع کریں۔جب تک آپ ان تینوں باتوں پر توجہ نہیں دیں گی آپ کا یہ معاملہ کبھی بھی حل نہیں ہوگا۔

ہر قسم کی گرم اشیاء، مرغن غذائیں، ہر قسم کی تیل میں تیار ہونے والی چیزیں، ہر قسم کا گوشت، تیز مرچ مصالے دار اشیاء، چائے وغیرہ پینا بند کردیں۔تازہ سبزیوں،فروٹ اور فریش جوس بکثرت استعمال کریں۔

چہرے کے دانوں کی ایک بڑی وجہ قبض بھی ہے۔قبض چونکہ 100 بیماریوں کی ماں ہے۔اس سے درجنوں بیماریاں جنم لیتی ہیں۔جب تک آپ کو قبض کا مسئلہ رہے گا اس وقت تک آپ کو اس مسئلے سے ہرگز چھٹکارا نہیں ملے گا۔قبض دور کرنے کیلئے جام صحت دواخانے کا خالص عرق بادام لے کر رات سوتے وقت ایک کپ نیم گرم دودھ میں ایک یا دو چمچ ڈال کر مسلسل کچھ دن استعمال کریں۔یا پھر کسی اچھے دواخانے کی تیار شدہ حب تنکار لے کر رات سوتے وقت تازہ پانی سے 2 گولیاں مسلسل کھائیں۔اس سے قبض کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔پانی بھی زیادہ سا پیا کریں۔

قدرت نے عورتوں کیلئے بھی مخصوص ایام مقرر کیے ہیں، ان میں خاص حکمت پوشیدہ ہے،عورت کا اگر ماہواری سلسلہ بالکل ٹھیک ہو تو عورت اکثر بیماریوں سے محفوظ اور بچی رہتی ہے بنسبت ان عورتوں کے کہ جن میں پرابلم ہوں تو وہ اکثر بیماریوں کا شکار رہتی ہیں۔مینسز نہ آنے، مینسز کم آنے، مینسز تکلیف اور درد سے آنے، مینسز مقررتاریخ پر نہ آنے کی وجہ سے جہاں عورتوں کو دیگر بہت ساری موذی امراض پیدا ہوجاتے ہیں۔ان بیماریوں میں سے ایک بیماری چہرے پر چھائیاں، چہرے پر داغ اور چہرے پر دانے بھی ہیں۔لہٰذا اگر آپ کو یہ مسئلہ بھی درپیش ہے اور یقیناً یہ مسئلہ ضرور ہوگا تو اس کے حل کیلئے بھی لازمی کوشش کریں۔ان شاءاللہ آپ کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔

ان تینوں ہدایات پر عمل کرنے کے بعد آپ مطب العارف سے الرجی نل اور خون صاف کرنے والی گولیاں منگوالیں۔ان شاءاللہ آپ کا یہ پرابلم بالکل ختم ہوجائے گا۔

سوال محترم حکیم صاحب میری عمر 20 سال ہے، میرے سر کے بال بہت گرتے ہیں، سر میں خشکی بھی بہت زیادہ ہے۔سر میں اکثر درد بھی رہتا ہے۔پلیز کوئی حل بتایئے؟

جواب محترمہ آپ مطب العارف سے بے مثال تیل اور دماغی ٹانک منگوا لیں، آپ کو دماغی کمزوری کا بھی مسئلہ ہے اس کیلئے صبح شام دماغی ٹانک استعمال کریں اور بے مثال تیل سے روزانہ رات سوتے وقت اپنے سر کی آہستہ آہستہ مالش کریں۔مالش کا دورانیہ 5 سے 10 منٹ ہو۔ساری رات تیل سر پر لگا رہے۔صبح غسل کرلیں، اس طریقے سے آپ مسلسل ایک مہینہ عمل کریں۔خشکی بھی ختم ہوجائے گی۔بال گرنا بھی بند ہوجائیں گے، نئے بال اُگنا بھی شروع ہوجائیں گے اور بال خوبصورت لمبے اور گھنے بھی ہو جائیں گے۔

مطب العارف کی آزمودہ مجرب ادویات

1 معجون خاص زعفرانی

قیمت: 950 روپے

• بوڑھوں میں نوجوانوں جیسی چستی اور تیزی پیدا کرتا ہے • جنسی کمزوریوں کا نام ونشان تک ختم کردیتا ہے • بے رغبتی، بے توجہی، عدم دلچسپی اور بے حسی کا خاتمہ کرتا ہے • خواہشات میں زبردست اور بے انتہا اضافہ کرتا ہے • اعضائے رئیسہ شریفہ کو زبردست قوت وطاقت دیتا ہے • عضو خاص میں سختی اور مضبوطی کو قائم ودائم رکھتا ہے • نامرد کو مرد بنانے اور کمزور حضرات کو طاقت ور بنانے کے کام آتا ہے

2 پیغام جوانی کیپسول

چھوٹی پیکنگ: 750 روپے　بڑی پیکنگ: 1500 روپے

◆ طاقت وقوت کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہے ◆ مخفی وپوشیدہ طاقتوں کا سرچشمہ ہے ◆ ہمیشہ کی شرمندگی سے نجات دلاتا ہے ◆ مسرت وشادمانی کے لمحات میں اضافہ کرتا ہے ◆ خاص اوقات میں زبردست اضافہ کرتا ہے ◆ ازدواجی تعلقات کو مستحکم ومضبوط بناتا ہے ◆ زوجین کے اعتماد کو ہمیشہ بحال رکھتا ہے ◆ خاوند کو جلدی گھر آنے پر مجبور کرتا ہے ◆ فوری اور پہلی خوراک میں رزلٹ دینے والا گفٹ ہے ◆ منٹوں کو گھنٹوں میں بدلنے والا ایک خاص نسخہ ہے ◆ قدردانوں کیلئے ایک انمول، بے مثال اور لاجواب چیز ہے

3 سفوف شباب آور

قیمت: 850 روپے

◄ مایوسیوں کو امیدوں میں تبدیل کرتا ہے ◄ جسم انسانی میں حقیقی شباب کو قائم رکھتا ہے ◄ اعصاب میں زبردست مضبوطی پیدا کرتا ہے ◄ بوڑھوں کو نوجوان بنانے والا ایک نسخہ کیمیا ہے ◄ مرجھائے ہوئے چہروں کو گلاب جیسی رعنائی دیتا ہے ◄ انتہائی مقوی، بے حد مغلظ اور بے انتہا محرک ہے ◄ جوانی کو قائم ودائم اور ہمیشہ فٹ رکھنے والا سفوف ہے ◄ ہر عمر میں استعمال ہونے والا ایک ارزاں دیسی نسخہ ہے

4 شادی کورس

ملک بھر میں ہوم ڈلیوری کی سہولت موجود ہے

شادی کے نام سے ہی خوف زدہ ہونے والوں کیلئے زبردست مثالی تحفہ

شادی کورس نمبر 1 .... 5500 .... شادی کورس نمبر 2 .... 11500 .... شادی کورس نمبر 3 15500

5 سفوف مغلظ خاص: مادہ خاص کو گاڑھا کرتی ہے۔ پتلا پن کو ختم کرنے میں بے مثال　قیمت: 350 روپے

6 طلا خاص نمبر 1: عضوِ خاص کا ڈھیلا پن ختم کرے۔ لمبائی اور موٹائی میں اضافہ کرے۔　قیمت: 250 روپے

7 طلا خاص نمبر 2: عضوِ خاص کی کمزوری ختم۔ مضبوطی اور سختی پیدا کرے۔　قیمت: 450 روپے

8 گرمی دور گولیاں: جگر، مثانہ کی گرمی کا زبردست توڑ۔　قیمت: 250 روپے

9 عارفی پھکی: ہر قسم کے نمکیات سے پاک۔ معدہ کی جلن، ہاضمہ کی کمزوری کا زبردست علاج　قیمت: 100 روپے

10 بواسیر کورس: ہر قسم کی بواسیر ختم کرے۔ پہلی خوراک میں خون بند کرے، جلن ختم کرے۔　قیمت: 1200 روپے

11 شربت ٹھنڈک خاص: کالے اور پیلے یرقان اور جملہ امراض گرما کا بہترین علاج۔　قیمت: 200 روپے

042-35410586, 0307-5525103, Web: darulamal.org/matabalaarif

آج کل موسم گرما کی آمد آمد ہے۔ موسم گرما میں جہاں ہمیں قدرت کی جانب سے ودیعت کئے گئے لذیذ پھل اور دوسری ذائقے دار سبزیاں حاصل ہوتی ہیں، وہیں ہمیں کئی امراض کے لاحق ہونے کا بھی خطرہ رہتا ہے۔ موسم گرما کے عام امراض میں دست آنا، جسم پر گرمی کے اثرات ہوجانا اور لو لگ جانا شامل ہیں۔ موسم گرما کے دستوں میں پانی کی طرح کے پاخانوں کے ساتھ پیٹ میں تشنجی درد، بخار، سر درد ہوتا ہے، قے آتی ہے، منہ خشک رہتا ہے، پیاس بہت لگتی ہے، بھوک اڑ جاتی ہے، پیشاب کم آتا ہے، غنودگی کی کیفیت رہتی ہے۔ یہ بیماری پانی، مشروب یا غذا میں جرثوموں ایکولائی، سالمونیلا، کمپائلو بیکٹر اور امیبا پیراسائٹ کے انفیکشن کی نشاندہی کرتی ہے۔ اگر فوری طور پر علاج نہ کیا جائے تب گردوں کے فیل ہونے اور عارضہ قلب ہونے کا امکان بھی بڑھ جاتا ہے۔ گھریلو نسخے کے طور پر سبز چائے، بابونہ اور آم چور، ناریل کا پانی، سنگھاڑے، نیم گرم پانی میں ہلدی، او۔ آر۔ ایس، چار کپ پانی میں ڈھائی چمچے شکر، دو چٹکی نمک اور آدھ چٹکی میٹھا سوڈا بنا کر استعمال کراسکتے ہیں۔

ادویاتی علاج

آرسنک البم 30: برف پینے، آئس کریم، کھانے یا پھل کھانے سے اسہال۔

وریٹرم البم 200-30: اس دوا کی علامات میں ہیضہ ہی نظر آتا ہے۔

چائنا 30: غیر ہضم شدہ غذا کا پاخانے میں خارج ہونا۔

ایلوز 30: پاخانے پر کنٹرول نہ ہونا، پیشاب کرتے وقت یا ریح خارج کرتے وقت پاخانہ بے ساختہ خارج ہوجاتا ہے۔

کروٹن ٹگلیم 30: پچکاری کی دھار کی طرح پاخانہ کا خارج ہونا۔

پوڈوفائیلم 30: زرد رنگ کا پتلا پانی کی مانند بہت بڑا پاخانہ جو زور سے خارج ہوتا ہو۔

مرکیورس سال 30: سبز رنگ کے پاخانے میں بلغم شامل ہوتا ہے، زیادہ دیر تک پاخانہ کیلئے بیٹھے رہنا اور زور لگانا۔

کلکیریا کارب 30: پاخانے سے غیر ہضم شدہ جن سے کھٹی بو آتی ہے، بچوں میں دانت نکالتے وقت زیادہ ہوتا ہے۔

ریوم 30: پاخانے کا رنگ سبز اور کھٹی بو والے ہوتے ہیں، بچوں میں تمام جسم سے کھٹی بو آنا۔

فاسفورس 30: قے اور ساگودانہ کی مانند پاخانے کا ہونا خاص علامات ہیں۔

ارجنٹم نایٹریکم 200: زیادہ میٹھی اشیاء کے کھانے سے اسہال کا آنا۔

سلفر 30: اس میں مقعد میں خارش، جلن، اجابت کا بدبودار ہونا اور پاخانے کی حاجت جلد جلد ہونا۔

کلکیریا فاس 6x: کمزوری کا ہونا، جلد پر جھریاں نمایاں ہوتی ہیں، پاخانہ سبز رنگ اور بدبودار ہوتا ہے۔

فاسفورک ایسڈ 6,30: پاخانے کا رنگ عام طور پر سفیدی مائل ہوتا ہے اور بدبو نہیں ہوتی۔

پلسٹلا 30: مرغن غذا کی وجہ سے اسہال کا آنا، اسہال کا رنگ بدلتے رہنا۔

کیموملا 30: پاخانے کا رنگ سبز رنگ اور بدبو گندے انڈوں کی مانند ہوتی ہے۔

اپی کاک 30: اس میں پاخانے کا رنگ سبز اور زرد ہوتا ہے اور اس پر جھاگ کا ہونا اس کی خاص علامات ہیں۔

گرمی کے اثرات۔ لو لگ جانا

موسم گرما میں لو لگ جانے پر بدن کے گرم ہونے سے خون میں حدت بڑھ جاتی ہے، خون کی نالیاں پھیل جاتی ہیں، دل کو تیزی سے کام کرنا پڑتا ہے، پسینے سے بدن کا پانی و نمکیات تیزی سے ختم ہوجاتے ہیں۔ نتیجہ کے طور

پر شدید نقاہت اور غنودگی طاری رہتی ہے۔ لُو لگنا ایک میڈیکل ایمرجنسی کی کیفیت ہوتی ہے جس میں بدن کا درجہ حرارت 105 فارن ہیٹ سے زیادہ ہوجاتا ہے۔ عموماً پچاس سال سے زیادہ عمر کے افراد یا نوجوان ایتھلیٹ اس کا شکار ہوتے ہیں۔ اس سے دماغ اور اعصابی نظام کو نقصان پہنچتا ہے، تشنج ہوتا ہے، سر میں نبض چلتی محسوس ہوتی ہے، متلی ہونے کے ساتھ سینے میں درد ہوتا ہے، غنودگی طاری ہونے پر سر ہلکا محسوس ہوتا ہے، بدن کے گرم ہونے کے باوجود پسینہ نہیں آتا ہے، سانس پھولتا اور تیز تیز چلتا ہے، چلنے میں لڑکھڑاہٹ ہوتی ہے، سوچنے کی صلاحیت گڈمڈ جاتی ہے، جلد خشک اور سرخ ہوجاتی ہے۔ بے ہوشی کے دورے پڑنے کے بعد مریض کوما میں چلا جاتا ہے۔ فوری ہنگامی طور پر جنگاسوں، بغل، گردن اور کمر پر برف کی ٹکور کی جانی چاہیے کیونکہ ان جگہوں پر خون کی نالیاں زیادہ ہوتی ہے۔ اگر آدھ گھنٹے میں مریض کا درجہ حرارت کم نہ ہوتا فوری طور پر اسے ہسپتال منتقل کریں۔

ادویاتی علاج

کار نس سر سیناٹا Q: غنودگی، ٹھنڈے پسینے، بدن سے گرمی کے بھبکے نکلیں، دماغ میں درد، متلی ہو، کمر درد ہو۔

چائنا آف 30: غنودگی میں پیٹ پھولا ہو، کنپٹی پر شریانیں پھڑکتی ہوئی محسوس ہوں، ذرا سے چھونے پر درد سے چلائے۔

ایسڈ فاس Q: کسی غم کی کیفیت میں گھر یا گھر سے باہر گرمی لگنے سے نیند محسوس کرتا رہے۔ کسی سے بات نہ کرنا چاہے۔

ایپی کاک 30: گرم مرطوب ہوا میں پسینہ آئے، متلی ہو اور بھوک نہ لگے اور کمزوری ایسی کہ نیند کی کیفیت میں رہے۔

نیٹرم کارب 30: نقاہت شدید ہو، پیٹ پھولا ہو، دودھ سے کمزوری بڑھے، ہضم نہ ہو، ذرا سی مشقت سے چکر آئیں۔

سیکیل کار Q: نقاہت، زیادہ گرمی سے کپڑے پھاڑ/اتار دینا چاہتا ہو، چٹپٹی اشیاء کھانا چاہتا ہو۔

سیلینیئم 200: نقاہت میں تمام بدن پر نبض چلتی محسوس ہو، مستقل گرمی محسوس کرے۔

موسم گرما کی شدت سے بچاؤ

موجودہ طرز تعمیر میں استعمال ہونے والے لوہے، سیمنٹ اور گھریلو اشیاء کو ٹھنڈی رکھنے والی مشینوں سے مل کر ریڈون 222 گیس بنتی ہے۔ اس فضا میں رہنے والوں کو پندرہ سال کے اندر کینسر ہونے کا قوی امکان ہوتا ہے۔ اس لئے ہر حالت میں ہمیں روزانہ اپنی رہائش گاہوں اور دفتروں میں 24 گھنٹوں میں 2 گھنٹے تازہ ہوا اور روشنی کو کمروں میں آنے دینا چاہیے تاکہ ریڈون 222 گیس اور دیگر مضر صحت گیسز کا عمارتوں سے اخراج ہو سکے۔ اس کے علاوہ ان فلیٹوں یا گھروں میں رہنے والے، جہاں آر پار ہوا کا گزر نہ ہوتا ہو، وہ بھی اس مرض میں مبتلا ہوتے ہیں۔ موسم کی مطابقت سے کھلے سوتی لباس زیب تن کرنا، دھوپ میں چھتری لے کر چلنا یا ٹوپی رومال یا چادر سے سر ڈھک کر نکلنا، بدن سے نمکیات کے اخراج کو کافی حد تک بچائے رکھتا ہے۔

بقیہ: دیکھ کر نہیں چل سکتے اندھے ہو گیا؟

کے پاس اپنی گاڑی ٹھیک کروا رہا تھا، جب ارسلان نے اپنے اس دوست کو خون کے لیے فون کیا تھا۔ وہ دوست تو تیار نہیں تھا لیکن میرا یہی خون گروپ تھا، اس لیے میں آ گیا۔ ''صاحب! اپنے پاس بہت خون ہے'' مسکراتے ہوئے اس نوجوان نے ارسلان سے کہا۔ ارسلان نے اس کے ہاتھوں کو تھام لیا۔ اس کے کپڑوں میں سے آنے والی ڈیزل کی بو اسے ایسے لگ رہی تھی کہ جیسے مشک و کافور ہو۔ اس کی سیاہ رنگت پر ساری دنیا کی سفیدیاں قربان کرنے کا من کر رہا تھا۔ فرطِ جذبات میں ارسلان اس سے بولا: ''جانتے ہو! میری ماں کو خون دینے سے بڑا احسان کیا کیا ہے تم نے مجھ پر؟ تم نے مجھے آج یہ سکھا دیا ہے کہ میں اگر بادلوں پر بھی سواری شروع کر دوں تو بھی زمین کا ایک ذرہ بھی میرے لیے حقیر نہیں ہے۔ کہ سیاہ رنگتوں کے پیچھے شیشے کی طرح صاف دل ہو سکتے ہیں۔ کہ بدبودار لباس کے پیچھے خوشبودار بدن ہو سکتے ہیں''۔

گھریلو ٹوٹکے

انتخاب: اُمِ نافع

کپڑوں سے پسینے کے دھبے دور کریں

کپڑوں سے پسینے کے دھبے دور کرنے کے لیے دھبوں کی جگہ پر تھوڑا سا امونیا لگا کر دھوپ میں رکھ دیں۔ دھبے جاتے رہیں گے۔

سجدہ کرتے وقت احتیاط

سجدے میں پیشانی اور ناک بھی زمین پر لگنی چاہیے، دونوں کوہنیاں پیٹ کے ساتھ نہیں لگنی چاہیے، دونوں ہاتھ، دونوں گھٹنے، دونوں پاؤں زمین پر لگنے چاہیے۔ کئی بار دیکھا گیا ہے کہ اکثر لوگ ان میں سے کوئی نا کوئی غلطی کرتے ہیں۔ کبھی کوئی ناک زمین پر نہیں لگاتا تو کوئی ایک پاؤں زمین سے اٹھالیتا ہے۔ اس طرح کرنے سے سجدہ ٹھیک طرح سے ادا نہیں ہوتا۔

جیولری کو چمکدار اور روشن بنائیں

اپنی جیولری کو چمکدار اور روشن بنانے کیلئے انہیں ابلے ہوئے آملہ اور ریٹھا کے پاوڈر میں ایک گھنٹے کیلئے چھوڑ دیں۔ اس کے بعد کسی پرانے ٹوتھ برش سے انہیں رواں پانی میں دھولیں۔

دھوتے وقت ریشمی ساڑھی کا رنگ خراب نہ ہو

گھر پر ریشمی ساڑھی دھونا ہو تو پانی میں واشنگ پاؤڈر کے ساتھ تھوڑا سا لیموں کا رس بھی ڈال دیں۔ یہ رس ساڑھی کو بدرنگ ہونے سے بچائے گا اور سلک کو نرم بھی رکھے گا۔

مکھن کو بدبودار ہونے سے بچائیں

مکھن میں ٹھنڈ اور نمی کے دنوں میں ایک خاص قسم کی ناگوار بو آجاتی ہے۔ اس سے بچنے کیلئے اس میں دھنیئے کے چند پتے ڈال دیں۔ مکھن کو جب ابالیں یا پگھلائیں تو بعد میں اسے چھان لیں۔

شیشے کے برتن کو ٹوٹنے سے بچائیں

شیشے کے برتن میں گرم اشیا ڈالنے سے قبل اس میں پیپر نیپکن لگالیں۔ اس طرح گرمی سے شیشے کے برتن کریک ہونے سے محفوظ رہیں گے۔

کیک کو ٹوٹنے سے بچائیں

کیک کو بیکنگ ٹرے میں ڈالنے سے قبل اس پر چکنائی لگا دیتے ہیں۔ اگر چکنائی لگانے سے پہلے ٹرے میں خشک آٹے کو چھڑک دیں تو بعد میں کیک آسانی سے ٹوٹے بغیر ٹرے سے باہر آجائے گا۔

کچے کیلے کو سیاہ ہونے سے بچائیں

کچا کیلا کاٹنے کے بعد اگر کچھ بچ جائے تو اسے کالا ہونے سے بچانے کیلئے دہی کا پانی اس پر چھڑک دیں۔ سیاہی مائل نہیں ہو پائے گا۔

زیورات چمکائیے

سونے کے زیورات چمکانے کے لیے تھوڑا سا سرف اور ہلدی پانی میں ملا کر جھاگ بنالیں اور زیور کو چار سے پانچ گھنٹے کے لیے بھگو دیں۔ پھر برش سے صاف کر کے دھولیں۔ زیور چمک جائے گا۔

ٹوٹا شیشہ جوڑیں

چونا اور انڈے کی زردی کو آپس میں حل کر لیں اور اس سے ٹوٹے ہوئے شیشے پر لگا کر شیشہ جوڑ لیں۔

کتابوں اور کپڑوں کی کیڑوں سے حفاظت

پودینہ یا لیموں کے چھلکے کتابوں اور کپڑوں میں رکھنے سے کیڑے ختم ہوجاتے ہیں۔

استری صاف کرنا

ایک آلو لے کر آدھا کاٹ لیں۔ پھر اس کو میٹھا لگا کر اس سے استری کا نیچے والا حصہ صاف کریں۔ اس طرح آپ کو زیادہ محنت کرنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

مسلمان کو کیسا ہونا چاہیے؟ (قسط: ۲)

21۔ مسلمان کو اللہ کا ہی رنگ پسند ہے، اسی کو اختیار کرتا ہے اور جانتا ہے کہ اللہ سے بہتر کسی کا رنگ نہیں۔ 2/138

22۔ مسلمان اللہ کا شکر ادا کرتا ہے، اس کا انکار نہیں کرتا اور اسی کو یاد کرتا ہے تاکہ اسے یاد کرے۔ 2/152

23۔ مسلمان جانتا ہے کہ اللہ کریم ضرور اسے کچھ خوف اور بھوک اور مال وجان اور پھلوں کی کمی سے آزمائیں گے، وہ اس پر ہمیشہ صبر کرتا ہے اور اپنے دین پر ثابت قدم رہتا ہے اور جب کوئی مصیبت آتی ہے تو کہتا ہے ''انا للہ وانا الیہ راجعون'' کہ یقیناً ہم اللہ ہی کے ہیں اور اسی کی طرف رجوع کرنے والے ہیں۔ 2/155,156

24۔ مسلمان کسی کو بھی اللہ کا ہمسر نہیں بناتا اور شدید محبت صرف اللہ سے ہی کرتا ہے۔ 2/165

25۔ مسلمان زمین میں سے حلال اور پاک چیزیں کھاتا ہے۔
2/168,169

26۔ مسلمان کبھی شیطان کے نقش قدم پر نہیں چلتا اور جانتا ہے کہ وہ اس کا کھلا دشمن ہے۔ 2/168-169

27۔ مسلمان ہر برائی اور ہر بے حیائی سے بچتا ہے کیونکہ بُرائی اور بے حیائی کی تلقین شیطان کرتا ہے۔ 2/168,169

28۔ مسلمان کبھی اللہ کے بارے ایسی بات نہیں کہتا جو وہ نہیں جانتا کیوں کہ اسے علم ہے کہ شیطان یہ چاہتا ہے۔ 2/168-169

29۔ مسلمان مُردار، خنزیر، بہتا ہوا لہو اور جس پر غیر اللہ کا نام لیا گیا ہو اسے حرام مانتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ یہ اس کے لئے حرام ہے۔ 2/173

30۔ مسلمان جانتا ہے کہ نیکی یہ نہیں کہ اپنا منہ مغرب یا مشرق کی طرف کرلیا جائے بلکہ نیکی اس کی ہے جو اللہ، روز آخرت، فرشتوں، کتاب خدا اور نبیوں پر ایمان لایا۔ جس نے اس کی محبت میں رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں، مسافروں، سوالیوں اور گردن بندھوں کی خاطر اپنا مال دیا، نماز قائم کی، زکوٰۃ دی، اللہ سے اپنا عہد نبھایا، تنگدستی، تکلیف اور جنگ کے وقت ثابت قدم رہا۔ 2/177

31۔ مسلمان کو علم ہے کہ رمضان کے روزے اس پر فرض ہے (اور بغیر کسی شرعی عذر کے) رمضان کے پورے روزے اللہ کا حکم مان کر رکھتا ہے انہیں چھوڑتا نہیں۔ 2/183

32۔ مسلمان جانتا ہے کہ جب وہ اللہ کو پکارتا ہے تو وہ اس کے قریب ہوتا ہے اور اس کی دعا سنتا ہے، اس لئے وہ اس کا حکم مانتا ہے اور صرف اسی پر بھروسہ رکھتا ہے۔ 2/186

33۔ مسلمان کسی دوسرے کا مال ناحق نہیں کھاتا۔ 2/188

34۔ مسلمان کبھی لوگوں کے مال کا ایک حصہ جانتے بوجھتے ہوئے حاکموں تک نہیں پہنچاتا کہ لوگوں کا مال ناجائز طور پر کھا جائے۔ 2/188

35۔ مسلمان اللہ سے ڈرتا ہے اس نے جان لیا ہے کہ اللہ ڈرنے والوں کے ساتھ ہے۔ 2/194

36۔ مسلمان جانتا ہے کہ اللہ کی راہ میں خرچ کرنا چاہیے وہ خود کو ہلاکت میں نہیں ڈالتا اور لوگوں سے نیک سلوک کرتا ہے۔ 2/195

37۔ ایسا کبھی نہیں ہوتا کہ مسلمان سے کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو غرور وتفاخر (احساس برتری) اسے گناہ میں ڈال دے۔ 2/206

38۔ مسلمان اسلام میں پورا پورا داخل ہوتا ہے۔ (اپنے فائدے کے حساب نہیں) اسے علم ہے کہ ایسا نہ کرنا شیطان کے نقش قدم پر چلنا ہے۔
2/208

39۔ مسلمان جانتا ہے کہ اللہ نے اپنے رسول ﷺ سے فرمایا ''لوگ تم سے پوچھتے ہیں کہ (خدا کی راہ میں) کس طرح کا مال خرچ کریں۔ کہہ دو کہ (جو چاہو خرچ کرو) لیکن جو مال خرچ کرنا چاہو وہ (درجہ بدرجہ اہل استحقاق) یعنی ماں باپ کو اور قریب کے رشتہ داروں کو اور یتیموں اور محتاجوں کو اور مسافروں کو (سب کو دو) اور جو بھلائی تم کرو گے اللہ اس کو جانتا ہے''۔
2/215

(جاری ہے)

دیکھ کر نہیں چل سکتے اندھے ہو گیا؟

بسلسلہ اصلاحِ معاشرہ

ارسلان زور سے دھاڑا۔ ہسپتال کے گیٹ سے نکلتے وقت اپنی پریشانی میں مگن وہ میلے کچیلے لباس میں ملبوس ایک نوجوان سے ٹکرا گیا تھا۔ ایک تو سیاہ رنگت جو ارسلان کو ویسے ہی سخت ناپسند تھی، اوپر سے اس کا لباس۔ لگ رہا تھا کہ وہ کسی گاڑیوں کی ورکشاپ میں کام کرتا تھا۔

اتنے بڑے ہسپتال میں بھی آ دھمکتے ہیں دو ٹکے کے یہ لوگ۔ ارے بابا! جاؤ کسی سرکاری ہسپتال میں، یہاں علاج کروانے والا تھو بڑا ہے کیا تمہارا؟ وہیں کھڑے کھڑے ارسلان نے اس نوجوان کو کھری کھری سنا دیں۔

اماں کے دل کی سرجری ہوئی تھی۔ کسی پیچیدگی کی وجہ سے خون زیادہ بہہ گیا تھا اور اب خون درکار تھا۔ ڈاکٹرز نے چند گھنٹوں کا وقت دیا تھا کہ اگر خون کا بندوبست ہو جائے تو جان بچ سکتی ہے۔ بدقسمتی سے اب پتہ نہیں اماں کا خون گروپ ایسا نایاب تھا یا ہسپتال کے پاس سٹاک نہیں تھا۔ بہر حال خون ہسپتال سے دستیاب نہیں ہوا۔

اچانک اسے اماں کی حالت یاد آئی تو وہ سب کچھ بھول بھال کر پھر باہر کی طرف دوڑا۔ تمام رشتہ داروں، دوستوں اور احباب کو خون کے لیے کہا تھا مگر عین وقت پر کسی کو کوئی بیماری نکل آئی تو کسی میں خون کم پڑ گیا۔ کوئی شہر سے باہر چلا گیا تو کوئی شہر میں ہوتے ہوئے بھی غائب ہو گیا۔

اب وہ قریب ہی واقع شہر کے سب سے بڑے بلڈ بینک کی طرف جا رہا تھا۔ اسے پوری امید تھی کہ وہاں سے تو خون مل ہی جائے گا۔ مگر وہاں پہنچنے پر بھی اسے انکار کا ہی سامنا کرنا پڑا۔ اس کا دل ڈوب رہا تھا۔ اماں کا چہرہ اس کی آنکھوں کے سامنے گھوم رہا تھا۔ فون کی گھنٹی بجی۔ دوسری طرف اس کی بیوی تھی۔ ''ارسلان! اماں کی حالت بگڑ رہی ہے۔ تم کہاں ہو؟'' کیا جواب دیتا وہ۔

اچانک اسے اپنے ماموں کا خیال آیا۔ اماں کا اور ان کا خون گروپ ایک ہی تھا۔ لیکن پچھلے دس سال سے ان کی اور اماں کی بول چال نہیں تھی۔ ارسلان نے سوچا شائد بہن کی حالت کا سن کر بھائی کا دل نرم پڑ جائے۔ ساتھ ہی اس نے ماموں کا نمبر ڈائل کیا۔ ایک دو دفعہ گھنٹی بجنے کے بعد دوسری طرف سے ماموں کی آواز آئی ''ارے ارسلان بیٹا'' خلاف توقع ماموں کا لہجہ نہایت نرم تھا۔ ''کیا ہوا، بیٹے خیر تو ہے ناں؟'' ارسلان نے ساری بات بتا دی۔ ماموں بولے تم فکر نہ کرو بیٹے۔ میں اپنے بیٹے کو ابھی بھیجتا ہوں۔ اس کا بھی یہی خون گروپ ہے۔ اللہ نے چاہا تو سب ٹھیک ہو گا۔ اس نے فون بند کیا اور ہسپتال کی طرف واپس چل پڑا۔ ابھی آدھے راستے میں ہی تھا کہ اس کی بیوی کا فون پھر آ گیا۔ یا اللہ خیر، ارسلان کے دل سے دعا نکلی۔ اس کی بیوی کہہ رہی تھی کہ خون کا بندوبست ہو گیا ہے۔ تم آ جاؤ جلدی سے۔

ماموں کا لڑکا پہنچ گیا ہو گا؟ اس نے سوچا اور تشکر سے اس کی آنکھیں بھیگ گئیں۔ اسے یوں محسوس ہوا کہ جیسے تپتے صحرا میں ٹھنڈی ہوائیں چلنا شروع ہو گئی ہوں۔ من کر رہا تھا اس فرشتہ صفت کے پاؤں میں بیٹھ جائے۔ دل ہی دل میں وہ ماموں کا مشکور ہو رہا تھا کہ فون کی گھنٹی بجی۔ یہ ماموں تھے۔ فون کان سے لگاتے ہی اس نے ماموں کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے خون کا بندوبست کر دیا تھا۔ دوسری طرف سے ماموں حیران ہو کر بولے ''نہیں بیٹا! میں نے تو تمہیں اس لیے فون کیا تھا کہ میرے لڑکے نے ابھی ایک مہینہ پہلے ہی کسی کو خون دیا ہے، اس لیے وہ نہیں آ سکے گا''۔

بہر حال خوشی کی بات ہے۔ اگر خون کا بندوبست ہو گیا ہے تو۔ ہم شام کو چکر لگائیں گے۔ ''یا اللہ! پھر یہ فرشتہ کون ہے؟'' انہی سوچوں میں گم وہ ہسپتال پہنچ گیا۔ آتے ہی سب سے پہلے خون عطیہ کرنے والے کمرے میں گیا۔ وہاں موجود عملے سے اس نے پوچھا ''اماں کو خون دینے والے صاحب کہاں ہیں؟'' کاؤنٹر پر بیٹھے شخص نے ایک بیڈ کی طرف اشارہ کیا۔ جونہی ارسلان کی نظر اس بیڈ پر پڑی، وہ سُن ہو کر رہ گیا۔ اس کی ٹانگوں میں جیسے جان ہی نہ رہی۔ یہ وہی میلے کچیلے لباس میں ملبوس سیاہ رنگت والا دو ٹکے کا نوجوان تھا۔ کانپتی ٹانگوں کے ساتھ وہ اس کی طرف بڑھا۔

تم، کیسے، کس نے تمہیں...... بے ربط سے الفاظ اس کے منہ سے نکلنے لگے۔ اس نوجوان نے اسے بتایا کہ ''ارسلان کا کوئی دوست اس (بقیہ ص 58)

معروف روحانی اسکالر علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری صاحب کی اب تک شائع ہونے والی کتب کی تفصیل

نمبر شمار	نام کتاب	موضوع کتاب	قیمت
1	ردسحر حصہ اول (نیا اضافہ شدہ ایڈیشن)	سحر، جادو، ٹونہ، مسان، کالے علم اور تعویذات کے بداثرات کو ختم کرنے کے مستند طریقہ عملیات پر مبنی لاثانی تصنیف	350
2	ردسحر حصہ دوم	جادوٹونہ، کالے علم، سفلی اعمال، بیر، کلوا کی چوکی اور گنڈا مسان کے بداثرات کو جڑ سے ختم کر دینے والے قوی الاثر اعمال پر انمول تصنیف	125
3	ردسحر حصہ سوم	برسوں کے لاعلاج مسحور ومعقود افراد کے لیے اک مژدہ جانفزا، ردسحر کے مجرب ومستند ترین نقوش پر مشتمل لاثانی تصنیف۔ کالے علم، جادوٹونہ، سفلی اعمال کی چیرہ دستیوں اور ستم نوازیوں نیز گنڈا مسان کے بداثرات کو جڑ سے ختم کرنے کے لیے اک ضرب کلیمی	250
4	آسیبی قوتوں سے نجات	ارواح خبیثہ، جنات، بھوت پریت کی شرانگیزیوں سے تحفظ اور تمام تر آسیبی امراض کے شافی وکافی علاج پر لاجواب وبے مثال شہرہ آفاق تصنیف	100
5	چھو منتر (نیا اضافہ شدہ ایڈیشن)	سینہ بسینہ منتقل ہونے والے منتروں کے سربستہ رازوں کا انکشاف۔ محبوب ومطلوب کو مسخر ودیوانہ بنانے اور موہ لینے کے صدری گر جو چھو منتر میں ہی آپ کو مل سکیں گے	300
6	فیضان القرآن	تسخیر خلائق، فتوحات، شفاءالامراض، قضائے حاجات، تسخیر ارواح، حل المشکلات، غلبہ بر دشمنان، عزت وتوقیر، ترقی روزگار اور کامیابی وکامرانی کے مجرب قرآنی اعمال ونقوش پر لاجواب وشہرہ آفاق تصنیف	300
7	مصباح الارواح	اشارات ونظارات، حاضرات الارواح، تسخیر موکلات وجنات، ملکۃ الجنات وشاہ جنات، تسخیر پریاں، شیاطین، تسخیرات ارواح خبیثہ سفلیہ، تسخیر ملوک سبعہ اوران کی عفریت وذریت کے مستند اعمال پر لاجواب وشہرہ آفاق لاثانی تصنیف	200
8	روحانی خطوط	عاملین وکاملین اور نامور حکماء کرام کے خاص الخاص عملیات وتعویذات اور مجربات کا گلدستہ جو انہوں نے اپنے خاص احباب کو بذریعہ خط عطا فرمایا	225
9	عکس لوح محفوظ	حروف مقطعات نورانیہ کی عالمانہ، صوفیانہ، محققانہ شرح وتشریح، تفسیر ومعانی اور حروف نورانیہ سے متعلقہ زکوٰۃ کے مستند طریق، شرف کواکب اور شعبہ ہائے زندگی کے مسائل کے حل سے متعلقہ مختلف اعمال ونقوش وتعویذات اور علم لدنی کے مخفی رازوں پر مشتمل بے مثال ولاجواب تصنیف	300
10	فیضان الحروف	حروف ابجد سے کام لینے کے سری قوانین، حروف کی حقیقت، تاثیر، خواص وافعال، قوت جاذبہ، روحانیات اور طلسمات، اعمال ونقوش اور الواح پر مبنی لاثانی وانمول تصنیف	350
11	ریکی ہیلنگ کورس	کائناتی شفاء انرجی ''متبادل طریقہ علاج'' جو جسمانی، روحانی، ذہنی اور نفسیات امراض کے لیے پوری دنیا میں جاری وساری ہے۔ ریکی ہیلنگ پر اردو میں پہلی بے مثال لاثانی تصنیف	200
12	پیرانارمل علوم کا خلاصہ	ہپناٹزم، یوگا، کلر تھراپی، اروماتھراپی، میگنٹ تھراپی، مائنڈ پاور، چی پاور، این ایل پی اور دیگر ماورائی علوم پر مستند تحقیقی مضامین پر مبنی اردو میں پہلی تصنیف	250
13	معراج معرفت	طالب عشقِ حقیقی، سلوک ومعرفت، طالب مولیٰ، راہ فقر کے مسافر اور راہِ طریقت پر گامزن ہونے والے مبتدی حضرات کے لیے مشعل راہ، خضر نما، پیر کامل کا درجہ رکھنے والی لاثانی تصنیف لطیف	200
14	شاہراہ طریقت	اکابر اولیاء کرام کی تعلیمات پر مبنی بصیرت افروز مرقع، مرشدان طریقت کے لیے پیر کامل کا درجہ رکھنے والی تصنیف	250
15	جہانِ تصوف	تصوف کی دنیا میں ایک گراں قدر اضافہ جسے رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا۔ تصوف کے انمول موتیوں کا ایک خوبصورت گلدستہ جس کی خوشبو ہر صوفی وسالک کی روح کو معطر کرتی ہے	300
16	کلید رموز مخفی	زمانہ قدیم کی عبرانی، سریانی اور عربی نایاب دعوات مثلاً دعوت برہتیہ، دعوت جلجلوتیہ، دعوت خلخلۃ الھوا، دعوت قسم ناصور، دعائے قرشیہ، دعائے بشمخ، دعائے عجیب الاثر، حاضری مطلوب اور تسخیر مطلوب کے اعمال، اسمائے شمخیثہ اور دعوت صدریہ کی تشریح شرح وضاحت اور ان کے نایاب ترین اعمال۔ ارسال ہاتف اور تسخیر ارواح کے صدری اعمال اور طلسمات، ابن عربی وابن سیناء پر مبنی ایک ایسی تحقیق جسے آنے والی کئی صدیوں تک یاد رکھا جائے گا۔ رُوحانی علوم وفنون کے وہ مخفی خزینے جن کی مشتاقانِ رُوحانیت کو برسوں سے تلاش تھی۔	500
17	مکاشفات اسرار	علوم مصریہ، بابلیہ، یونانیہ اور عربیہ کے تناظر میں اسرار الحروف، الواح، الجواہر، علم الاوفاق، جفر الآثار اور ریاضات ودعوات پر مبنی جامع الفوائد ونادر کتاب (مصنف: فقیر غلام رسول عاکف نقشبندی، لاڑکانہ)	360
	مکمل سیٹ 17 کتب		4360

بذریعہ ڈاک کتب منگوانے پر ڈاک خرچہ الگ ہے

خیر اندیش

علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری

ادارہ فیضان روحانیات پاکستان، اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ پنجاب

0333-6974734, 0300-4967412

سات سلام اور چہل کاف کے عامل بنیں

تعارف سات سلام اور چہل کاف کا عمل ''پیرانِ پیر غوثِ اعظم حضرت شاہ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ'' سے منقول ہے۔ یہ عمل سایہ اور جادو کا خاص توڑ ہے۔ اس عمل کا عامل بننے کے لئے صرف اجازت کی ضرورت ہے۔ اجازت نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے۔ اجازت حاصل کرنے کے بعد اس عمل کے ذریعے سے جنات، جادو ٹونہ اور نظرِ بد کا علاج کیا جا سکتا ہے۔ چہل کاف کے عامل اور اہلِ خانہ پر جادو اور سایہ اثر نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سب محفوظ رہتے ہیں بشرطیکہ وہ اجازت لیتے وقت پہلے سے جادو اور جنات کے مریض نہ ہوں۔

کل چھ درجوں کی زکوٰۃ دے سکتے ہیں۔ 5100 روپے میں پہلے تین درجوں کی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔

چہل کاف وہ عمل ہے جو عاملین میں بہت مقبول ہے۔ دنیا کا شاید ہی کوئی جائز کام ایسا ہو، جو اس عمل سے ممکن نہ ہو۔ شرط یہ ہے کہ اس عمل کا ماہرانہ استعمال کرنا آتا ہو۔ اسلحہ تو بہت لوگوں کے پاس ہوتا ہے مگر اچھی طرح چلانا کسی کسی کو ہی آتا ہے۔ یہی روحانی اسلحہ کا بھی معاملہ ہوتا ہے۔ اگر اسلحہ کو صحیح استعمال نہ کرنا آتا ہو یا پھر بوقت ضرورت پاس نہ ہو، بیشک سامنے رکھا ہو، تو دشمن مار جائے گا۔ اس لئے دنیاوی اسلحہ کی طرح روحانی اسلحہ کو بھی ہر وقت لوڈ ڈ رکھنا چاہئے تاکہ بوقت ضرورت فوری استعمال کیا جا سکے۔

اجازت لینے کے بعد کیا حاصل ہوگا اس عمل کے لئے کسی چلہ کشی کی شرط نہیں ہے۔ اجازت لینے کے بعد آپ کو سات سلام اور چہل کاف کی ایک معمولی تعداد روزانہ (جب تک عمل رکھنا چاہیں) پڑھنی ہوتی ہے۔ اس کے پڑھنے سے آپ کی روزانہ حاضری لگتی رہے گی اور اس عمل کے پیچھے جنات آپ کی بوقت ضرورت مدد کریں گے۔ اس عمل کے پیچھے چونکہ جنات کی ایک بڑی تعداد ہے، اور وہ سب ہی جادو اور جنات کے علاج کرنے میں ماہر ہونے کے ساتھ دیگر دنیاوی کاموں میں بھی معاون ہوتے ہیں۔ اس لئے روزانہ پڑھتے رہنے سے وہ بھی مدد کو تیار رہتے ہیں۔

اس کی مثال ایسی ہے کہ جب پولیس کی ضرورت پڑتی ہے تو 15 پر کال کی جاتی ہے۔ کون آتا ہے؟ اس کا کوئی نہیں سوچتا، بس آنا چاہئے۔ اسی طرح جب اجازت یافتہ پڑھتا ہے تو اس کی کال بھی چہل کاف والوں کو جاتی ہے اور وہ آتے ہیں اور جس کام کے لئے پڑھا گیا ہوتا ہے، اس میں معاونت کرتے ہیں۔ اگر کسی کی نظر کھلی ہو تو اس کو جنات واضح نظر بھی آتے ہیں۔

اجازت کون لے روحانی معالجین، مشائخ اور پیر حضرات، ایسے مریض جو عرصہ سے جادو اور جنات کی پکڑ میں ہوں، جو لوگ اپنی اور اپنے گھر والوں کی جادو اور جنات سے حفاظت چاہتے ہوں، جادو اور جنات سے متاثرہ لوگوں کا علاج سیکھ کر علاج کرنے والے افراد، خود کو اور اپنے گھر والوں کو جادو اور جنات سے خود عمل کر کے نجات دلانے والے افراد۔

اجازت کے لیے اہلیت اس عمل کی اجازت ہر کوئی لے سکتا ہے۔ اجازت لینے والے کا فنِ عملیات سے پہلے سے واقف ہونا بھی ضروری نہیں۔ بالغ مرد اور عورت اجازت لے سکتے ہیں۔

اجازت لینے کا طریقہ اس عمل کی اجازت چونکہ نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے، اس لئے جو بھی اجازت لینا چاہے، وہ نقد ھدیہ ادا کر کے اجازت لے سکتا ہے۔

نقد ھدیہ مع اعمال کی کاپی -/5100 روپے، علاوہ ڈاک خرچ

رابطہ روحانی درگاہ ناظم: 0346-4661681 نائب ناظم: 0345-4661681 فون: 042-35410586 0320-4661681

جماعت العاملین کی تجدید نو! اہم اطلاع

جماعت العاملین دارالعمل چشتیہ کے ماہر روحانی معالجین پر مشتمل ایک مضبوط، منظم، متحرک، فعال اور تجربہ کار جماعت ہے۔ جس کا منشور سخت ترین جادو، جنات سے لوگوں کو نجات دلانا ہے۔ جادو جنات بھی وہ کہ جس کو لوگ کہیں کہ ''سر چڑھ کر بولے''، یعنی جادو جنات کا کھلم کھلا اظہار ہو رہا ہو۔ بڑی بڑی نشانیاں اور علامات ظاہر ہوتی ہوں۔ معاملات کسی بھی طریقے سے عاملین کے کنٹرول میں نہ آرہے ہوں۔ بالآخر لوگ فیکٹریاں، کارخانے، شادی ہال، کوٹھیاں، بنگلے، ہوٹل، ادارے، فارم ہاؤس وغیرہ تنگ آکر بند کرنے پر مجبور ہو گئے ہوں۔ ایسے تمام کیسز اور معاملات کی صورت میں اندرون ملک وبیرون ممالک کیلئے جماعت العاملین کی خدمات حاضر ہیں۔

جماعت العاملین میں شمولیت کی مختصر شرائط

- ✓ تمام معالجین کیلئے ہماری روحانی درسگاہ کا طالب علم ہونا ضروری ہے۔
- ✓ تمام بڑے بڑے روحانی اعمال کا اجازت یافتہ ہونا ضروری ہے۔
- ✓ تمام اعمال کی بڑی ریاضت (چلہ کشی) کا کیا ہونا ضروری ہے۔
- ✓ جادو، جنات کے علاج میں کامل مہارت کا ہونا ضروری ہے۔
- ✓ سخت سے سخت اثرات پر قابو پانے کا تجربہ ہونا ضروری ہے۔
- ✓ روحانی معالج کا خود اثرات، رجعت وغیرہ سے صاف ہونا ضروری ہے۔
- ✓ جماعت العامین میں شمولیت کیلئے دارالعمل چشتیہ کی مجلس شوریٰ کو اپنا تفصیلی انٹرویو دینا سب سے اہم اور ضروری ہے۔

جماعت العاملین کا نیٹ ورک وسیع اور ملک بھر کے ہر شہر، تحصیل، ضلع، ڈویژن اور تمام صوبوں میں فعال کیا جارہا ہے۔ جماعت العاملین میں شمولیت کے خواہشمند ماہر روحانی معالجین تمام تر معلومات کیلئے دارالعمل چشتیہ سے رابطہ فرمائیں۔ شکریہ۔

منجانب ناظم جماعت العاملین، دارالعمل چشتیہ لاہور۔ رابطہ 0346-4661681